تصدیق شدہ اشاعت
گجرات، گوجرانوالہ، لاہور، اسلام آباد، خیبر پختونخوا کا واحد ترجمان منفرد روزنامہ اخبار
DAILY POWER OF PAKISTAN ISLAMABAD
★★★ ہر خبر آپ تک ★★★
روزنامہ
پاور آف پاکستان
اسلام آباد
چیف ایڈیٹر: مرزا احمد علی
Power of Pakistan News Agency
powerofpakistannewsagency.online
جلد نمبر 02 | جمعۃ المبارک 13 مارچ 2026، 23 رمضان المبارک 1447ھ | صفحات 08 قیمت 20 روپے | شمارہ نمبر 210

اسلحہ نمائش، ناجائز استعمال روکنے کیلئے جامع ایکٹ تیار

مریم نواز نے ناجائز اسلحہ کے خاتمے کی ذمہ داری سی سی ڈی کو سونپ دی

مریم نواز نے عید الفطر کے بعد اسلحہ کلچر کے خاتمے کے لئے بھرپور مہم کا حکم دیدیا۔ اس سلسلے میں پنجاب میں پہلی مرتبہ اسلحہ نمائش اور ناجائز استعمال کے سدباب کے لیے جامع ایکٹ تیار کرلیا گیا

انٹیک اسلحہ گھر میں آویزاں کرنے کے لئے بھی خصوصی اجازت نامہ درکار ہوگا۔ نئے ایکٹ کے نفاذ کے بعد ناجائز اسلحہ سی سی ڈی کو جمع کرانا ہوگا جبکہ لائسنس یافتہ اسلحہ بردار شہری کو بھی اسلحہ رکھنے کی معقول وجہ بیان کرنا ہوگی

اسلام آباد: وفاقی وزیر قانون وانصاف سینیٹر اعظم نذیر تارڑ نے نارووال، لودھراں، جھنگ اور حافظ آباد بار ایسوسی ایشنز کے صدور، نومنتخب کابینہ کے اراکین اور دیگر عہدیداران سے ملاقات کی

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے ناجائز اسلحہ کے خاتمے کی ذمہ داری سی سی ڈی کو سونپ دی۔ مریم نواز نے عید الفطر کے بعد اسلحہ کلچر کے خاتمے کے لئے (بقیہ نمبر 1)

کفایت شعاری مہم، سپیکر ملک احمد خاں کا اپنی تنخواہ نہ لینے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں بھی قومی سطح پر جاری کفایت شعاری مہم کے (بقیہ نمبر 2)

صیہونیوں نے امریکی صدر ٹرمپ کو ایران سے جنگ کیلئے ٹریپ کرلیا، لیاقت بلوچ

لاہور (این این آئی) نائب امیر جماعت اسلامی، سیکرٹری جنرل ملی یکجہتی کونسل لیاقت بلوچ (بقیہ نمبر 3)



لاہور: مسلم لیگ (ن) کے صدر محمد نواز شریف اور وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز سے ازبکستان کے صوبے تاشقند کے گورنر زویئر مرزا ایوف وفد کے ہمراہ ملاقات کر رہے ہیں۔

پنجاب حکومت کا پرائس کنٹرول اینڈ کموڈیٹیز مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی تنظیم نو کا فیصلہ

نئے انتظامی ڈھانچے سے ذخیرہ اندوزی اور گرانفروشی کے خلاف مشترکہ کارروائی ممکن ہوگی، حکام

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے پرائس کنٹرول اینڈ کموڈیٹیز مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ کی تنظیم نو کا فیصلہ کرلیا۔ پنجاب حکومت نے پرائس کنٹرول اینڈ کموڈیٹیز مینجمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے ڈھانچے کو مزید موثر بنانے اور مارکیٹ میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی نگرانی کے نظام کو مضبوط کرنے کے لیے ادارہ جاتی اصلاحات کی تجویز تیار کرلی ہے۔ حکام کے مطابق محکمہ پرائس کنٹرول کے موجودہ ڈھانچے میں اصلاحات (بقیہ نمبر 6)

تمام میڈیکل اور ڈینٹل کالجز کو طلبہ کی لازمی رجسٹریشن کا حکم

پی ایم ڈی سی کا میڈیکل اور ڈینٹل کالجز پر جرمانے عائد کرنے کا فیصلہ

لاہور (این این آئی) پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل نے ملک بھر کے میڈیکل اور ڈینٹل کالجز کو داخل شدہ ہر طالبعلم کی لازمی رجسٹریشن یقینی بنانے کا حکم دے دیا۔ قواعد کی خلاف ورزی پر بھاری جرمانوں اور دیگر سخت کارروائیوں کا فیصلہ بھی کرلیا۔ مراسلے کے مطابق تمام (بقیہ نمبر 4)

چین میں تربیت مکمل، پاکستانی زرعی ماہرین نے مہارتوں کی منتقلی شروع کردی

فیصل آباد (این این آئی) چین میں اعلیٰ تربیت مکمل کرنے والے پاکستانی (بقیہ نمبر 5)

خطے کے دیگر ممالک کیساتھ تنازع میں پڑنے کا کوئی ارادہ نہیں

ایرانی صدر کی شہباز شریف سے گفتگو

پاکستان خطے میں امن، استحکام اور کشیدگی کے خاتمے کے لیے سفارتی کوششوں اور مذاکرات کو ناگزیر سمجھتا ہے، اس بات پر زور دیا کہ موجودہ حالات میں تمام فریقین کو تحمل اور ذمہ داری کا مظاہرہ کرنا چاہیے

پاکستان برادر اسلامی ملک ایران کے ساتھ اپنے تاریخی، مذہبی اور ثقافتی تعلقات کو انتہائی اہمیت دیتا ہے اور دونوں ممالک کے درمیان دوطرفہ تعاون کو مزید مضبوط بنانے کا خواہاں ہے

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران کا خطے کے دیگر ممالک کے ساتھ کسی تنازع میں پڑنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ ایرانی میڈیا کے مطابق ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے وزیر اعظم شہباز شریف سے گفتگو کی ہے۔ دوران گفتگو مسعود پزشکیان نے کہا کہ عالمی برادری جنگ کے ذمہ داروں پر توجہ نہیں دیتی تو عالمی نظام اور سکیورٹی کو سنگین خطرات ہو سکتے ہیں۔ ایرانی صدر کا کہنا تھا کہ ایران کا خطے کے دیگر ممالک کے ساتھ کسی تنازع میں پڑنے کا کوئی ارادہ نہیں ہے۔ وزیر اعظم نے گفتگو کے دوران خطے میں حالیہ کشیدہ صورتحال پر تشویش (بقیہ نمبر 37)

اسحاق ڈار کا کویتی ہم منصب سے رابطہ، خطے کی صورتحال پر تبادلہ خیال

خطے میں حالیہ پیشرفت، بشمول کویت پر حملوں پر گہری تشویش کا اظہار [اسحاق ڈار کا کویت کی قیادت اور عوام سے اظہار یکجہتی

اسلام آباد (این این آئی) نائب وزیر اعظم اور وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے کویت کے وزیر خارجہ شیخ جاراح جابر الاحمد الصباح سے ٹیلی فونک رابطہ کیا ہے۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق دونوں رہنماؤں نے خطے میں حالیہ پیشرفت، بشمول کویت پر حملوں پر گہری تشویش کا اظہار (بقیہ نمبر 7)

وزیر اعلیٰ مریم نواز کی مساجد میں معتکفین کی سکیورٹی کیلئے بھی خصوصی اقدامات کی ہدایت

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے یوم شہادت حضرت علی کرم اللہ وجہہ پر فول پروف سکیورٹی انتظامات (بقیہ نمبر 8)

لاہور سینئر صوبائی وزیر مریم اورنگ مایہ کاری اور دوطرفہ مقام کے مشترکہ منصوبوں میں باہمی تعاون بڑھانے کے حوالے سے ازبکستان کے ناشتند ریجن کے گورنر زور طائیر ووچ مرزا ایف سے گفتگو کر رہی ہیں۔

لاہور، سیالکوٹ موٹروے کو 2 سے 3 لین کرنے کی منظوری، جلد کام شروع ہوگا

کرتار پور اور ننکانہ صاحب کے شہروں کو موٹروے سے منسلک کرنے کا فیصلہ

اسلام آباد (این این آئی) لاہور، سیالکوٹ موٹر وے کو 2 سے 3 لین کرنے کی منظوری دے دی گئی، جلد کام شروع ہو گا۔ وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان کی زیر صدارت نیشنل ہائی وے اتھارٹی کا اعلیٰ سطح کا اجلاس منعقد ہوا جس میں ملک کے موٹروے نیٹ ورک کے (بقیہ نمبر 9)

موجودہ دور میں جنگیں صرف سرحدوں تک محدود نہیں رہیں، فیصل کریم کنڈی

اسلام آباد (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے کہا ہے کہ موجودہ دور میں جنگیں (بقیہ نمبر 13)

تاریخ میں کبھی نہیں ہوا، کسی نے ٹرسٹی کو کہا ہو کہ آپ اونرشپ لیں، بیرسٹر گوہر

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین پاکستان تحریک انصاف بیرسٹر گوہر نے کہا ہے کہ تاریخ میں ایسا کبھی (بقیہ نمبر 12)

خطے کی موجودہ جنگی صورتحال پر قوم کو متحد ہونے کی ضرورت ہے، سردار سلیم حیدر خان

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا ہے کہ خطے کی موجودہ جنگی صورتحال پر (بقیہ نمبر 11)

حکومت سٹیٹ بینک اور مالیاتی شعبے کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھے گی، وزیر خزانہ

مالیاتی استحکام کو یقینی بنانے کے لیے حکومت، سٹیٹ بینک اور بینکاری شعبے کے درمیان قریبی رابطہ ضروری ہے، محمد اورنگزیب کی پی بی اے وفد سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر خزانہ و محصولات سینیٹر محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ حکومت بدلتی ہوئی صورتحال کے مطابق بروقت اور مربوط ردعمل دینے کے لیے سٹیٹ بینک اور مالیاتی شعبے کے ساتھ قریبی تعاون جاری رکھے گی، مالیاتی استحکام کو یقینی بنانے کے لیے (بقیہ نمبر 14)

مشرق وسطی کی صورتحال، پاکستان سے مزید 84 پروازیں منسوخ

کراچی، اسلام آباد اور لاہور ایئرپورٹس سب سے زیادہ متاثر، 12 روز میں منسوخ پروازوں کی تعداد 1308 تک پہنچ گئی

سلام آباد/لاہور/کراچی (این این آئی) مشرق وسطی کی صورتحال کے باعث پاکستان کے مختلف ایئرپورٹس سے گزشتہ روز بھی خلیجی ممالک کے مختلف سٹینز کی 84 پروازیں منسوخ ہوگئیں۔ رپورٹ کے مطابق کراچی ایئرپورٹ سے مشرق وسطی کی 20 پروازیں منسوخ ہوئیں جبکہ اسلام آباد ایئرپورٹ سے 18 پروازیں منسوخ کی گئیں، اس کے علاوہ لاہور ایئرپورٹ پر 18 پروازیں، پشاور ایئرپورٹ پر 16، ملتان ایئرپورٹ پر 4 اور سیالکوٹ ایئرپورٹ پر (بقیہ نمبر 15)

راجہ پرویز اشرف سے پارٹی رہنماؤں کی ملاقات

لاہور (این این آئی) سابق وزیر اعظم اور پاکستان پیپلز پارٹی وسطی پنجاب کے صدر راجہ پرویز اشرف سے انکی اپنی رہائش گاہ پر ڈویژنل صدر پی پی سرگودھا تسنیم قریشی، ڈسٹرکٹ صدر امتیاز صفدر وڑائچ، نائب صدر اقلیتی ونگ وسطی پنجاب ایڈون سہوترا اور دیگر نے ملاقات (بقیہ نمبر 16)

اسلام آباد: وفاقی وزیر برائے مواصلات عبدالعلیم خان کی زیر صدارت نیشنل ہائی وے اتھارٹی کا اعلیٰ سطحی اجلاس۔

بھارت طویل عرصے سے خطرناک کھیل کھیل رہا ہے، عاصم افتخار

افغانستان کے نام نہاد نمائندے حقیقت میں کسی کی نمائندگی نہیں کرتے، یہ صرف اپنے آپ کی نمائندگی کرتے ہیں، کرارا جواب

نیویارک (این این آئی) اقوام متحدہ میں پاکستانی مندوب عاصم افتخار نے کہا ہے کہ بھارت طویل عرصے سے خطرناک کھیل کھیل رہا ہے۔ اقوام متحدہ میں بھارت اور افغان نمائندوں کے بیانات پر جواب میں عاصم افتخار نے کہا کہ افغانستان کے نام نہاد نمائندے حقیقت میں کسی کی نمائندگی نہیں کرتے۔ انہوں نے کہا کہ یہ صرف اپنے آپ کی نمائندگی کرتے ہیں، بھارت ہمیشہ افغانستان میں تخریب کاری کا کردار ادا کرتا (بقیہ نمبر 28)

گوگل نے پاکستان میں نیا اے آئی پروفیشنل سرٹیفکیٹ پروگرام متعارف کرادیا

کراچی (این این آئی) گوگل نے پاکستان کے لیے، گوگل اے آئی پروفیشنل سرٹیفکیٹ کے آغاز کا اعلان کیا ہے، جو انڈسٹری سے منظور شدہ ایک نیا سرٹیفکیٹ پروگرام ہے۔ اس پروگرام کا مقصد مصنوعی ذہانت (AI) کی مہارتوں میں تیزی سے بڑھتے ہوئے خلا کو کم کرنا ہے۔ بنیادی نظریات سے آگے، یہ پروگرام روانی کے (بقیہ نمبر 29)

چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت ساہیوال میں نئی سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے امور بارے جائزہ اجلاس

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین کی زیر صدارت پبسک ہاؤس میں اہم اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں ساہیوال میں نئی سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے امور کا جائزہ لیا گیا۔ نئی سمال انڈسٹریل اسٹیٹ کے قیام کے لئے زمین کے انتخاب کے حوالے سے مختلف آپشنز پر غور کیا گیا۔ صوبائی وزیر صنعت و تجارت چوہدری شافع حسین نے (بقیہ نمبر 30)

ایندھن بچت پالیسی، لاہور ہائیکورٹ کا ہفتے میں چار دن کام کرنے کا فیصلہ

نئے کیسز دائر کرنے کیلئے ارجنٹ سیل پیر سے جمعرات 50 فیصد اسٹاف سے کام کریگا، نوٹیفکیشن

لاہور (این این آئی) ایندھن کی بچت پالیسی کے تحت لاہور ہائیکورٹ اور ماتحت عدلیہ ہفتے میں چار دن کام کرے گی۔ نوٹیفکیشن کے مطابق لاہور ہائیکورٹ اور صوبے کی ماتحت عدالتوں میں پیر سے جمعرات تک کام ہوگا، جمعہ اور ہفتہ صرف دس فیصد اسٹاف کے ساتھ کام ہوگا۔ نئے کیسز دائر کرنے کے لئے ارجنٹ سیل پیر سے جمعرات 50 فیصد اسٹاف سے کام کرے، اسکیورٹی اور صفائی کا عملہ پورا ہفتہ اپنے شیڈول کے تحت کام کرے گا، کسی بھی قسم کے اضافی پروٹوکول پر پابندی ہوگی۔

ایل پی جی قیمتوں میں اضافے سے متعلق گردش کرنے والی خبریں اور افواہیں بے بنیاد ہیں، اوگرا

ایل پی جی قیمت میں کسی نئے اضافے کا نوٹیفکیشن جاری نہیں ہوا، عوام اوگرا کی مقرر کردہ قیمتوں پر عملدرآمد یقینی بنائیں، ترجمان

کراچی (این این آئی) ترجمان اوگرا کی جانب سے ایل پی جی کی قیمتوں سے متعلق وضاحتی بیان جاری کردیا گیا اوگرا نے ایل پی جی قیمتوں میں اضافے سے متعلق گردش کرنے والی خبریں اور افواہیں بے بنیاد قرار دے دیں۔ ترجمان اوگرا کی جانب سے ایل پی جی کی قیمتوں سے متعلق وضاحتی بیان جاری کردیا گیا۔ اوگرا نے کہا کہ ایل پی جی کی قیمتیں صرف ہر ماہ کی یکم تاریخ سے مقرر کی جاتی ہیں، ترجمان اوگرا کے مطابق اوگرا کی جانب سے ایل پی جی قیمت میں کسی نئے (بقیہ نمبر 17)

برطانوی ہائی کمشنر محترمہ جین میریٹ نے اسلام آباد میں وفاقی وزیر دفاع خواجہ محمد آصف سے ملاقات کی۔

حضرت علی کی شجاعت، بہادری اور انکی تعلیمات ہمارے لئے مشعل راہ ہیں، عظمی بخاری

پنجاب پولیس کی فول پروف سکیورٹی، عزاداروں کے تحفظ کو یقینی بنایا گیا ہے: وزیر اطلاعات پنجاب کا پیغام

لاہور (این این آئی) وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے یوم شہادت حضرت علی رضی اللہ عنہ کے موقع پر اپنے خصوصی بیان میں کہا کہ حضرت علیؓ کی شجاعت، بہادری اور جرات لازوال ہیں۔ انہوں نے کہا کہ حضرت علیؓ کی تعلیمات ہمارے لیے مشعل راہ ہیں اور رسول اللہ ﷺ نے حضرت علیؓ کو علم کا شہر قرار دیا۔ عظمیٰ بخاری نے مزید کہا کہ حضرت علیؓ کی طرز زندگی نے ہمیں کئی اہم سبق سکھائے ہیں اور (بقیہ نمبر 18)

لاہور ہائیکورٹ خاتون، اسکی فیملی کو سی سی ڈی کی جانب سے حراساں کرنے کا کیس نمٹا دیا

اگر آئندہ کسی قسم کا غیر قانونی اقدام سامنے آیا تو ذمہ دار افسران کیخلاف سخت کارروائی کی جائے گی، عدالت

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے سی سی ڈی کی جانب سے ایک خاتون اور اس کے اہل خانہ کو مبینہ طور پر ہراساں کرنے سے متعلق کیس سی سی ڈی افسران کی یقین دہانی کے بعد نمٹا دیا۔ جسٹس سردار اکبر علی ڈوگر نے سائلہ غلام فاطمہ کی درخواست پر سماعت کی۔ آر او سی سی ڈی لاہور آفتاب بھلر وان اور ایس پی سی سی ڈی ناصر عباس پنجوتا شامل تھے۔ اس موقع پر (بقیہ نمبر 19)

لاہور: صوبائی وزیر اوقاف و مذہبی امور چوہدری شافع حسین محکمہ اوقاف کے زیر اہتمام حضرت علی المرتضیٰ کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں۔

ملزم کی جیل سے رہائی کے بعد دوبارہ گرفتاری پر سی سی ڈی سمیت فریقین کو نوٹس جاری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائیکورٹ نے واضح احکامات کے باوجود شہری نعمان قیصر کو سی سی ڈی کی جانب سے دوبارہ گرفتار کرنے کے معاملے پر سی سی ڈی سمیت دیگر فریقین کو نوٹس جاری کر دیا۔ جسٹس جواد ظفر نے شہری آصفہ شاہین کی درخواست پر سماعت کی۔ درخواست گزار نے (بقیہ نمبر 20)

نادر علی نے ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر قصور کے عہدے کا چارج سنبھال لیا

قصور (این این آئی) محکمہ تعلقات عامہ، حکومت پنجاب کی ہدایت پر نئے تعینات ہونے والے ڈسٹرکٹ انفارمیشن آفیسر نادر علی نے باقاعدہ طور پر اپنے عہدے کا چارج سنبھال کر فرائض کی انجام دہی شروع کردی ہے۔ دفتر آمد پر محکمہ اطلاعات کے عملے نے ان کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں نئے عہدے کی مبارکباد پیش کی۔ چارج سنبھالنے کے بعد گفتگو کرتے ہوئے نادر علی کا (بقیہ نمبر 24)

ازبکستان کے اعلیٰ سطحی وفد کا لاہور چیمبر کا دورہ

لاہور (این این آئی) تاشقند ریجن کے گورنر زویر تویئر ووچ مرزا ایوف نے پاکستان اور ازبکستان کے درمیان معاشی تعاون کو نمایاں طور پر بڑھانے پر زور دیتے ہوئے کہا ہے کہ دونوں ممالک کے درمیان موجودہ 8.445 ملین ڈالر کی تجارت ان کی حقیقی صلاحیت کی عکاسی نہیں (بقیہ نمبر 26)

ازبکستان کے تاشقند ریجن کے گورنر کی قیادت میں اعلیٰ سطحی وفد کی لاہور آمد، مریم اورنگزیب نے استقبال کیا

وفد نے پنجاب بورڈ آف انویسٹمنٹ اینڈ ٹریڈ کا دورہ کیا، اقتصادی اور تجارتی تعاون کو فروغ دینے پر اتفاق

لاہور (این این آئی) ازبکستان کے تاشقند ریجن کے گورنر زویر طائیر ووچ مرزا ایف کی قیادت میں اٹھارہ رکنی اعلیٰ سطحی وفد تین روزہ دورے پر لاہور پہنچ گیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی جانب سے سینیٹر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے علامہ اقبال انٹرنیشنل ایئرپورٹ پر معزز وفد کا پرتپاک استقبال کیا۔ سینیٹر صوبائی وزیر مریم اورنگزیب نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی طرف سے گورنر زویر طائیر ووچ مرزا ایف اور ان کے ہمراہ آنے والے وفد کو خوش (بقیہ نمبر 25)

یوم شہادت حضرت علی، خواجہ سلمان رفیق، بلال یاسین کا محکمہ داخلہ مرکزی کنٹرول روم کا دورہ

صوبہ بھر میں جاری جلوسوں و مجالس کی لائیو مانیٹرنگ کا جائزہ لیا، سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی کی بریفنگ

لاہور (این این آئی) یوم شہادت حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے دوران قیام امن کے مشن کے سلسلے میں صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق نے محکمہ داخلہ مرکزی کنٹرول روم کا دورہ کیا۔ اس موقع پر بلال یاسین بھی موجود تھے۔ سیکرٹری داخلہ ڈاکٹر احمد جاوید قاضی نے مرکزی کنٹرول روم سے پنجاب بھر کی صورتحال بارے بریفنگ دی۔ کابینہ کمیٹی نے محکمہ داخلہ کنٹرول روم سے صوبہ بھر میں جاری جلوسوں و مجالس کی لائیو مانیٹرنگ کا جائزہ (بقیہ نمبر 31)

لاہور صوبائی وزیر و چیئرمین کابینہ کمیٹی برائے امن وامان خواجہ سلمان رفیق اور بلال یاسین محکمہ داخلہ کے مرکزی کنٹرول روم میں یوم علی کرم اللہ وجہہ کے جلوسوں و مجالس کی مانیٹرنگ کر رہے ہیں۔

42 وفات پانے والے لاکھ افراد کے شناختی کارڈ فعال نکلے، نادرا نے منسوخ کردیے

سول رجسٹریشن نظام اور نادرا کے نظام میں مطابقت کے بعد یہ ڈیٹا سامنے آیا، لواحقین نے نادرا سے رابطہ ہی نہیں کیا تھا

اسلام آباد (این این آئی) قومی شناختی نظام کی مکمل درستی کے لیے نادرا نے اہم قدم اٹھالیا، سول رجسٹریشن ریکارڈ اور قومی شہری ڈیٹا بیس کے درمیان مطابقت کا کام مکمل ہوگیا جس کے بعد 42 لاکھ ایسے شناختی کارڈ منسوخ کردیے گئے جن کے لواحقین نے کارڈ منسوخ نہیں کرایا تھا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق سول رجسٹریشن نظام اور نادرا کے نظام میں مطابقت کے بعد مرنے والے افراد کے شناخت کارڈ منظر عام پر (بقیہ نمبر 32)

لاہور: سیکرٹری اپنچ ایڈمنسٹریٹر اوقاف ڈاکٹر احسان بھٹہ، ایوان اوقاف میں حضرت سیدنا علی المرتضیٰ رضی اللہ عنہ کی یوم شہادت کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے خطاب کر رہے ہیں۔

پاکستان کے زرعی تحقیقاتی نظام میں جامع اصلاحات کا آغاز

تحقیق کو سائلوز سے آگے بڑھا کر کراس ڈسپلنری اپروچ اپنانا ہوگی، وفاقی وزیر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق رانا تنویر حسین نے ایک اعلیٰ سطحی اجلاس کی صدارت کی جس میں ڈاکٹر سید مرتضیٰ حسن اندرابی، چیئرمین پاکستان ایگریکلچر ریسرچ کونسل (PARC)، شریک تھے۔ اجلاس میں پاکستان کے قومی زرعی تحقیقاتی نظام میں جامع اصلاحات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ وزیر رانا تنویر حسین نے ملک بھر میں تحقیقاتی (بقیہ نمبر 23)

صوبائی وزیر ہاؤسنگ بلال یاسین سے ڈی جی پھاٹا سکندر ذیشان کی ملاقات

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر برائے ہاؤسنگ اینڈ اربن ڈویلپمنٹ بلال یاسین سے ڈی جی پھاٹا سکندر ذیشان نے ملاقات کی۔ اپنی چھت، اپنا گھر پروگرام اور محکمانہ امور بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ انہوں نے بتایا (بقیہ نمبر 22)

اوگرا کا ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے کی خبروں کی تردید

اسلام آباد (این این آئی) اوگرا نے ایل پی جی کی قیمتوں میں اضافے کی خبروں کی تردید کر دی۔ ترجمان اوگرا کے مطابق ایل پی جی کی نئی قیمتوں کا کوئی نوٹیفکیشن جاری نہیں ہوا، ایل پی جی کی قیمتیں ہر ماہ کی پہلی تاریخ کو مقرر کی جاتی ہیں۔ بیان کے مطابق (بقیہ نمبر 34)

گورنر سندھ کی وزیر اعظم کے فیصلوں کی تائید، تین ماہ کی تنخواہ دینے کا اعلان

اس وقت 50 ہزار بچے گورنر ہاؤس میں جدید آئی ٹی کورسز بالکل مفت حاصل کر رہے ہیں، 20 ویں افطار کے شرکاء سے خطاب

کراچی (این این آئی) گورنر سندھ کامران خان ٹیسوری نے کہا ہے کہ وہ وزیر اعظم کے فیصلے کی مکمل تائید کرتے ہیں اور اپنی تین ماہ کی تنخواہ دینے کے لیے بھی تیار ہیں۔ وزیر اعظم کے بروقت فیصلے قابل تحسین ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ہاؤس میں رمضان المبارک کے تحت منعقدہ ''امید رمضان'' کی 20 ویں افطار کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ (بقیہ نمبر 33)

الیکشن کمیشن نے اسلام آباد میں بلدیاتی انتخابات کیلئے کمیٹی تشکیل دے دی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن آف پاکستان نے وزارت داخلہ کی درخواست پر بلدیاتی انتخابات سے متعلق اہم فیصلہ کیا (بقیہ نمبر 35)

رائیونڈ، اڑھائی سالہ بچہ کھلے مین ہول میں گر کر جاں بحق، ڈی آئی جی آپریشنز کا نوٹس

مین ہول کھولنے کے الزام میں 2 افراد گرفتار، ملوث دیگر ذمہ داران کے تعین کے لیے تحقیقات جاری

لاہور (این این آئی) رائیونڈ کے علاقے میں اڑھائی سالہ بچہ کھلے مین ہول میں گر جاں بحق ہو گیا، ڈی آئی جی آپریشنز لاہور فیصل کامران نے واقعے فوری نوٹس لیتے ہوئے ایس پی صدر سے واقعہ کی فوری رپورٹ طلب کر لی اور کھلے مین ہول کے باعث پیش آنے والے (بقیہ نمبر 36)

کمشنر لاہور ڈویژن مریم خان، سی سی پی او بلال صدیق کمیانہ کے ہمراہ یوم شہادت حضرت علی کے مرکزی جلوس کے روٹ کا دورہ کر کے انتظامات کا جائزہ لے رہی ہیں۔

محنت کشوں کے بچوں کی تعلیم اور فلاح حکومت پنجاب کی ترجیح ہے، محمد منشاء اللہ بٹ

صوبائی وزیر لیبر و افرادی قوت محمد منشاء اللہ بٹ سے سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ کی ملاقات

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر لیبر و افرادی قوت محمد منشاء اللہ بٹ سے سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ ڈاکٹر مجتبیٰ بھروانہ نے ملاقات کی۔ اس موقع پر سیکرٹری ورکرز ویلفیئر فنڈ نے صوبائی وزیر کو محکمانہ کارکردگی اور جاری منصوبوں کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ کمالیہ اور جھنگ میں پنجاب کے محنت کشوں کے لیے جدید لیبر کالونیاں تعمیر کی جا رہی ہیں جبکہ ان منصوبوں کی جلد تکمیل کے لیے محکمہ ہاؤسنگ (بقیہ نمبر 27)

حکومت بلدیاتی نظام کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، ذیشان رفیق

ضلع اٹک اور تحصیل حضرو میں نکاسی آب اور سیوریج نظام کی بہتری کے لیے اہم منصوبے شروع کیے جا رہے ہیں، صوبائی وزیر

اٹک (این این آئی) صوبائی وزیر برائے لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ پنجاب ذیشان رفیق نے کہا ہے کہ حکومت پنجاب وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی قیادت میں شہری و دیہی علاقوں میں بنیادی سہولیات کی فراہمی اور بلدیاتی نظام کی بہتری کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے، پنجاب ڈویلپمنٹ پروگرام کے تحت ضلع اٹک اور تحصیل حضرو میں نکاسی آب اور سیوریج نظام کی بہتری کے لیے اہم منصوبے شروع کیے جا رہے ہیں۔

جامعات کو روایتی تدریسی طریقوں سے آگے بڑھ کر جدید تعلیمی ماڈلز اپنانا ہوں گے، پروفیسر ڈاکٹر بابر شہباز

آج کے پیشہ ورانہ ماحول میں صرف تعلیمی ڈگریاں کافی نہیں بلکہ عملی مہارتیں، قیادت کی صلاحیت اور اخلاقی اقدار بھی انتہائی اہم ہیں

سائیکل نہ صرف صحت مند زندگی کا ضامن ہے بلکہ سستے اور محفوظ سفر کا بہترین ذریعہ

مکو آنہ (این این آئی) سائیکل نہ صرف صحت مند زندگی کا ضامن ہے بلکہ سستے اور محفوظ سفر کا بہترین ذریعہ بھی ہے۔ موجودہ دور میں پیٹرول کی بڑھتی ہوئی قیمتوں نے عوام کو شدید مشکلات سے دوچار کر دیا ہے ایسے میں سائیکل کا استعمال ایک بہترین متبادل ثابت ہو سکتا ہے۔ کہ روزانہ سائیکل چلانے سے انسانی جسم متحرک رہتا ہے، دل کے امراض موٹاپا اور دیگر بیماریوں سے بچاؤ ممکن ہوتا ہے۔

لاہور: پنجاب یونیورسٹی کے پرو وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر خالد محمود اور چیف ایگزیکٹو آفیسر سٹیکان سید محمد شاہد مفاہمتی یادداشت پر دستخط کے بعد دستاویزات کا تبادلہ کر رہے ہیں۔

آبادی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے دالوں کی پیداوار میں اضافہ انتہائی ضروری

دالوں کی پیداوار میں اضافہ ان کے زیر کاشت رقبہ اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ سے ہی ممکن ہے

مکو آنہ (این این آئی) خوراک کو غذائیت کے اعتبار سے بہتر و متوازن بنانے اور بڑھتی ہوئی آبادی کی ضروریات کو پورا کرنے کے لیے دالوں کی پیداوار میں اضافہ انتہائی ضروری ہے۔ دوسری فصلوں کی طرح دالوں کی پیداوار میں اضافہ ان کے زیر کاشت رقبہ اور فی ایکڑ پیداوار میں اضافہ سے ہی ممکن ہے۔ بہاریہ مونگ کا شمار اہم فصلوں میں ہوتا ہے۔ اس میں قریباً 20 سے 24 فیصد پروٹین ہوتی ہے جو انسانی غذا کا اہم جزو ہے۔ مونگ کی دال زود ہضم ہونے کی وجہ سے مریضوں اور بچوں کی صحت کے لیے یکساں مفید ہے۔ مونگ کو نہری اور بارانی علاقوں میں یکساں طور پر کامیابی کے ساتھ کاشت کیا جا سکتا ہے۔ تجربات سے ثابت ہوا ہے کہ ایک سال میں مونگ کی دو فصلیں ایک موسم بہار میں اور دوسری موسم گرما میں بڑی آسانی سے کاشت کی جا سکتی ہیں۔

ملک میں الیکٹرک گاڑیوں کی فروخت میں جاری مالی سال کے دوران اضافہ ریکارڈ

مکو آنہ (این این آئی) ملک میں الیکٹرک گاڑیوں کی فروخت میں جاری مالی سال کے دوران اضافہ ہوا ہے۔ پاکستان آٹومینوفیکچررز ایسوسی ایشن کے اعداد و شمار کے مطابق مالی سال کے پہلے 8 ماہ میں ملک میں 210 یونٹس الیکٹرک گاڑیوں کاروں کی فروخت ریکارڈ کی گئی جو گزشتہ مالی سال کی اسی مدت کے مقابلہ میں 59 فیصد زیادہ ہے، گزشتہ مالی سال کی اسی مدت میں ملک میں الیکٹرک گاڑیوں کے 132 یونٹس کی فروخت ریکارڈ کی گئی تھی۔

اپنی چھت اپنا گھر پروگرام میں رجسٹرڈ افراد کی تعداد 19 لاکھ سے تجاوز کر گئی

منصوبے کے تحت 183 ارب روپے سے زائد رقم تقسیم ، 4 . 8 ارب کی ریکوری

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت کے "اپنی چھت اپنا گھر" پروگرام کے تحت عوام کو بلاسود قرضوں کی فراہمی کا سلسلہ تیزی سے جاری ہے اور اس منصوبے میں رجسٹرڈ افراد کی تعداد 19 لاکھ سے تجاوز کر گئی جبکہ اب تک 11 لاکھ 35 ہزار سے زائد درخواستیں موصول ہو چکی ہیں۔ صوبائی وزیر برائے ہاؤسنگ بلال یاسین سے ڈی جی پنجاب ہاسنگ اینڈ ٹاؤن پلاننگ ایجنسی سکندر ذیشان نے ملاقات کی جس میں "اپنی چھت اپنا گھر" پروگرام اور محکمانہ امور کے حوالے سے تفصیلی بریفنگ دی گئی۔

گرین ایگری مال کے ذریعے پاکستان میں جدید زرعی سہولت کاری کا نیا باب رقم

کسانوں کو زرعی ادویات، کھاد اور مشینری کی مناسب قیمتوں پر بروقت فراہم کی جا رہی ہیں، علی سفیان

کراچی (این این آئی) گرین ایگری مال کے ذریعے پاکستان میں جدید زرعی سہولت کاری کا نیا باب رقم ہو گیا۔ گرین پاکستان ایشیٹیو کے تحت گرین ایگری مال جیسے جدید زرعی مراکز پاکستان کی معیشت کیلئے ایک سنہرا باب ثابت ہو رہے ہیں جو کسانوں تک جدید زرعی ٹیکنالوجی اور معیاری زرعی مصنوعات بروقت پہنچا رہے ہیں۔ گرین ایگری مال کے سی ای او ⁂ علی سفیان نے کہا کہ پاکستان میں 40 سے زائد سائنس آپریشنل ہیں جو رواں سال کے اختتام تک 100 سے زیادہ ہو جائیں گی، گرین ایگری مال میں تمام اسٹیک ہولڈرز ایک چھت کے نیچے کام کر رہے ہیں۔ علی سفیان نے کہا کہ فرٹیلائزر، کیڑے مار ادویات، ٹریکٹرز، مشینری اور بینک بھی ہمارے پورٹ فولیو میں شامل ہیں، تمام اشیا اور سہولیات کی بروقت اور مناسب قیمتوں پر فراہمی گرین ایگری مال کا نصب العین ہے۔ سینئر سیلز آفیسر ڈاکٹر تیمور قریشی کے مطابق گرین ایگری مال کے تحت کسانوں کو ٹیکنالوجی پر مبنی طریقہ کار سے کھادوں کا استعمال بتایا جا رہا ہے۔

ایل ایس ای وینچرز کو کارپوریٹ ری اسٹرکچرنگ کا لائسنس جاری

کراچی (این این آئی) ایس ای سی پی نے ایل ایس ای وینچرز کو کارپوریٹ ری اسٹرکچرنگ کا لائسنس جاری کر دیا۔ سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن پاکستان (ایس ای سی پی) کے مطابق ملک میں کارپوریٹ ری اسٹرکچرنگ کمپنیوں کی تعداد 3 ہو گئی ہے، کارپوریٹ ری اسٹرکچرنگ کمپنیاں مالی مشکلات کا شکار کمپنیوں کو بحالی میں مدد دیتی ہیں۔ ایس ای سی پی نے کارپوریٹ ری اسٹرکچرنگ کا جامع فریم ورک تشکیل دیا ہے جو دیوالیہ کمپنیوں کے قرضوں کی ری شیڈولنگ کا طریقہ کار فراہم کرتا ہے۔

موہنی روڈ میں واقع گھر سے میاں ، بیوی کی لاشیں برآمد

لاہور (این این آئی) داتا دربار کے علاقہ موہنی روڈ احمد پارک میں واقع گھر سے میاں اور بیوی کی لاشیں برآمد ہوئی ہیں۔ اطلاع ملتے ہی پولیس اور فرانزک ٹیمیں موقع پر پہنچ گئیں جنہوں نے شواہد اکٹھے کر کے لاشیں مردہ خانے منتقل کر دیں۔ پولیس کے مطابق جاں بحق ہونے والے میاں بیوی کی شناخت 38 سالہ آزاد حسین اور 35 سالہ پاکیزہ کے ناموں سے ہوئی ہے

پیٹرول کے بعد 23 ہزار میٹرک ٹن ایل پی جی کے بھی دو جہاز پاکستان پہنچ گئے

مزید دو جہاز عیدالفطر سے پہلے پاکستان پہنچ جائیں گے، آنے والے دونوں جہاز پورٹ قاسم پر لنگر انداز ہو گئے

کراچی (این این آئی) پیٹرولیم مصنوعات کے بعد ہزاروں ٹن ایل پی جی گیس کے دو بحری جہاز پورٹ قاسم بندرگاہ پر لنگر انداز ہو گئے جبکہ مزید 2 جہاز عیدالفطر سے پہلے آنے کی توقع ہے۔ ذرائع کے مطابق ملک میں مائع پیٹرولیم گیس کے وافر ذخائر دستیاب ہیں، پورٹ قاسم کی بندرگاہ پر ایریس نامی بحری جہاز 11 ہزار میٹرک ٹن جبکہ اٹلانٹک نامی جہاز 12 ہزار میٹرک ٹن گیس لے پر پہنچا اور لنگر انداز ہو گیا۔ اس کے علاوہ ULLSWATER نامی بحری جہاز کے ذریعے 3700 ٹن اور MD23 نامی بحری جہاز کے ذریعے 3500 ٹن مزید دو ایل پی جی کنسائنمنٹس عیدالفطر سے قبل پاکستان پہنچ جائیں گے۔ یہ بات ایل پی جی ڈسٹری بیوٹرز ایسوسی ایشن کے چیئرمین عرفان کھوکھر نے بتائی۔ انہوں نے بتایا کہ فی کلوگرام ایل پی جی کی مقررہ سرکاری قیمت اگرچہ 225 روپے ہے۔

فیصل آباد: زرعی یونیورسٹی کے وائس چانسلر ڈاکٹر ذوالفقار علی ریجنل ایگریکلچرل فورم کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

سندھ حکومت کا جمعۃ الوداع کو صوبے بھر میں عام تعطیل کا اعلان

کراچی کی ایک اہم شاہراہ کو رہبرِ معظم آیت اللہ خامنہ ای کے نام سے منسوب کیا جائے گا، سید ناصر حسین شاہ

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے جمعۃ الوداع کو صوبے بھر میں عام تعطیل کا اعلان کر دیا۔ وزیر بلدیات سندھ سید ناصر حسین شاہ نے اپنے ویڈیو بیان میں کہا کہ سندھ حکومت نے جمعۃ الوداع کے موقع پر عام تعطیل کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کراچی کی ایک اہم شاہراہ کو رہبرِ معظم آیت اللہ خامنہ ای کے نام سے منسوب کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ جمعۃ الوداع پر شارع فیصل پر ریلی نکالنے کی اجازت نہیں دی جا سکتی۔

برائلر گوشت کی قیمت میں 7 روپے کلو اضافہ

لاہور (این این آئی) سرکاری نرخنامے میں فی کلو برائلر گوشت کی قیمت 7 روپے اضافے سے 504 روپے، زندہ برائلر مرغی کی قیمت 5 روپے اضافے سے 348 روپے فی کلو جبکہ فارمی انڈوں کی قیمت 200 روپے فی درجن کی سطح پر مستحکم رہی۔ دوسری جانب طلب زیادہ ہونے کی وجہ سے مختلف مقامات پر برائلر گوشت سرکاری نرخنامے کے برعکس 20 سے 30 روپے زائد قیمت پر فروخت کیا جا رہا ہے۔

کراچی میں بیوی سے جھگڑے کے بعد ڈاکٹر نے زہر کا انجکشن لگا لیا

متوفی 2 بیٹوں کا باپ تھا، بیوی سے جھگڑے کے بعد زہر کا انجکشن لگا کر اپنی زندگی کا خاتمہ کیا، پولیس

کراچی (این این آئی) نارتھ ناظم آباد میں ڈاکٹر شوہر نے بیوی سے جھگڑے کے بعد دلبرداشتہ ہو کر خود کو انجکشن لگا کر زندگی کا خاتمہ کر لیا، متوفی 2 بیٹوں کا باپ تھا۔ تفصیلات کے مطابق نارتھ ناظم آباد بلاک سی میٹیل گھر کے اندر مبینہ طور پر غلط انجکشن لگنے سے ایک شخص کو شدید تشویشناک حالت میں عباسی شہید اسپتال لایا گیا جہاں وہ دم توڑ گیا۔ متوفی کی شناخت 36 سالہ عزیز ولد معیز کے نام سے ہوئی۔ ایس ایچ او نارتھ ناظم آباد شاہد بلوچ نے بتایا کہ متوفی ایسٹھر یا کا ڈاکٹر اور متعدد نجی اسپتالوں میں اپنی خدمات انجام دے رہا تھا۔ متوفی کے ورثا نے پولیس کو بیان دیا کہ گزشتہ صبح معیز کا اپنی اہلیہ سے کسی بات پر جھگڑا ہوا جس کے بعد وہ کمرے سے چلی گئی اور جب کچھ دیر کے بعد واپس آئی تو معیز نے اسے بتایا کہ اس نے خود کو بے ہوش کرنے والا انجکشن لگا لیا ہے

کراچی: وزیر داخلہ سندھ یاسر احسن الخیاری یوم شہادت علی کے موقع پر سینٹرل پولیس آفس کراچی میں قائم مرکزی کمانڈ اینڈ کنٹرول سینٹر میں حفاظتی انتظامات کا جائزہ لے رہے ہیں۔

پیٹرول کی قیمت بڑھا کر آئل کمپنیز کو ارب 19 روپے کا تحفہ دیا گیا، مفتاح اسماعیل

جب سستا پٹرول خریدا تھا تو اسی قیمت پر فروخت کرنا چاہیے تھا، اگر مہنگا پٹرول خریدتے تو قیمتیں بڑھا دیتے، سابق وزیر خزانہ

کراچی (این این آئی) سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا ہے کہ پیٹرول کی قیمت قوانین تبدیل کر کے وقت سے قبل بڑھا کر آئل کمپنیز کو 19 ارب روپے کا تحفہ دیا گیا۔ خصوصی گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ پیٹرول کی قیمت بڑھنے پر سارا پیسہ اسٹاک ری پلیسمنٹ میں گیا ہے۔ سابق وزیر خزانہ مفتاح اسماعیل نے کہا کہ جنگ رکے گی تو تیل کی قیمتیں گریں گی یہ تو پچھلی قیمتوں پر عوام کو پیٹرول دیں گے یہ

مشرق وسطیٰ میں کشیدہ صورتحال کے باوجود پروازوں میں بہتری آنے لگی

ملک کے بین الاقوامی ایئرپورٹس سے مزید 76 پروازیں منسوخ، پاکستان سے مشرق وسطیٰ ملکوں کی منسوخ پروازوں کی تعداد 1224 ہو گئی

کراچی (این این آئی) مشرق وسطیٰ موجود کشیدہ صورتحال کے باوجود پروازوں میں بہتری آنے لگی ہے، فیصل آباد ایئرپورٹ پر ایئر عربیہ کی شارجہ، راس الخیمہ، دبئی کی پروازیں، کراچی پر ایمریٹس ایئرلائن کی دبئی سے ایک پرواز بحال ہو گئی۔ پشاور ایئرپورٹ پر دبئی شارجہ قطر ابوظہبی کی 12 فلائٹس منسوخ جبکہ پشاور ایئرپورٹ پر شارجہ سے دو پروازیں پہنچیں۔ ملتان ایئرپورٹ پر بھی دبئی شارجہ سے آنے والی پروازوں میں بہتری صرف 2 پروازیں منسوخ ہوئی۔

کراچی، پولیس افسر کا بائیک رائڈر پر تشدد، ویڈیو وائرل ہونے پر معطل

کراچی (این این آئی) شہر کے علاقے کھارادر میں ایک پولیس افسر کی جانب سے بائیک رائیڈر پر تشدد کا واقعہ سامنے آنے کے بعد ایس ایس پی سٹی نے نوٹس لیتے ہوئے متعلقہ افسر کو معطل کر دیا ہے۔ پولیس کے مطابق واقعے کی سی سی ٹی وی فوٹیج منظر عام پر آنے کے بعد ایس ایس پی سٹی عارف عزیز نے کارروائی کرتے ہوئے سب انسپکٹر عاصم کو معطل کر دیا ہے۔

کراچی میں گھر کے اندر گیس دھماکا، سسرال سے واپس آئی خاتون شدید زخمی

حادثہ کورنگی کراسنگ کے علاقے الطاف ٹاؤن میں پیش آیا، نازیہ نامی خاتون کی حالت تشویشناک ہے، پولیس حکام

کراچی (این این آئی) کورنگی کراسنگ کے علاقے الطاف ٹاؤن کے گھر میں گیس کا دھماکا ہوا جس میں خاتون جھلس کر شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق کورنگی کراسنگ الطاف ٹاؤن میں گھر کے اندر گیس دھماکے میں خاتون جھلس کر شدید زخمی ہوئی جسے تشویشناک حالت میں سول اسپتال کے برنس وارڈ منتقل کیا گیا۔ ریسکیو حکام کے مطابق خاتون کی شناخت 30 سالہ نازیہ زوجہ گلریز کے نام سے ہوئی۔ ایس ایچ او زمان ٹاؤن ایاز خان نے بتایا کہ واقعہ الطاف ٹاؤن گلی نمبر 17 مکان نمبر 818 پیش آیا ہے، ابتدائی معلومات کے مطابق جھلس کر زخمی ہونے والی نازیہ افطار کرنے اپنے سسرال گئی تھی اور جب وہ واپس اپنے گھر آئی تو گیس کھلی ہوئی تھی اور اس نے جیسے ہی ماچس جلائی تو دھماکا ہو گیا۔ دھماکے کے نتیجے میں بھڑکنے والے شعلے سے وہ جھلس کر شدید زخمی ہو گئی

مظفر آباد: کمشنر بدر منیر مظفر آباد کو خوبصورت بنانے کے حوالے سے ضلعی افسران کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

کراچی: نہر میں ڈوبنے سے 2 افراد جاں بحق

کراچی (این این آئی) منگھو پیر مائی گاڑی مزار کے قریب نہر میں ڈوبنے سے دو افراد جاں بحق ہو گئے۔ ریسکیو حکام کے مطابق مائی گاڑی مزار کے قریب نہر میں دو نوجوانوں کے ڈوبنے کی اطلاع ملی جس پر ایدھی بحری خدمات کی ٹیم نے سرچنگ آپریشن شروع کیا۔ سرچنگ کے دوران ڈوبنے والے دونوں نوجوانوں کی لاشیں نکال لی گئیں، جو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے قریبی تھانے بھیجی گئیں۔

کراچی میں 6 جعلی صحافیوں سمیت 8 افراد گرفتار

ملزمان عزیز آباد میں ایک دکان پر کوریج کے بہانے پہنچے جہاں دکاندار سے جھگڑا ہو گیا، پولیس

کراچی (این این آئی) عزیز آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے 6 جعلی صحافیوں سمیت 8 افراد کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق گرفتار ملزمان مختلف علاقوں میں جعلی صحافی بن کر دکانوں، ٹھیلوں اور پتھاروں پر جاتے اور لوگوں کو ہراساں کرتے تھے۔ ملزمان عزیز آباد میں ایک دکان پر کوریج کے بہانے پہنچے جہاں دکاندار سے جھگڑا ہو گیا۔ واقعے کی اطلاع ملنے پر پولیس نے موقع پر پہنچ کر ملزمان کو حراست میں لے لیا اور تھانے منتقل کر دیا۔ ملزمان کو تھانے لانے کے بعد انکشاف ہوا کہ انہوں نے جعلی ویب سائٹ بنا کر خود کو صحافی ظاہر کیا ہوا تھا۔ پولیس حکام کے مطابق جعلی صحافیوں کے گروہ کا سرغنہ توصیف نامی شخص ہے جو ساتھیوں کے ساتھ مل کر شہریوں کو تنگ کرتا تھا۔ گرفتار ملزمان میں توصیف، شہاب، ریحان، ندیم، احتشام، جاوید، عدنان اور سلامت شامل ہیں۔

اسلام آباد اور پنجاب کے بڑے شہروں میں پانی آلودہ اور مضر صحت قرار

بھارت سے آنے والے مشرقی دریا پانی کی آلودگی کا بڑا سبب ہے، رپورٹ

اسلام آباد/لاہور (این این آئی) بھارت سے آنے والے مشرقی دریا پاکستان میں پانی کی آلودگی کا بڑا سبب بن گیا۔ ادارہ برائے تحقیق آبی وسائل کی پانی کے معیار سے متعلق رپورٹ میں پنجاب کے بڑے شہروں میں پانی آلودہ اور مضر صحت قرار دے دیا گیا۔ بتایا گیا ہے کہ راوی اور ستلج دریا سرحد پار سے مضر صحت دھاتیں اور آلودگی پاکستان لا رہے ہیں۔ رپورٹ میں اسلام آباد کا 34 فیصد پینے کا پانی بھی آلودہ اور مضر صحت قرار دیا گیا ہے۔

بارش اور لینڈ سلائیڈنگ سے گلگت بلتستان کا زمینی رابطہ منقطع

گلگت (این این آئی) شاہراہ قراقرم اپر کوہستان کے مختلف مقامات پر بارش اور لینڈ سلائیڈنگ کے باعث کئی مقامات پر راستے بند ہو گئے۔ لینڈ سلائیڈنگ کی وجہ سے گلگت بلتستان کا ملک کے دیگر شہروں سے زمینی رابطہ منقطع ہو گیا ہے۔ حکام کے مطابق سڑکوں کی بحالی کے لیے امدادی کارروائیاں شروع کر دی گئی ہیں، راستے بند ہونے سے سیکڑوں مسافر اور مال بردار گاڑیوں کی قطاریں لگ گئیں۔ ضلعی انتظامیہ کے مطابق راستے میں پھنسے 60 مسافروں کو پناہ گاہ منتقل کر دیا گیا ہے۔

کراچی، ٹریلر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 2 بھائی جاں بحق

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے کریم آباد فرنیچر مارکیٹ کے قریب ٹریلر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار 2 نوجوان بھائی جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق عزیز آباد کے رہائشی دونوں بھائی عید کی شاپنگ کے لیے نکلے تھے، ایک نوجوان نویں اور دوسرا دسویں جماعت کا طالبعلم تھا۔ پولیس نے جاں بحق نوجوانوں کی لاشیں ہسپتال منتقل کر دیں جبکہ فرار ہونے والے ٹریلر ڈرائیور کی تلاش جاری ہے۔

کراچی؛ دو مختلف حادثات میں ٹینکر اور ٹریلر کی ٹکر سے دو بھائی سمیت 3 افراد جاں بحق

ایک حادثہ بلوچ کالونی پل اور دوسرا کریم آباد فرنیچر مارکیٹ کے قریب پیش آیا، پولیس حکام

کراچی (این این آئی) بلوچ کالونی پل اور کریم آباد فرنیچر مارکیٹ کے قریب ٹینکر اور ٹریلر کی ٹکر سے دو بھائی سمیت 3 افراد جاں بحق اور ایک زخمی ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق ٹیپو سلطان کے علاقے بلوچ کالونی پل پر ٹریفک حادثے میں ایک شخص جاں بحق اور ایک شدید زخمی ہو گیا، جاں بحق و زخمی ہونے والوں کو ایدھی ایمبولینس کے ذریعے جناح اسپتال منتقل کیا گیا۔ موقع پر موجود شہریوں نے بتایا کہ بلوچ کالونی پل پر چڑھتے ہوئے کسی گاڑی نے سوزوکی پک اپ کو ٹکر ماری جس کے نتیجے میں سوزوکی میں سوار دو افراد نیچے گرے اور اسی دوران عقب سے آنے والا ٹینکر دونوں افراد پر چڑھ گیا، جاں بحق و زخمی ہونے والوں کی فوری طور پر شناخت نہیں کی جا سکی۔ عزیز آباد کے علاقے عائشہ منزل سے کریم آباد کی جانب آتے ہوئے فرنیچر مارکیٹ کے قریب ٹریلر کی ٹکر سے موٹر سائیکل سوار ایک شخص جاں بحق اور ایک شدید زخمی ہو گیا۔

پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ میں 2740 کنٹریکٹ ملازمین شدید پریشانی کا شکار

گزشتہ تین ماہ سے تنخواہیں بند ہونے کی وجہ سے گھریلو اخراجات پورے کرنا انتہائی مشکل ہو گیا

جنڈانوالا (این این آئی) محکمہ صحت بہبود آبادی پنجاب کے پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ میں گزشتہ تقریباً دس سال سے خدمات انجام دینے والے 2740 کنٹریکٹ ملازمین شدید پریشانی کا شکار ہو گئے ہیں۔ ملازمین کے مطابق ان کی گزشتہ تین ماہ سے تنخواہیں بند ہیں جس کی وجہ سے مہنگائی کے اس دور میں گھریلو اخراجات پورے کرنا انتہائی مشکل ہو گیا ہے۔ متاثرہ ملازمین نے مریم نواز، خواجہ عمران نذیر اور نادیہ ثاقب سے اپیل کی ہے کہ خدارا انسانی ہمدردی کی بنیاد پر ان کی تین ماہ سے بند تنخواہیں فوری طور پر جاری کی جائیں تاکہ وہ بھی اپنے اہل خانہ کے ساتھ عید کی خوشیاں منا سکیں۔ ملازمین کا کہنا ہے کہ وہ گزشتہ دس برس سے پاپولیشن ویلفیئر پروگرام میں خدمات سرانجام دے رہے ہیں، مگر اس کے باوجود انہیں مستقل نہیں کیا گیا۔ اب تین ماہ سے تنخواہوں کی بندش نے ان کی مشکلات میں مزید اضافہ کر دیا ہے۔

مظفر آباد: ڈپٹی کمشنر منیر احمد قریشی ڈسٹرکٹ کوآرڈی نیشن کمیٹی کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں۔

حضرت امام علی کی شہادت اسلام کی تاریخ کا عظیم اور دردناک باب ہے، وزیر اعلیٰ سندھ

امام علیؑ کی تعلیمات عدل، شجاعت اور انسانیت کی اعلیٰ مثال ہیں، یوم علیؑ حق اور سچ پر ڈٹے رہنے کا درس دیتا ہے، سید مراد علی شاہ

کراچی (این این آئی) وزیر اعلیٰ سندھ سید مراد علی شاہ نے یوم شہادت حضرت امام علیؑ ابن ابی طالب کے موقع پر خراج عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ حضرت علیؑ کی تعلیمات عدل، شجاعت اور انسانیت کی اعلیٰ مثال ہیں اور پوری امت مسلمہ کے لیے رہنمائی کا روشن مینار ہیں۔ حضرت علیؑ نے ہمیشہ حق، انصاف اور مظلوم کی حمایت کا درس دیا اور ان کی سیرت سے ہمیں سماج میں انصاف، برداشت اور اتحاد کو فروغ دینے کی ترغیب ملتی ہے۔

سی سی ڈی کا ایک اور مبینہ مقابلہ، زیر حراست ملزم مارا گیا

لاہور (این این آئی) کرائم کنٹرول ڈیپارٹمنٹ کے ساتھ مبینہ مقابلے کے دوران زیر حراست ملزم ہلاک ہو گیا۔ پولیس حکام کے مطابق سی سی ڈی ٹیم ملزم کو ریکوری کے لیے چوہنگ کے علاقے میں لے جا رہی تھی کہ اس دوران گھات لگائے ملزم رمضان کے ساتھیوں نے پولیس ٹیم پر حملہ کر دیا۔ حکام کا کہنا ہے کہ ملزم کے ساتھیوں کی جانب سے کی گئی مبینہ فائرنگ کی زد میں آ کر زیر حراست ملزم ہلاک ہو گیا

حکومتوں، سرکاری اداروں کے اخراجات میں مستقل بنیادوں پر 40 فیصد تک کمی کی جائے' پیاف

پہلے خود حکومت بڑی قربانی دے اس کے بعد عوام سے مزید قربانی کا تقاضہ کیا جائے' وائس چیئرمین راجہ وسیم حسن

لاہور (این این آئی) پاکستان انڈسٹری اینڈ ٹریڈرز ایسوسی ایشن فرنٹ (پیاف) کے وائس چیئرمین راجہ وسیم حسن نے کہا ہے کہ حکومت کی جانب سے کشیدہ عالمی صورتحال میں کفایت شعاری کیلئے فوری اعلانات اور اقدامات خوش آئند ہیں تاہم یہ عارضی اور انتہائی کم ہیں، وفاقی اور صوبائی حکومتوں اور سرکاری اداروں کے اخراجات میں مستقل بنیادوں پر کم از کم 40 فیصد تک کمی لانے کی ضرورت ہے جس کے لئے غیر معمولی عزم دکھانا ہوگا۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ مالی کفایت شعاری صرف ورک شیڈولز تبدیل کرنے، افطاریاں روکنے یا رسمی اضافی اخراجات کم کرنے سے نہیں ہوگی یہ تب آتی ہے جب ریاست کے غیر ضروری پھیلے ہوئے اخراجات سختی سے کم کیے جائیں۔ انہوں نے کہا کہ یہ درست ہے کہ حکومت نے پاکستان کو دیوالیہ ہونے کے کنارے سے واپس کھینچا۔

راولپنڈی: راجہ بازار کو ماڈل بازار میں تبدیل کرنے کے حوالے سے تعمیراتی کام کیلئے مزدور کام کاج میں مصروف ہیں۔

پاکستان سمیت ممالک میں انسٹاگرام ڈاؤن، صارفین کو پریشانی کا سامنا

اس خرابی نے براہ راست میسجنگ کو شدید متاثر کیا جبکہ میٹا نے بھی وجہ یا بحالی کے وقت کے بارے میں تاحال کوئی بیان جاری نہیں کیا

کراچی (این این آئی) پاکستان سمیت مختلف ممالک میں انسٹاگرام ڈاؤن ہونے سے صارفین کو مشکلات کا سامنا کرنا پڑا۔ زیادہ تر صارفین کو میسجز بھیجنے اور وصول کرنے میں دشواری کا سامنا رہا، جبکہ صارفین نے فیڈ لوڈ ہونے اور ایپ تک رسائی میں مشکلات سے متعلق بھی شکایات رپورٹ کی ہیں۔ ویب سائٹس اور ڈیجیٹل سروسز میں خرابی کی فوری معلومات فراہم کرنے والے ادارے ڈاؤن ڈیٹیکٹر کے مطابق پاکستان میں صبح تقریباً 7 بج کر 10 منٹ پر انسٹاگرام ایپ اور ویب سائٹ میں خلل پیدا ہونا شروع ہوا۔

خانیوال: ڈی پی او محمد عابد روزانہ کی بنیاد پر اپنے آفس میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں۔

پیٹرول مہنگا ہونے سے شہریوں کے یومیہ سفری اخراجات 20 فیصد بڑھ گئے

آن لائن ٹیکسی اور بائیک سروس کے کرایوں میں 10 فیصد تک اضافہ، پیٹرول تو مہنگا ہو گیا لیکن تنخواہوں میں اضافہ نہیں ہوا، شہری

کراچی (این این آئی) پیٹرول مہنگا ہونے سے شہریوں کے یومیہ فیول اخراجات میں 15 سے 20 فیصد تک اضافہ ہو گیا۔ کراچی میں آن لائن ٹرانسپورٹ سروسز فراہم کرنے والے افراد نے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں 55 روپے فی لیٹر اضافہ کے بعد کرایوں کی مد میں 5 سے 10 فیصد اضافہ کر دیا ہے۔ دوسری جانب موٹر سائیکل استعمال کرنے والے شہریوں کے فیول اخراجات میں روزانہ کی مد میں 15 سے 20 فیصد اضافہ ہو گیا ہے۔ شہری شکوہ کر رہے ہیں کہ پیٹرول تو مہنگا ہو گیا لیکن تنخواہوں میں اضافہ نہیں ہوا۔ آن لائن ٹرانسپورٹ کی سروس فراہم کرنے والے ایک موٹر سائیکل ڈرائیور ریحان نعیم نے بتایا کہ وہ محمود آباد کے رہائشی ہیں اور کرائے کے مکان میں اپنی اہلیہ اور دو بچوں کے ساتھ رہتے ہیں۔ پہلے ایک فیکٹری میں کام کرتے تھے اور 22 ہزار روپے تنخواہ ملتی تھی جس میں گزارہ کرنا مشکل ہو گیا تھا، اس لیے اب آن لائن ٹرانسپورٹ کے ذریعے بائیک سروس فراہم کر رہے ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ پیٹرول پر 55 روپے اضافہ کے بعد ٹرانسپورٹیشن سروس کے کرایوں میں 5 سے 10 فیصد اضافہ ہو گیا ہے۔

بانی پی ٹی آئی کی شفا ہسپتال منتقلی درخواست پر اعتراضات دور کرنے کیلئے مہلت کی استدعا منظور

اسلام آباد ہائیکورٹ کے جج جسٹس انعام امین منہاس نے کیس کی سماعت کی، زیر التوا درخواستوں کی تفصیل طلب

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد ہائیکورٹ نے بانی پی ٹی آئی کی شفا ہسپتال منتقلی درخواست پر رجسٹرار آفس کے اعتراضات دور کرنے کیلئے مہلت کی استدعا منظور کر لی۔ جسٹس انعام امین منہاس نے کیس کی سماعت کی، درخواست گزار ڈاکٹر عظمیٰ کے وکیل عزیر بھنڈاری عدالت کے سامنے پیش ہوئے۔ وکیل عزیر بھنڈاری نے عدالت میں بتایا کہ رجسٹرار آفس نے کچھ اعتراضات لگائے ہیں، عدالت آئندہ ہفتے کیس لگا دے ہم اعتراضات دور کر دیتے ہیں۔ جسٹس انعام امین منہاس نے کہا کہ آپ کی جانب سے مختلف درخواستیں ایک ہی طرح کی دائر ہوئی ہیں جس پر وکیل نے بتایا کہ اس پٹیشنر نے اور کوئی درخواست اس طرح کی دائر نہیں کی۔ جسٹس انعام امین منہاس نے کہا کہ رجسٹرار آفس سے پوچھ لیتے ہیں اس طرح کی کتنی درخواستیں زیر التوا ہیں، عدالت نے رجسٹرار آفس کو رپورٹ فراہم کرنے کی ہدایت کرتے ہوئے کیس کی سماعت ملتوی کر دی۔

رائے ونڈ: ڈی پی او کمشنر لاہور کیپٹن (ر) علی اعجاز کو اسسٹنٹ کمشنر ذوہیب ممتاز، بچہ کھلے مین ہول میں گر کر جاں بحق ہونے کے واقعہ کی تفصیلات سے آگاہ کر رہے ہیں۔

اے این ایف کی 7 کارروائیاں، خاتون سمیت 6 ملزمان گرفتار

کارروائیاں کراچی، راولپنڈی، لاہور، ڈی جی خان اور کوئٹہ

بچوں کی دنیا

دین کے لئے قربانیوں کا انعام

عزیزو! مومن بندے کو ہر کام اللہ تبارک وتعالیٰ کی رضا، خوشنودی، اس کے دین کی بلندی اور مضبوطی کے لئے کرنا چاہیے۔ دنیا کے کسی فائدے کے لئے نہیں، مال و دولت کے لئے نہیں، عزت وشہرت کے لئے نہیں، تعریف اور نیک نامی کے لئے نہیں۔ لہذا جب بندہ اپنی نیت اور عمل کو اللہ تبارک و تعالیٰ کے لئے خالص کر دیتا ہے۔ اللہ کی رضا دین کی مضبوطی اور حفاظت کو اپنا مقصد ٹھہرا لیتا ہے تو اللہ تبارک وتعالیٰ اسے آخرت کے اجر کے ساتھ ساتھ دنیا میں بھی عزت اور کامیابی عطا فرماتے ہیں۔ مومن اس لئے عبادت کرتا ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ راضی ہو، وہ جان اور مال کو اللہ کے نام پر اس لئے لگاتا ہے کہ اللہ کا دین مضبوط اور سربلند ہو۔ اس کی نیت اور ارادے میں دنیا کی عزت اور شہرت نہیں ہوتی، اس کے خیال میں مال و دولت اور دنیا کی سہولتیں ہوتیں، لیکن دین کے لئے کی گئی محنت اور دین کے لئے دی جانے والی قربانیوں کے نتیجے میں اللہ تبارک وتعالیٰ اسے دنیا کی نعمتوں اور سہولتوں کی صورت میں اپنی حکمت سے نقد اور فوری انعام بھی عطا فرماتے ہیں۔ صحابہ کرامؓ، نبی کریم ﷺ کے ساتھ جب غزوہ بدر کے لئے نکلے تو ان کے پاس کچھ نہیں تھا، نہ سواریاں تھیں، نہ تن پر پورا لباس اور نہ پیٹ بھر کر کھانا، لیکن اس حال میں بھی وہ قربانیاں دینے اور اسلام کے دشمنوں سے لڑنے کے لئے میدان بدر میں آپہنچے اور جنگ شروع ہوئی تو خوب بہادری سے لڑے، اپنی بے سروسامانی اور دشمن کی طاقت اور ان کی پاس سامان کی زیادتی کی کوئی پروا نہیں کی، ان کی یہ قربانی خالص اللہ کی رضا اور دین کی سربلندی اور حفاظت کے لئے تھی، اس لئے اللہ تبارک و تعالیٰ نے انہیں دوہرے انعام اور دوہری کامیابی سے نوازا، یعنی آخرت میں جنت کے ساتھ ساتھ دنیا کا سامان بھی عطا فرمایا، چنانچہ جب فتح ہوئی تو صحابہ کرامؓ کو بہت مال غنیمت ہاتھ آیا اور جب وہ مدینہ واپس لوٹے تو کوئی بھی ایسا نہیں تھا جس کے پاس ایک یا دو اونٹ نہ تھے۔ صحابہ کرامؓ کی قربانیاں.....ان کا مال خرچ کرنا..... سب اللہ تبارک و تعالیٰ کی رضا اور دین کے لئے تھا۔ انہوں نے قربانیاں دیں، دین کے لئے محنت کی اور جہاد تنگی اور مشکلات میں بھی جاری رکھا، تو اللہ تبارک وتعالیٰ نے انہیں اس کا صلہ بھی خوب عطا فرمایا، ملکوں کے ملک ان کے قبضے میں دے دیئے، جن کے پاس بھوک مٹانے کے لئے کھانا اور تن ڈھانپنے کے لئے کپڑا نہیں ہوتا تھا، اللہ تبارک و تعالیٰ نے انہیں حکومتیں عطا کر دیں، ان کو ملکوں کی امارتیں اور علاقوں کی گورنریاں نصیب ہو گئیں۔

حضرت عتبہ بن غزوانؓ بصرہ کے گورنر تھے، ایک مرتبہ انہوں نے تقریر فرمائی اور اس تقریر میں یہ بات بھی بیان فرمائی کہ میں چھ دوسرے آدمیوں کے ساتھ نبی کریم ﷺ کی خدمت میں موجود تھا، ہمارے پاس ببول کے پتوں کے سوا کھانے کی اور کوئی چیز نہیں تھی، ہماری حالت یہ تھی کہ ببول کے پتے کھا کھا کر ہمارے منہ میں چھالے پڑ گئے تھے اور کپڑوں کی کمی کا یہ حال تھا کہ ایک مرتبہ مجھے ایک چادر ملی تو میں نے اس کے دو ٹکڑے کر دیئے، آدھی میں نے پہن لی اور آدھی سعد بن مالک کو دے دی جو انہوں نے پہن لی، لیکن آج ہم ساتوں میں سے ہر شخص کسی علاقے کا گورنر ہے۔ عزیزو.....! ایک اچھا انسان کسی کا ادھار اپنے اوپر نہیں رہنے دیتا، تو اللہ تعالیٰ کسی کے اخلاص اور قربانی کو بغیر صلے اور بدلے کے کیسے چھوڑیں گے؟ ہرگز نہیں، اللہ تبارک وتعالیٰ تو بہت قدر دان اور بہت زیادہ دینے والا ہے، بندہ جو اس کے دین کے لئے قربانی دیتا ہے، وہ اسے خوب نوازتا ہے۔ اسے دنیا اور آخرت میں عزت عطا فرماتا ہے۔ صحابہ کرامؓ کی عزت اور کامیابی کا یہی راز تھا کہ وہ اللہ تبارک وتعالیٰ کے دین کے لئے قربانیاں دیتے تھے، دین کے لئے قربانیوں پر یہ انعام ہر دور میں اللہ تبارک وتعالیٰ عطا فرماتے ہیں۔ دنیا کو مجاہدوں کے قدموں میں لا ڈالتے ہیں اور ان حکومتوں کا مالک بنا دیتے ہیں۔ بس شرط یہ ہے کہ محنت اور قربانی ہو اور خالص اللہ تبارک وتعالیٰ کی رضا کے لئے ہو، مقصود اللہ تبارک وتعالیٰ کا دین بلند کرنا ہو، ملک اور مال مقصود نہ ہو۔ آخرت کا غم فکر غالب ہو، ہر وقت ڈر رہے کہ آخرت میں نہ بگڑے اور ساری امت کے لئے دل میں کڑھن ہو کہ سب دوزخ کے عذاب سے بچ جائیں۔

زندگی عارضی ہے

میں جب بھی سوچنا شروع کرتا ہوں تو خیالات کی آندھی اس گھنی کو سلجھانے کے بجائے اور الجھا دیتی ہے۔ اگر زندگی فانی ہے تو کیوں ہم ان دیکھی منزل کے متلاشی رہتے ہیں اور کیوں ناکامیوں کے احساس کی بیڑیاں، ہمارے پاؤں جکڑ لیتی ہیں۔ کیوں ہم لوگ اور معاشرے کی باتوں کی اتنی پرواہ کرتے ہیں۔ آخر انہیں بھی ختم ہونا ہے اور ہم بھی پھر کیوں خواہشات کی لامتناہی ڈوری تھامے ہوئے اپنے اندوہ ناک انجام کی طرف بڑھتے چلے جا رہے ہیں کیوں ہم نے اس عظیم زندگی کا معیار مادی اشیاء کو بنا لیا ہے۔ زندگی تو ایک وعدہ ہے خدا کی بندگی کا وعدہ۔

زندگی اک کرائے کا گھر ہے
اک نہ اک جانا پڑے گا

یہ سوچ میرے اندر کی آگ کو تو ٹھنڈا کر دیتی ہے لیکن ہم نے کبھی اپنا وعدہ پورا نہیں کیا۔ اس نے ہمیں اختیار دیا تو فرعون بن بیٹھے۔ دولت دی تو قارون بن بیٹھے۔ طاقت دی تو ہیٹلر بن بیٹھے۔ عقل دی تو ہم نے ایٹم بم ایجاد کر دیا۔ آخر کب ہمیں زندگی کا مطلب سمجھ آئے گا۔ آخر ہم لوگ اس مسئلے پر زور کیوں نہیں دیتے ہمیں چاہئے کہ ہم اس مسئلہ پر سوچیں تو ہمارے سامنے صرف اور صرف ایک ہی بات آئے گی۔ کہ زندگی تو محبت ہے خدا اور اس کے رسولؐ سے محبت تو ہمیں چاہیے کہ ہم سوچیں کہ اللہ تعالیٰ نے ہمیں آخر کس مقصد کیلئے اس دنیا میں بھیجا ہے۔ کیا ہم اسے پورا کر رہے ہیں؟ شاید جواب منفی میں ہوگا۔ تو اس لئے میرے عزیز دوستو اور بھائیو! دنیا کی فکر چھوڑو اور اپنے حقیقی رب کی طرف جاؤ اس کی عبادت کرو جس مقصد کیلئے آئے ہو اسے پورا کرو۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ ہمیں اس مقصد میں پورا اترنے کی توفیق عطا فرمائے۔ (آمین)

سیکھ ہر منزل پہ طوفان سے الجھنے کا شعار
صرف ساحل سے لپٹنا زندگی ہوتی نہیں

کاشف راجہ، نیو مری پڑھنہ

ہنسنا منع ہے

پاگل خانے کا ڈاکٹر (نرس سے) یہ پاگل دیوار سے کیوں چپکا ہوا ہے؟

نرس: یہ خود کو ٹیوب لائٹ سمجھتا ہے۔

ڈاکٹر: اسے اتار دو۔

نرس: اس صورت میں لائٹ چلی جائے گی۔

☆.....☆☆☆.....☆

ایک شاعر اپنی ہی غزل کے متعلق تبصرہ کرنے کے مرض میں مبتلا تھا۔ کسی مشاعرے میں اپنی غزل شروع کرنے سے پہلے بولے: ''اپنی غزل میں مجھے یہ شعر خاص طور پر پسند ہے۔''

یہ سن کر ایک نوجوان نے برجستہ کہا ''ذرہ نوازی ہے جناب کی ورنہ شعر کس قابل ہے۔''

☆.....☆☆☆.....☆

☆ایک ڈاکٹر (وکیل سے) ''جناب! آپ کی ذرا سی غلطی سے انسان دو فٹ اوپر لٹک سکتا ہے''۔

وکیل ''اور جناب کی ذرا سی غلطی سے انسان دو فٹ نیچے زمین میں ہو سکتا ہے''۔

☆.....☆☆☆.....☆

کسی افسر کو ایک مرتبہ پاگل خانے کے معائنے پر جانا پڑا، معائنے کے دوران میں افسر کی نظر ایک ایسے شخص پر پڑی جو چپکے چپکے کچھ کہتا تھا اور پھر زور زور سے قہقہے لگانے لگتا، اس پاگل شخص نے کئی بار ایسا ہی کیا لیکن ایک بار اس نے چپکے سے کچھ کہا اور برا سا منہ بنا کر رہ گیا۔

افسر نے نگران سے پوچھا: ''یہ شخص کیا کہہ رہا ہے؟''۔

نگران نے جواب دیا ''یہ اپنے آپ کو لطیفے سنا رہا ہے اور ہنس رہا ہے''۔

افسر نے پھر پوچھا ''لیکن آخر میں اس نے اپنے آپ کو جو لطیفہ سنایا تھا اس پر اس کے منہ سے کوئی قہقہہ بلند نہیں ہوا کیا تم اس بات کی وضاحت کر سکتے ہو؟''۔

نگران نے جواب دیا ''کیوں نہیں سر! جس لطیفے پر اسے ہنسی نہیں آئی تھی وہ اس کا پہلے سے سنا ہوا لطیفہ نہیں ہوگا''۔

☆.....☆☆☆.....☆

☆ایک اکیلی رہنے والی بڑی بی کو ان کے پڑوسیوں نے اپنے ہاں دعوت پر نہ بلایا، مگر دعوت سے پہلے جب پڑوسیوں کو اس بات کا احساس ہوا تو انہوں نے بڑی بی کو بلوا بھیجا۔

بڑی بی نے غصے سے کہا ''اب بہت دیر ہو چکی ہے میں بارش کیلئے دعا مانگ چکی ہوں''۔

☆.....☆☆☆.....☆

☆دو گپ باز آپس میں باتیں کر رہے تھے ایک بولا ''میں نے سو من کی مچھلی پکڑی ہے''۔

دوسرے نے کہا ''میں نے جب دریا میں مچھلی پکڑنے کیلئے ڈوری ڈالی تو ایک جلتی ہوئی لالٹین نکلی''۔

پہلا ''یہ کیسے ممکن ہے''۔

دوسرا ''ٹھیک ہے تم مچھلی کا وزن کم کر دو میں لالٹین بجھا دیتا ہوں''۔

☆.....☆☆☆.....☆

استاد (شاگرد سے): ''تم نے مضمون اتنا چھوٹا کیوں لکھا ہے۔؟''

شاگرد (معصومیت سے): ''تاکہ آپ کو پڑھنے میں دیر نہ لگے''۔

☆.....☆☆☆.....☆

کہیں بوجھیں پہیلی

چار کھڑے ہیں چار بڑے
ہر ایک منہ میں دو دو پڑے

چارپائی
اندھا ہے پر راہ دکھلائے
آنکھ وہ اندھوں کی کہلائے

لاٹھی
منہ میں پڑی ایک بوٹی
وہ نہ کھائی، کھالی روٹی

زبان
اوپر ڈھکنا نیچے پانی پانی میں ایک

پھول
پھول پکا کر کھا لو جلدی پھر جانا سکول

انڈہ
لکڑی کی ڈبیا جب ہاتھ آئی
ڈبیا کو توڑا اور کھائی مٹھائی

بادام
ہوا گر ایک تو ہے بے کار
سب کو دونوں ہی درکار

جوتا
جلنے سے پہلے جیسی تھی
راکھ بنی تو پھر ویسی تھی

رسی
بے شک پاؤں کے نیچے آئے
پھر بھی پھول نہ مسلے جائیں

قالین
رات کو آ کر دن کو جائے

شام ہوئی تو پر گھر آئے
اندھیرا
شکر کریں جب ہم کو آئے
دہی اس کو برا بتائیں

چھینک
دن کو سوئے رات کو روئے
جتنا روئے اتنا کھوئے

موم بتی

ہری ڈنڈی لال کمان
توبہ توبہ کرے پٹھان

مرچ
تین حرفوں کا میرا نام کھانے کے آتا
میں کام

الٹا سیدھا ایک سمان نہ میں لڈو نہ
میں پان

نان

فرق تلاش کریں



آخری فیصلہ

شمع شیخ

قمر اور عمر چونکہ قریب ہی رہتے تھے، ایک دوسرے کے گھر شام کو آ جاتے کرکٹ میچ کھیلتے، شام کو جب دونوں میچ کھیل کر فارغ ہوئے دونوں نے یہ بات طے کی کہ اپنے والدین کو اسکول بھیج دیں۔ اور یہ بات سوچنے لگے کہ والدین پوچھیں گے۔ کہ سر نے انہیں کیوں بلوایا ہے، وہ نہ تو جھوٹ بول سکتے تھے، کیونکہ ان دونوں کے والدین کو یہ بھی علم تھا، ہمارے بچے ذہین ہونے کے ساتھ باادب بھی ہیں، لہذا اسکول سے شکایت کا تو سوال ہی پیدا نہیں ہو سکتا، ان کے والدین صرف رزلٹ آؤٹ ہونے پر یا والدین کا دن منانے والے دن اسکول جایا کرتے تھے، اب ایک نئی الجھن نے دونوں دوستوں کو گھیر لیا۔

قمر ایسا کرتے ہیں سر اجمل کو ہم گھر کا فون نمبر دیں گے وہ خود تمہارے اور میرے ابو کو اسکول بلوا لیں گے ہاں یہ بات ٹھیک ہے، عمر کی بات پر قمر نے ہاں کو لمبا کھینچتے ہوئے خوشی سے اچھل کر عمر کو گلے لگا لیا!

سر اجمل کا تو کوئی مسئلہ ہی نہیں ہے، ہمارے اتنے اچھے ٹیچر ہیں کہ فوراً یہ کہہ دیں گے، دونوں دوستوں نے مشترکہ پلاننگ سے سر اجمل کو اپنے گھروں کا فون نمبر دے دیا، اور سر اجمل نے بھی اپنے ہونہار طالبعلموں کی خواہش احترام کرتے ہوتے ہوئے، دونوں کے والد کو اپنے پاس تھوڑے وقت کے لئے اسکول بلوا لیا تاکہ سامنے بیٹھ کر بچوں کے مسئلے کو حل کر سکیں دوسرے دن قمر اور اجمل نے فری پیریڈ میں چھپ کر دیکھا تو دونوں کے والد سے سر اجمل محو گفتگو ہیں دونوں نے سکون کا سانس لیا، کیونکہ وہ کچھ ڈر سے گئے تھے کہ معلوم نہیں ان کے والد آئیں گے یا نہیں!

وقار صاحب اور احمد صاحب آپ دونوں یہ بتائیں کہ اپنے بچوں کو کتنا چاہتے ہیں یقیناً بہت زیادہ اور ان کی خوشی آپ کی خوشی ہے، اور کیوں نہ ہو، دونوں ذہین اور باادب ہیں، لیکن یہ بتائیں وقار صاحب قمر آجکل اپنی کلاس میں کمپیوٹر کے مضمون کے بجائے بیالوجی کی کلاس میں زیادہ دلچسپی لے رہا ہے! اور احمد صاحب عمر ریاضی کو دلچسپی اور توجہ سے پڑھتا ہے، اور رزلٹ آپ لوگوں کے سامنے ہے، دونوں بچوں نے کتنے اچھے نمبروں سے اسکول میں ٹاپ کیا ہے، جبکہ آپ دونوں نے ان بچوں کے ذہنی رجحان کے برعکس مضامین ان کے سروں

پر مسلط کر دیئے ہیں۔ آج جبکہ وہ اپنے مضامین میں دلچسپی ہی نہیں رکھتے ہیں تو بھلا بتائیں وہ آگے چل کر اپنے کیئریر کا انتخاب کس طرح کر سکیں گے اور یہی ان بچوں کے لئے مشکل ترین مرحلہ ہوگا، جبکہ دونوں بچے اپنے پسندیدہ مضمون میں نمبر ون رہے ہیں، اگر آپ لوگوں کے منتخب مضامین میں بچوں نے کامیابی حاصل کر بھی لی تو کیا وہ اپنے شعبے میں وہ کامیابی حاصل کر سکیں گے، کیا وہ اپنے پیشے کے ساتھ انصاف کر سکیں گے۔ یقیناً اس کا دانش مندانہ جواب نہیں میں ہوگا۔ سر اجمل نے اپنی بات پر زور دیتے ہوئے بچوں کی پرزور حمایت کی! جیسے سن کر دونوں صاحبان کچھ شرمندہ سے ہو گئے۔

بچوں کو ذہنی رجحان کے برعکس جو مضامین آپ نے اپنی پسند سے دلوائے ہیں، اس میں وہ جدوجہد کے باوجود وہ کامیابی حاصل نہیں کر سکیں گے جو انہوں نے بچپن سے دیکھی ہے، وہ اپنی صلاحیتوں کو پہنچانتے ہیں، یہ بات نہ صرف آپ کے لئے بلکہ میرے لئے بھی فخر کا باعث ہے کہ میرے طالبعلموں میں اتنا شعور ہے کہ وہ اپنے منتخب شدہ مضامین کا انتخاب کریں، اور اپنے مضمون میں نمایاں کامیابی اسی صورت میں حاصل کر سکتے ہیں۔ جو ان کے ذہنی رجحان سے مطابقت رکھتے ہیں آپ دونوں یقیناً میری اس تمہید کا مقصد سمجھ چکے ہونگے۔ آپ ہمارے آجکل کے نوجوانوں کو دیکھیں وہ اپنے کیریئر کو ٹھیک سے سمجھ نہیں پا رہے ہیں۔ بہت سے نوجوان میرے شاگرد ہیں اور اب جبکہ وہ اعلیٰ ملازمتوں میں اپنی کارکردگی دکھا تو رہے ہیں مگر وہ انصاف نہیں کر پا رہے ہیں۔ کیوں کہ انہوں نے اندھے کنویں میں چھلانگ لگا دی تھی۔ خیر!

یہ میرے ننھے شاگرد مجھے یقین ہے انتھک محنت اور جدوجہد سے اپنے کیریئر کا انتخاب کریں گے اور کامیابی حاصل کریں گے جو نہ صرف آپ اور اس ملک کے لئے ایک نمایاں مقام ہوگا، مجھے پورا یقین ہے آپ لوگوں کو اس پر اعتراض نہ ہوگا، بقول علامہ اقبال

مٹا دے اپنی ہستی کو اگر کچھ مرتبہ چاہے
کہ دانہ خاک میں مل کر گل و گلزار ہوتا ہے

اپنی بات ختم کر کے سر اجمل نے معذرت چاہی کہ ان کا پیریڈ شروع ہو چکا ہے۔ ورنہ ضرور چائے منگواتا۔ پھر آپ دونوں نے کیا سوچا! سر اجمل نے پھر فیصلہ مانگا۔

تو دونوں کے والدین نے معذرت چاہی کہ ہم نے اپنے فیصلے بچوں پر مسلط کر دیئے جبکہ ان کا ذہنی رجحان کچھ اور ہے۔ اور یہ بات بھی مان لی کہ واقعی بچوں کے قریب ان کے استاد ہوتے ہیں۔ جو کہ ذہن کو پڑھتے ہیں۔ اور عقاب نگاہوں سے دیکھتے ہیں۔ بچوں کے والدین اصل میں استاد ہی ہوتے ہیں۔ چلتے ہیں سر، وقار صاحب اور احمد صاحب نے اجازت چاہی۔

جب سر اجمل نے بچوں کو مضمون بدلنے کی خوشی خبری سنائی تو دونوں بچوں نے سر اجمل کو تحفہ پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ سر اجمل نے مسکرا کر اپنے ذہین طالبعلموں کو آنے والے مستقبل کے لئے دعائیں دیں۔

☆☆☆☆

خیالی پلاؤ

شیخ چلی ایک مشہور آدمی گزرا ہے۔ جس کی بے وقوفی کی کہانیاں آپ نے بھی سنی ہوں گی۔ ایک دن شیخ چلی بازار میں جا رہا تھا کہ کسی سپاہی نے تیل کا کپا خریدا اور اسے بلا کر کہا ''ارے میاں! یہ کپا اٹھا کر ہمارے گھر تک لے چلو۔ دو آنے مزدوری دیں گے۔''

شیخ چلی نے ''بہت اچھا'' کہہ کر کپا تو سر پر اٹھا لیا اور دل میں خیالی پلاؤ پکانا شروع کیا کہ ''یہ دو آنے ملیں گے تو

ایک مرغی خریدوں گا اور پھر اس کے انڈوں سے بہت سے بچے نکلیں گے پھر انہیں بیچ کر ایک بکری لے لوں گا اس کے بچے بڑھتے بہت سے ہو جائیں گے تو انہیں بیچ کر ایک بھینس اور بھینس کو بیچ کر کچھ زمین خرید لوں گا۔ اتنے میں بیاہ ہو کر کئی بال بچے بھی پیدا ہو جائیں گے میں جب کھیت پر سے بھینس کے لئے چارے کا گٹھا سر پر اٹھا کر گھر میں آیا کروں گا تو بال بچے ٹانگوں سے چمٹ جائیں گے کہ ''ابا آئے، ابا آئے'' میں جھڑک کر ''ہٹو ہٹو'' کہتا ہوا گٹھا زمین پر پٹک دوں گا۔''

یہ خیال آتے ہی شیخ نے تیل کے کپے کو چارے کا گٹھا سمجھ کر زمین پر دے مارا اور تیل سارے کا سارا زمین پر لنڈھ گیا۔

تیل کے مالک نے کہا۔ ''ارے نالائق! کیا بھنگ پی ہوئی ہے کہ دس روپے کا تیل گرا کر سب خاک میں ملا دیا۔''

''شیخ نے جواب دیا کہ تم تو دس روپے کو روتے ہو۔ میرا سارا کنبے کا کنبہ غارت ہو گیا ہے۔''

دھوبی کی نادانی

اقصیٰ لیاقت:

ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ کسی گاؤں میں بہت ہی غریب دھوبی رہتا تھا۔ کپڑوں کی دھلائی کے ساتھ ساتھ اس کو آسمان کو قریب سے دیکھنے کا بہت شوق تھا وہ اور اس کی بیوی روز دھوبی گھاٹ پر کپڑے دھونے جاتے تھے۔ ایک روز جب اس کی بیوی کپڑوں کو سوکھا رہی تھی اس کی نظر آسمان پر پڑی اور کیا دیکھتی ہے کہ آسمان سے ایک ہاتھی اڑتا ہوا زمین پر اتر رہا ہے اور جیسے ہی وہ زمین پر اترا تو وہ غائب ہو گیا۔ دو تین روز تک وہ یونہی ہاتھی کو زمین پر اترتا دیکھتی رہی۔ ایک رات اس نے یہ سارا ماجرہ دھوبی کو بتایا۔ دھوبی پہلے تو بہت حیران ہوا مگر پھر فیصلہ کیا کہ کل وہ اس ہاتھی پر نظر رکھیں گے کہ آیا یہ ہاتھی زمین پر کیوں اترتا ہے اور پھر غائب ہو جاتا ہے آخر ایسا کیا ہے۔ اگلے دن دونوں شدت سے اس کا انتظار کرنے لگے۔ آسمان پر بار بار نظر دوڑانے لگے۔ آخر انتظار کا وقت ختم ہوا اور ان کو آسمان سے ہاتھی زمین پر اترتا نظر آ ہی گیا۔ دونوں اس کے پیچھے چل پڑے ہاتھی گنے کے کھیتوں میں گھس گیا اور خوب پیٹ بھر کر گنے کھانے لگا۔ ہاتھی کا پیٹ بھرا اور اڑنے کی تیاری کرنے لگا جیسے ہی اس نے اڑان بھری دونوں میاں بیوی نے بھی ہاتھی کی دم پکڑ لی اور ہاتھی کے ساتھ اڑنے لگے۔ ہاتھی آسمان کی بلندیوں کو پہنچا تو دھوبی کیا دیکھتا ہے کہ ایک پہاڑ ہیرے سونے کے جواہرات سے چمک رہا ہے یوں لگ رہا تھا جیسے کوئی اپنا خزانہ یہاں چھوڑ کر بھولے بیٹھا ہے۔ دونوں میاں بیوی کی آنکھیں دنگ رہ گئی۔ آخر ہاتھی پہاڑ پر اتر گیا۔ دونوں میاں بیوی بھاگ کر سونے پر ٹوٹ پڑے اور زیادہ سے زیادہ سونا اکٹھا کرنے کی کوشش کرنے لگے۔ رات کے بڑھتے اندھیرے سے پریشان ہونے لگے اچانک ان کو خیال آیا کہ صبح ہوتے ہی وہ ہاتھی کی دم پکڑ کر زمین پر اتر جائیں گے۔ آخر صبح

ہوئی اور ویسا ہی کیا جو انہوں نے سارا رات سوچتے گزار دی۔ خیر زمین پر اترے اور اپنے گھر کی طرف رواں دواں ہو گئے۔ ایک غریب دھوبی جو دن بہ دن امیر ہوتا جا رہا تھا اس کو دیکھ کر سارا گاں حیران و پریشان ہو گیا کہ اچانک ایسا کیا ہوا کہ دھوبی اتنا امیر ہو گیا ہے۔ گاں کے لوگ دھوبی کے پاس آئے اور اس کے یوں اچانک امیر ہونے کا راز پوچھنے لگے۔ دھوبی ان کو کچھ نہ بتاتا۔ ایک دن دھوبی کسی کام سے شہر سے باہر نکل گیا۔ اس بات کا فائدہ اٹھاتے ہوئے ان کی ہمسائی دھوبن کے پاس آئی اور باتوں باتوں میں خزانے کا راز اگلوا لیا۔ رات کو جب دھوبی واپس آیا دھوبن نے سارا ماجرا بتایا۔ دھوبی کو اس حرکت پر بہت غصہ آیا مگر اب بات ہاتھ سے نکل چکی تھی۔ صبح سارا گاؤں دھوبی سے مدد مانگنے آ گیا کہ وہ ان کے ساتھ کھیتوں میں چلے اور ہاتھی کے ساتھ خزانے تک پہنچانے میں ان کی مدد کرے۔ یہ سب سننے کے بعد دھوبی کے دل میں لالچ پیدا ہو گئی کہ وہ ان کے ساتھ جا کے اور خزانہ اکٹھا کر کے لائے گا۔ یہ سوچ کر وہ ان کے ساتھ جانے کیلئے راضی ہو گیا۔ اگلی صبح سارے گاں والے کھیتوں کو نکل گئے اور آنکھیں آسمان پر جمائے بیٹھے تھے۔ ہاتھی زمین پر اترا اور گنے کھانے لگا۔ سب گاں والے اس طاق میں بیٹھے تھے کہ جیسے ہاتھی گنے کھا کے فارغ ہوگا وہ سب اس کی دم پکڑ کر اس خزانے تک پہنچ جائیں گے۔ جیسے ہی ہاتھی اڑنے لگا سب نے اس کی دم پکڑ لی۔ دھوبی سب سے آگے اس کی دم پکڑے تھا اور یوں اس کے پیچھے ایک لمبی قطار میں پورا گاں ایک دوسرے کو پکڑے ہاتھی کے ساتھ اڑے چلے جا رہے تھے۔ سب گاؤں والے آپس میں باتیں کرنے لگے کہ وہاں اتنا خزانہ ہوگا کہ ہم سب لے کر آ سکیں گے کسی نے کہا خود سے سوچنے سے اچھا ہے کہ ہم کیوں نہ دھوبی سے پوچھ لیں۔ ایک گاؤں والے نے پوچھا دھوبی وہاں کتنا سونا ہے؟ دھوبی خزانے کی لالچ میں گاؤں والوں کے ساتھ چل دیا تھا۔ دم کو چھوڑتے ہوئے ہاتھوں کے زاویے سے کہنے لگا اتنا زیادہ یہ کہنے کی دیر تھی کہ سب زمین پر سر کے بل گر پڑے اور ہاتھی مزے سے آسمان میں اپنی اڑان بھرنے لگا اور گاؤں والوں کو ان کی لالچ کی سزا مل گئی۔

رمضان کا درس

ماہِ مقدس کی آمد پر وزیر اعظم شہباز شریف نے اُمتِ مسلمہ کو مبارکباد دیتے ہوئے کہا کہ رمضان عبادت، تقویٰ اور روحانی پاکیزگی کی تجدید کا مہینہ ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ حقیقی عبادت کردار کی اصلاح اور باہمی ایثار کا سبق دیتی ہے جبکہ روزہ دراصل صبر، نظم اور ذمہ داری کی عملی تربیت ہے، رمضان کمزور طبقات کے احساس اور معاشرتی ذمہ داریوں کی یاد دہانی کراتا ہے۔ اُنہوں نے مزید کہا کہ مستحق افراد کو باعزت طریقے سے ڈیجیٹل والٹ کے ذریعے مالی امداد کا مقصد ہے کہ ہر کوئی سحر اور افطار کی رونقیں برقرار رکھ سکے۔ چند روز قبل وفاقی حکومت نے 38 ارب روپے کے رمضان ریلیف پیکیج کا اجراء کیا تھا جس کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے وزیر اعظم نے بتایا تھا کہ گزشتہ رمضان میں مستحقین کو ڈیجیٹل نظام کے ذریعے جو رقم فراہم کی گئی اسے رواں سال بڑھا کر 38 ارب روپے کر دیا گیا ہے، مستحقین کو فی خاندان 13 ہزار روپے دیئے جائیں گے۔ سیکرٹری بینظیر انکم سپورٹ پروگرام (بی آئی ایس پی) کے مطابق وزراء پر مشتمل کمیٹی رمضان پیکیج کے تمام مراحل کی نگرانی کرے گی اور رقم کی ادائیگی کے نظام کی نگرانی خود وزیر اعظم کر رہے ہیں۔

''شکریہ وزیر اعلیٰ'' سی ایم سٹروک مینجمنٹ پروگرام 45 سالہ محمد عمران کیلئے زندگی کی نوید بن گیا

پنجاب حکومت نے بھی صوبے کے ایک کروڑ افراد کے لئے 47 ارب روپے کے رمضان نگہبان پیکیج کا اعلان کیا جس کے تحت پنجاب کے 42 لاکھ مستحق خاندانوں کو 10 ہزار روپے فی خاندان دیئے جائیں گے۔ پنجاب حکومت کی طرف سے رمضان میں 20 لاکھ سے زائد افراد کو رمضان نگہبان کارڈز بھی مہیا کیے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف کے زیر صدارت عوامی ریلیف کے حوالے سے تین روز قبل ہونے والے اجلاس میں نادار افراد کے لئے سی ایم راشن کارڈ، نگہبان دسترخوان، سہولت بازار اور دیگر انتظامی امور کی منظوری دی گئی۔ اجلاس میں بتایا گیا کہ رمضان نگہبان کارڈ کے ذریعے کیش کے علاوہ دیگر ضروری اشیاء بھی خریدنے کی سہولت میسر ہو گی۔ کارڈ کے ذریعے نہ صرف بینک آف پنجاب کے "برانچ لیس" بینکنگ ایجنٹ بلکہ ون لنک نیٹ ورک کی کسی بھی اے ٹی ایم سے نقد رقم حاصل کی جا سکے گی۔ بینک آف پنجاب کے مقررہ دکانداروں سے بھی رمضان نگہبان کیش کے ذریعے خریداری کی جا سکے گی۔ اجلاس میں مزید بتایا گیا کہ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے کارڈ کی ایکٹیویشن کے لئے 136 مراکز قائم کرنے کی ہدایات دیں، یہ پنجاب بینک کی اے ٹی ایم پر بھی ایکٹیویٹ کیا جا سکے گا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ پنجاب بھر میں راشن کارڈ ہولڈرز کو بھی رمضان المبارک میں تین ہزار ماہانہ کی بجائے 10 ہزار روپے دیئے جائیں گے جبکہ اجلاس میں رمضان نگہبان ڈیش بورڈ قائم کرنے کا فیصلہ کیا گیا، کارڈ ہولڈرز کو کال کر کے کاؤنٹر چیکنگ کا نظام بروئے کار لایا جائے گا۔ اجلاس میں پنجاب کی ہر تحصیل میں رمضان المبارک میں آٹھ نگہبان دسترخوان "مریم کے مہمان" کے نام سے قائم کرنے کی منظوری بھی دی گئی جن کے تحت ہر روز دو ہزار روزہ داروں کی افطاری کرائی جائے گی۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ رمضان المبارک میں 30 اضلاع میں 65 سہولت بازار فنکشنل ہوں گے جبکہ 50 سہولت بازار 15 سہولت (آن دی گو) اور دیگر 11 اضلاع میں عارضی رمضان سہولت بازار قائم کیے جائیں گے۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز نے فری ہوم ڈیلیوری کے لئے نگہبان کارڈ سے بھی ادائیگی کی سہولت فراہم کرنے کی ہدایت کی۔ وزیر اعلیٰ مریم نواز شریف نے 60 تحصیلوں میں سہولت بازار کے لئے فوری طور پر اراضی کی نشاندہی کا حکم دیا، اجلاس میں اِن بازاروں میں نرخ، صفائی، سکیورٹی اور دیگر امور کی نگرانی کے لئے 1250 کیمروں کے ساتھ صوبائی مانیٹرنگ روم قائم کرنے کا بھی فیصلہ کیا گیا۔ مریم نواز نے کہا کہ پنجاب کا کوئی بھی مستحق خاندان رمضان المبارک میں تنہائی محسوس نہ کرے، صاحبِ ثروت افراد کو اپنے اِرد گرد موجود مستحق لوگوں کو کھانا کھلانا چاہئے، لوگوں کی خدمت کر کے رمضان المبارک میں دنیا اور آخرت سنواری جا سکتی ہے۔ رمضان کی آمد کے ساتھ ایک اچھی خبر یہ آئی کہ اپوزیشن نے پارلیمنٹ ہاؤس کے اندر دھرنا ختم کر دیا، سپریم کورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے سینیٹ میں اپوزیشن لیڈر علامہ ناصر عباس کا کہنا تھا کہ رمضان کی آمد کی وجہ سے دھرنا ختم کر رہے ہیں، جلد ہی اگلا لائحہ عمل طے کریں گے۔ اُنہوں نے کہا کہ بانی پی ٹی آئی عمران خان کی صحت سے متعلق خدشات موجود ہیں اور اُن کا علاج شفاء انٹرنیشنل ہسپتال میں ہونا چاہئے، اُن کی بہنوں اور ڈاکٹروں سے ملاقات کرائی جائے تا کہ وہ مطمئن ہو سکیں۔ اِس موقع پر وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا (کے پی) سہیل آفریدی نے کہا کہ صوبے کے عوام نے خود دھرنا دیا تھا تاہم قیادت کے اعلان پر اُسے ختم کر دیا۔ کے پی پولیس نے پشاور ہائیکورٹ کے حکم پر منگل اور بدھ کی درمیانی رات صوبے بھر میں دیئے گئے دھرنے ختم کرا دیئے تھے۔ پی ٹی آئی کے کارکنوں کا مطالبہ تھا بانی کو آنکھ کے علاج کے لئے ہسپتال منتقل کیا جائے۔

رمضان المبارک کا مقدس مہینہ ایک بار پھر اپنی رحمتوں، برکتوں اور مغفرتوں کے ساتھ اہلِ ایمان کے دروازے پر دستک دے چکا ہے۔ خوش آئند یہ ہے کہ نہ صرف ملک بھر سے دھرنے اور احتجاج ختم ہو چکا ہے بلکہ حکومتیں بھی عوام کو زیادہ سے زیادہ ریلیف دینے کے لئے جو ممکن ہے وہ کر رہی ہیں۔ رمضان محض عبادات کے معمولات میں اضافے کا نام نہیں بلکہ ایک جامع روحانی، اخلاقی اور سماجی تربیت کا نظام ہے جس کا مقصد انسان کے ظاہر و باطن کو سنوارنا ہے۔ روزہ انسان کو صبر، برداشت، تقویٰ اور نظم و ضبط سکھاتا ہے جبکہ بھوک اور پیاس کی شدت اِسے معاشرے کے کمزور اور محروم طبقات کی مشکلات کا احساس دلاتی ہے۔ یہی احساس رمضان کی اصل روح ہے جو انسان کو ایثار، ہمدردی اور سخاوت کی طرف راغب کرتا ہے۔ بدقسمتی سے ہمارے معاشرے میں رمضان کے تقدس کے باوجود بعض منفی رجحانات بھی نمایاں ہو جاتے ہیں۔ اشیائے خورد و نوش کی مصنوعی قلت، ذخیرہ اندوزی، قیمتوں میں غیر معمولی اضافے کے ذریعے منافع خوری نہ صرف عام آدمی کی مشکلات میں اضافہ کرتا ہے جو حقیقی معنوں میں اِس مبارک مہینے کی روح کے منافی ہے۔ تاجر برادری کو بطور خاص دیانتداری اور خوفِ خدا کو مقدم رکھنا چاہئے جبکہ حکومت کو بھی موثر نگرانی کے ذریعے عوام کو ریلیف کی فراہمی یقینی بنانی چاہئے۔ رمضان مشکلات میں اضافہ نہیں بلکہ معاشرے میں انصاف، آسانی اور خیر خواہی کو فروغ دیتا ہے، یہ مہینہ اجتماعی اصلاح کا بھی بہترین موقع فراہم کرتا ہے۔ مساجد میں عبادات، قرآن فہمی، تراویح اور اعتکاف جیسے اعمال انسان کے روحانی تعلق کو مضبوط بناتے ہیں مگر اِس کے ساتھ ساتھ معاشرتی رویوں کی اصلاح بھی اتنی ہی ضروری ہے، بہترین روزہ وہ ہے جو انسان کے اخلاق اور کردار میں مثبت تبدیلی پیدا کرے۔ افطار دسترخوانوں پر امیر اور غریب کا فرق مٹ جاتا ہے اور انسانیت کی بنیاد پر بنے تعلق کو فوقیت حاصل ہو جاتی ہے، اِس جذبے کو پورا سال برقرار رکھا جائے تو معاشرتی ہم آہنگی اور استحکام میں نمایاں بہتری آ سکتی ہے۔ اہلِ سیاست کو بھی اِس بابرکت مہینے میں عہد کر لینا چاہئے کہ وہ مل کر ملک کی ترقی میں اپنا کردار ادا کریں گے، تقسیم کے بجائے اتحاد کی بات کریں گے، ایک دوسرے کو معاف کر کے آگے بڑھیں گے۔

ضروری نوٹس

اخبار میں خلوص نیت سے مضامین شائع کیئے جاتے ہیں مضامین کی اشاعت کا مطلب یہ ہرگز نہیں کہ مدیر و ایڈیٹر تحریر اور راقم مضمون کی سوچ سے متفق ہے۔

ادارہ

رمضان شریف: موبائل فون کو ایک طرف رکھ دیجئے!

تنویر قیصر شاہد

یہ ڈیجیٹل دَور ہے۔ چاہتے ہُوئے بھی ہم اِس ڈیجیٹائزیشن سے نجات حاصل نہیں کر سکتے۔ اگر ہم ڈیجیٹل دَور سے ہم آہنگ نہیں ہوتے تو قدم قدم پر احساسِ محرومی جان کو اٹک جاتا ہے۔ ہمارے بچے جس تیزی اور مہارت سے موبائل فون اور کمپیوٹر استعمال کرتے ہیں، اُنہیں دیکھ کر پتہ چلتا ہے کہ ''جنریشن گیپ'' کسے کہتے ہیں۔

موبائل فون ہماری ڈیجیٹل زندگی کا جزوِ ناگزیر بن چکا ہے۔ غریب ہو یا امیر، ہر گھر میں جتنے افراد ہیں، سب کے ہاتھ میں موبائل فون تھما ہے۔ اچھا لگے یا بُرا، خاتونِ خانہ باورچی خانہ میں ہانڈی بھی پکاتی جاتی ہیں اور ساتھ ساتھ موبائل فون پر رشتہ داروں اور سہیلیوں سے گپ شپ بھی کرتی دکھائی اور سنائی دیتی ہیں۔ ہاتھ میں فون نہ بھی تھما ہو، اسے آن کر کے باورچی خانے ہی میں کسی جگہ اٹکا دیا جاتا ہے اور من پسند ڈرامہ دیکھا جاتا ہے۔ باورچی خانے میں چاہے ہانڈی جَل جائے، مگر خاتونِ خانہ کی توجہ موبائل فون سے نہیں ہٹتی۔ یہ تقریباً ہم سب کے گھروں کا ''مشترکہ کلچرل منظر'' بن چکا ہے۔

موبائل فون جدید دَور کا لازمہ بن گیا ہے۔ اِس سے شائد کوئی مفر ہی نہیں۔ ہمارے گھر کے سامنے مسجد ہے۔ جب بھی اللہ کی توفیق سے باجماعت نماز ادا کرنے مسجد جاتا ہُوں، کئی بار دورانِ نماز کئی نمازیوں کے موبائل فون کی گھنٹی بجتی سنائی دیتی ہے۔ نماز میں واضح طور پر خلل بھی پڑتا ہے اور توجہ بھی بٹ جاتی ہے۔ کئی بار امامِ مسجد، جماعت کھڑی ہونے سے قبل، یہ کہتے ہُوئے سنائی دیے ہیں: ''مہربانی فرما کر موبائل فون کی گھنٹی بند کر دیجئے۔'' پہلے پہل امام صاحب یہ کہتے سنائی دیا کرتے تھے: ''برادران، مسجد میں موبائل فون مت لایا کیجئے۔'' اب نوبت صرف گھنٹی بند کرنے تک آ کر رُک گئی ہے۔

پھر بھی کئی نمازی گھنٹی بند کرنا بھول جاتے ہیں۔ اِسی سے اندازہ لگایا جا سکتا ہے کہ یہ موبائل فون ہماری جان کو کس طرح چمٹ گیا ہے۔ ایک بلا کی طرح! بچوں کی زندگیاں تو ویسے بھی اِس ''بلا'' نے ہلکان کر دی ہیں۔ اِس کے اثراتِ بد سے کوئی محفوظ نہیں ہے؛ چنانچہ ہم دیکھ رہے ہیں کہ مغربی ممالک (جنھوں نے موبائل فون کی بلا ایجاد کی ہے) قوانین وضع کر رہے ہیں کہ ''سترہ سال سے کم عمر بچوں کو موبائل فون استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہونی چاہیے۔'' کاش، اِس طرح کی قانون سازی ہمارے ہاں بھی کر دی جائے۔ میرا دو سالہ پوتا بھی صبح آنکھ کھولتے ہی، اپنی توتلی زبان یا اشاروں میں، ٹی وی یا موبائل فون دیکھنے کی خواہش کا اظہار کرتا ہے۔ کارٹون دیکھنے کے لیے!

اب الحمدللہ ہماری زندگیوں میں ایک بار پھر رمضان المبارک آ چکا ہے۔ 2026 کا رمضان شریف۔ آج ماشاء اللہ دوسرا روزہ ہے۔ عالمِ اسلام کے ساتھ ساتھ ساری معلوم دُنیا میں ماہِ رمضان المبارک کی گونج اور بازگشت سنائی دے رہی ہے۔ غیر مسلم بھی روزہ دار مسلمانوں کا احترام کرتے دکھائی دیتے ہیں اور بڑی حیرت کا اظہار کرتے ہیں کہ کس طرح پورا مہینہ یہ مسلمان 12 سے زائد گھنٹے بغیر کچھ کھائے پیئے گزار دیتے ہیں۔ رمضان شریف کے ایام میں واضح طور پر محسوس ہوتا ہے کہ مسلمانوں کا نیکیوں کی طرف رجحان بڑھ گیا ہے اور بدیوں سے اجتناب میں اضافہ ہو گیا ہے۔ اگرچہ روزوں کے دوران اسراف میں بھی اضافہ دیکھنے میں آتا ہے۔

یہ فیشن سا بن گیا ہے کہ سحری اور افطاری کے اوقات میں دُنیا جہان کی ہر مرغن اور لذیذ شئے دسترخوان پر ہونی چاہیے۔ حالانکہ یہ خواہش اور اہتمام دراصل روزے کی رُوح کے منافی ہے۔ مشاہدے میں یہ بات بھی آئی ہے کہ لاتعداد ایسے روزہ دار ہیں جو روزے کے دوران نماز و نوافل ادا کرنے اور قرآن شریف کی تلاوت کرنے کی بجائے موبائل کی اسکرین پر وقت گزاری کرتے ہیں۔

اور موبائل فون کی اسکرین پر جو کچھ نمودار ہوتا ہے، وہ اکثر روزے کی رُوح کو ہلاک کرنے کے لیے کافی ہے؛ چنانچہ رمضان شریف میں کوشش ہونی چاہیے کہ اِس موبائل فون کی ''لعنت'' سے کچھ گھنٹوں کے لیے ہی سہی، نجات حاصل کر لیں۔ یہ ''نجات'' مگر کیسے حاصل کی جائے، اِس کی ایک تدبیر مجھے اگلے روز ایک دینی جریدے میں نظر آئی ہے۔ اِس جریدے کا نام ''ماہنامہ عالمی ترجمان القرآن'' ہے۔ لاہور سے شائع ہوتا ہے۔ اِس جریدے کے فروری 2026 کے شمارے میں مجھے جناب رضی ولی محمد کا لکھا گیا ایک دلکشا آرٹیکل پڑھنے کو ملا ہے۔ اِس آرٹیکل کا عنوان ہی ''ڈیجیٹل رمضان'' ہے۔

میں چاہتا ہُوں کہ روزے کو تقویت دینے والے اِس آرٹیکل کے کچھ اقتباسات اپنے معزز و محترم قارئین کے سامنے رکھوں: کہ رمضان شریف میں موبائل فون کو ایک طرف رکھتے ہُوئے ہم کیسے رمضان کی مبارک و مسعود گھڑیوں سے استفادہ کر سکتے ہیں۔ اِس کے لیے مضمون نگار (رضی ولی محمد صاحب) نے کچھ تجاویز دی ہیں، جو یوں ہیں:

''رمضان میں روزہ رکھ کر جس طرح بارہ سے چودہ گھنٹے ہم اللہ کی خوشنودی کیلیے کھانے پینے، اور جنسی خواہشات سے دُور رہتے ہُوئے روزہ دار کہلاتے ہیں

وی شانتارام

رئیس فاطمہ

غیر منقسم برصغیر میں فلمیں تفریح کا واحد ذریعہ تھیں، اس وقت پنجابی فلموں اور اردو ادب کا مرکز لاہور تھا، جب کہ اردو اور ہندی فلموں کا مرکز بمبئی (ممبئی) تھا، جب بلیک اینڈ وائٹ فلموں کا دور تھا، سوہنی مہینوال پہلی پنجابی فلم تھی جس کا میوزک ماسٹر غلام حیدر نے دیا تھا، ابتدا میں بہت بڑے بڑے نام فلمی دنیا میں سامنے آئے جنھوں نے فلموں کو ایسے ایسے موضوعات دیے کہ دیکھنے والے دنگ رہ گئے، ان ابتدائی موسیقاروں، ہدایت کاروں، پروڈیوسر اور لکھاریوں کی ایک کہکشاں ہے جو کوندتی نظر آتی ہے۔

اس دور میں نٹن بوس، دیویکا رانی، ستارہ دیوی، کے آصف، ڈائریکٹر محبوب، تارا چندر بھاطیہ، طلعت محمود، راج کمار، ایس ایس واسن نمایاں تھے۔ اداکاروں میں پرنس آف منروا مودی ٹون صادق علی، پرتھوی راج کپور، مدھو بالا، دلیپ کمار، نرگس، نلنی جیونت، ثریا اور مینا کماری بہت خاص ہیں جنھوں نے لاجواب فلمیں شائقین کو دیں۔ کے آصف کی مغل اعظم، کمال امروہوی کی پاکیزہ، محبوب کی مدر انڈیا خاص طور پر قابل ذکر ہیں۔

فلمی ستاروں کی کہکشاں کا ایک چمکتا ستارہ تھا وی شانتا رام جو اداکار، ہدایت کار، پروڈیوسر اور کہانی کار تھے۔ یہ سب سے الگ اور منفرد تھے، انھوں نے بڑی شاہکار فلمیں فلم بینوں کو دیں۔ وی شانتا رام کا جنم کولہاپور میں 18 نومبر سن 1901 میں ہوا۔ ان کا پورا نام راجہ رام وانکوندرے رکھا گیا، شانتا رام کا من پڑھائی میں نہیں لگتا تھا۔ ابتدا میں انھوں نے گندھروا ناٹک منڈلی میں پردہ کھینچنے کے کام سے اپنے فلمی سفر کا آغاز کیا۔ شانتا رام کافی وجیہ اور خوبصورت انسان تھے۔ قد چھ فٹ تھا، یوں لوگوں کی نظروں میں جلد آ گئے۔

تھیٹر کے زمانے میں وہ بابوراؤ پینٹر کے رابطے میں آ گئے اور فلم بینی کی تربیت حاصل کی۔ شانتا رام نابغہ روزگار تھا، پڑھا لکھا نہ ہونے کے باوجود وہ کافی ذہین اور تیز تھے، وہ بہت جلد فلم کی باریکیوں سے واقف ہو گئے۔ 1925 میں بابوراؤ پینٹر نے انھیں اپنی فلم ''سادوکاری پاش'' میں ایک کسان کا رول دیا۔ وی شانتا رام فلمی افق پر ایک درخشندہ ستارہ تھا۔ انھوں نے 1927 میں ایک فلم ''نیتا جی پالکر'' کی ہدایت کاری بھی کی۔ اس فلم کی ہدایت کاری نے انھیں فلمی دنیا میں ایک سمت دی۔ انھوں نے چار ٹیکنیشنوں کو ساتھ ملا کر اپنی کمپنی ''پربھات فلم کمپنی'' کی بنیاد ڈالی۔ اس کمپنی میں چار افراد تھے یہ چاروں فلم کے مختلف شعبوں سے وابستہ تھے۔ 1932 میں شانتا رام نے ''ایودھیا راجہ'' نامی فلم بنائی جس کا مقصد دادا صاحب پھالکے کو خراج عقیدت پیش کرنا تھا، اس فلم نے فلمی دنیا کو درگا کھوٹے جیسی خوبصورت اداکارہ دی۔

1934 میں انھوں نے ''امرت منتھن'' نامی فلم بنائی، 1935 میں انھوں نے ''مہاتما'' نامی فلم بنائی، یہ فلم ذات پات کی تقسیم کے موضوع پر تھی اور ایک جرأت مندانہ کاوش تھی جسے فلم بینوں نے بہت سراہا۔ فلم باکس آفس پر کامیاب رہی اور شانتا رام کا قد بہ حیثیت ہدایت کار اور بھی بلند ہو گیا، یہ لوگ سینما کے معمار تھے۔

وی شانتا رام کی فلمیں موضوعاتی اعتبار سے اچھوتی ہوا کرتی تھیں، انھوں نے زیادہ تر سماجی فلمیں بنائیں جس میں ایک پیغام ہوا کرتا تھا۔ 1936 میں انھوں نے ''سنت تکارام'' بنائی جو مہاراشٹر کے ایک مقبول شاعر تھے، اس کردار کو ادا کارنے بڑی خوبی سے ادا کیا۔ فلم میں اس قدر سادگی اور نفاست تھی کہ 1937 کے وینس فلم فیسٹیول میں اعزاز سے نوازا گیا اور بڑی پذیرائی ملی۔ یہ پہلی ہندوستانی فلم تھی جسے بیرون ملک سراہا گیا۔

1936 میں ہی انھوں نے ایک فلم ''امر جیوتی'' بنائی جو ایک عورت کے کردار کے گرد گھومتی تھی، فلم تھی موضوع کے اعتبار سے ایک اچھوتی فلم تھی۔ 1937 میں انھوں نے فلم ''دنیا نہ مانے'' بنائی یہ فلم بھی عورت کے کردار کے گرد گھومتی تھی، اس فلم کو پبلک نے بہت سراہا۔ 1939 میں انھوں نے فلم ''آدمی'' بنائی، یہ فلم شانتا رام کی یادگار فلموں میں سے ایک ہے۔ 1941 میں انھوں نے فلم ''پڑوسی'' بنائی، یہ فلم ہندو مسلم فساد پر بننے والی پہلی فلم تھی، اس فلم کو بھی عوام نے بے حد سراہا۔ یہ ایک شاہکار فلم تھی۔

شانتا رام نے پربھات فلم سے الگ ہو کر اپنی ذاتی فلم کمپنی بنائی اور اس کے تحت فلم ''شکنتلا'' بنائی۔ اس فلم نے کامیابی کے سارے ریکارڈ توڑ دیے، یہ فلم 104 ہفتے چلی۔ 1946 میں انھوں نے ''ڈاکٹر کوٹنس کی امر کہانی'' بنائی۔ یہ ایک سچی کہانی تھی جسے خواجہ احمد عباس نے فلم کے لیے لکھا تھا، اس فلم کی دیس بدیس خوب پذیرائی ہوئی۔ 1955 میں انھوں نے ''چھنک چھنک پائل باجے'' 1959 میں ''نورنگ''، 1963 میں ''سہرا''، 1971 میں ''جل بن مچھلی نرتیہ بن بجلی'' بنائی۔

یہ تمام فلمیں کلاسیکی رقص پر مبنی تھیں، ان فلموں نے شانتا رام کو شہرت کی معراج تک پہنچا دیا۔ خاص کر ''چھنک چھنک پائل باجے'' کی موسیقی، رقص اور جان دار کہانی کی وجہ سے آج تک شائقین کو یاد ہے۔ بقیہ تینوں فلموں کا موضوع بھی کلاسیکل رقص تھا جسے پبلک نے بے حد پسند کیا، خاص کر ''نو رنگ'' اپنے میوزک کی وجہ سے بھی یادگار فلم تھی۔ ایک اور فلم تھی ان کی ''دو آنکھیں بارہ ہاتھ'' یہ ایک لاجواب فلم تھی۔ اس فلم کا ایک گیت برسوں بنا کا گیت مالا میں ریڈیو سیلون سے بجتا رہا، لتا کی آواز میں یہ کورس بہت مقبول ہوا۔

اے مالک تیرے بندے ہم
ایسے ہوں ہمارے کرم
نیکی پہ چلیں اور بدی سے بچیں
تا کہ ہنستے ہوئے نکلے دم

''دو آنکھیں بارہ ہاتھ'' ہر لحاظ سے ایک شاہکار فلم تھی، جسے پوری دنیا میں سراہا گیا، ہدایت کاری کے لحاظ سے، میوزک کے لحاظ سے، مکالمہ کی وجہ سے، فوٹو گرافی ہو یا پروڈکشن ہر لحاظ سے یہ ایک نہایت عمدہ فلم تھی۔ اس فلم کو پہلی بار سان فرانسسکو کے فلمی فیسٹیول میں دکھایا گیا۔ یورپ کے فلم سازوں نے اس فلم کو خوب سراہا۔ اس فلم کے لیے انھیں کئی اعزازات سے نوازا گیا جن میں 1958 میں نیشنل ایوارڈ، اس فلم کے لیے برلن ایوارڈ، OCIC فلم ایوارڈ، 1959 میں گولڈن گلوب ایوارڈ اور سمبل گولڈ گلوب ایوارڈ اور دو اور فلمیں بھی ایسی تھیں جو مدتوں یاد رکھی جائیں گی۔ ایک فلم ''پرچھائیں''، جس میں شانتا رام نے ہیرو کا اور ان کی بیوی جے شری نے ہیروئن کا رول کیا تھا۔ اس فلم میں سندھیا بھی تھی جو بعد میں شانتا رام کی بیوی بھی بنی۔ فلم ''پرچھائیں'' شانتا رام کی اپنی کہانی بن گئی تھی، اس فلم کے دو گیت بہت مقبول ہوئے تھے، ایک طلعت محمود کا گایا ہوا یہ گیت:

محبت ہی نہ جو سمجھے وہ ظالم پیار کیا جانے
تڑپتی دل کے تاروں سے جو ہے جھنکار کیا جانے

اور دوسرا لتا کا گایا ہوا یہ گیت جو جے شری پہ فلمایا گیا تھا:

کٹتے ہیں دکھ میں یہ دن پہلو بدل بدل کے
رہتے ہیں دل کے دل میں ارماں مچل مچل کے

شانتا رام نے تین شادیاں کیں، پہلی بیوی کا نام وملا تھا جس سے ان کے کئی بچے ہوئے۔ دوسری بیوی جے شری سے ان کے تین بچے ہوئے اور سندھیا سے ان کے چار بچے ہوئے۔ ایک بیٹی نے ہندوستان کے نامی گرامی کلاسیکل گلوکار پنڈت جسراج سے شادی کی۔ انھیں اپنی سڑسٹھ سالہ زندگی میں بہت سے اعزازات سے نوازا گیا۔ 1985 میں دادا صاحب پھالکے ایوارڈ اور 1992 میں پدم بھوشن ایوارڈ، 1992 میں ان کا انتقال ہوا۔ ایک اور بلیک اینڈ وائٹ فلم تھی ''صبح کا تارا''، اس کی ہیروئن جے شری تھی، محبوب خان، کے آصف، کمال امروہوی اور شانتا رام جیسے لوگ کبھی بھلائے نہیں جا سکتے۔ جب بھی برصغیر کی تاریخ لکھی جائے گی اور اس میں فلموں کا ذکر ہو گا تو یہ چار نام سرفہرست رہیں گے۔

شانتا رام بڑے کھلے دل اور اعلیٰ ظرف کے مالک تھے، ان کا کبھی کسی سے جھگڑا نہیں ہوا۔ وہ ایک کامیاب انسان تھے جس سے ان کی شہرت کو چار چاند لگے، لیکن وہ کبھی بد دماغ نہیں رہے۔ ہر ایک سے جھک کر ملنا اور دوسروں کے کام آنا ان کی فطرت تھی۔

بے مقصد دھرنے اور الٹی میٹم

محمد سعید آرائیں

اڈیالہ جیل کے سامنے بانی پی ٹی آئی کی ہمشیراؤں کے ہفتہ وار احتجاج، عارضی دھرنوں، وزیر اعلیٰ کے پی کے اڈیالہ کے بار بار چکروں میں ناکامی کے بعد چیف جسٹس پاکستان سے ملاقات رنگ لائی اور بانی کی جسمانی صحت، بینائی کے مسئلے، بانی سے ملاقاتیں نہ کرانے پر حکومت کے خلاف پی ٹی آئی کی شکایات کا ازالہ سپریم کورٹ کے حکم پر ہی ہوا اور بانی کے وکیل نے اپنی تفصیلی رپورٹ سپریم کورٹ میں جمع کرائی جس پر چیف جسٹس نے حکم بھی صادر کیا مگر پی ٹی آئی نے دو تین دن کا صبر بھی گوارا نہ کیا اور بانی کی صحت پر جو سیاست شروع کی وہ حکومت کی غلط پالیسی کے باعث کسی حد تک کامیاب بھی ہو گئی اور بانی کی بینائی کی خبریں اخبارات کی شہ سرخیاں بنیں اور الیکٹرانک میڈیا میں بھی نمایاں ضرور ہوئیں۔ تجزیہ کاروں نے اپنے اپنے حساب سے بانی کی صحت پر تبصرے کیے اور غیر جانبدار تجزیہ کاروں کو بھی حکومت کی پالیسی پر تنقید کا موقعہ مل ہی گیا۔

حکومتی حامیوں کو بھی تسلیم کرنا پڑا کہ جیلوں میں کسی بھی وجہ سے قیدیوں کے بھی حقوق ہوتے ہیں جو انھیں ملنے چاہئیں مگر پنجاب حکومت اور وفاقی حکومت نے نہیں دیے۔ (ن) لیگی رہنما میاں جاوید لطیف کو بھی کہنا پڑا کہ کسی حکومت کو کسی کی زندگی سے کھیلنے کی اجازت نہیں مگر خود بانی اپنے اقتدار میں کس طرح دوسروں کی صحت کا مذاق اڑایا کرتے تھے وہ بھی مناسب نہیں تھا۔ (ن) لیگی رہنما خواجہ سعد رفیق کے بیان سے بھی بانی کی حمایت نظر آئی۔ تجزیہ کاروں کا موقف بھی درست تھا کہ قیدیوں کے علاج کے لیے بروقت اقدامات حکومت کی ذمے داری ہے۔ آنکھ کا مسئلہ سیریس ہوتا ہے جس پر حکومت اور پی ٹی آئی کسی کو بھی سیاست نہیں کرنی چاہیے۔

حکومت کی طرف سے مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ ہوا ہے جو نہیں ہونا چاہیے تھا کیونکہ بانی سابق وزیر اعظم ہیں انھیں فوری توجہ کی ضرورت تھی۔ ایک تجزیہ کار کا کہنا ہے کہ سپریم کورٹ کے حکم پر ہی سلمان صفدر نے بانی سے ملاقات کی تو یہ مسئلہ سامنے آیا، اگر آنکھ کا کوئی مسئلہ تھا تو جنوری میں بانی کی ہمشیرہ جب بانی سے ملی تھیں تو اس وقت آنکھ کے علاج کی بات ہی نہیں ہوئی تھی۔ وزیر مملکت طلال چوہدری کا کہنا ہے کہ بانی کی آنکھ اور بینائی کا فیصلہ وکیل نہیں ڈاکٹروں نے ہی کرنا ہے اور حکومت نے کوئی لاپرواہی نہیں کی اور سلمان صفدر سے ملاقات سے قبل بانی نے خود کچھ نہیں بتایا تھا۔ پی ٹی آئی کی طرف سے جیل کے سابق سپرنٹنڈنٹ پر بھی الزامات لگائے جا رہے ہیں جب کہ ان کی طرف سے تو کہا گیا ہے کہ بانی نے بینائی کی معمولی شکایت کی تھی جس پر متعدد بار ڈاکٹروں نے معائنہ کیا تھا اور دوائی بھی دی تھی۔ سابق سپرنٹنڈنٹ جیل نے تو چارج چھوڑنے سے قبل بھی بانی کا معائنہ کرایا تھا۔

یہ بھی درست ہے کہ بانی کی بہنوں اور پی ٹی آئی کو بانی سے ملاقاتیں نہ کرانے کی ضرور شکایات تھیں اور عدالتوں سے بھی رجوع کیا گیا تھا۔ حکومت نے بانی سے ملنے پر کسی وجہ سے پابندی لگائی تھی کیونکہ بانی کی بہنیں ملاقاتوں کے بعد بھی سیاست کر رہی تھیں اور ہر منگل چند گھنٹوں کے لیے احتجاج و دھرنا بھی ہوتا تھا۔

ملاقات نہ کرانا حکومتی مسئلہ تھا مگر جیل انتظامیہ کی طرف سے بانی کی آنکھ کا مسئلہ بڑھ جانے پر حکومت نے بانی کو پمز لا کر ان کی آنکھ کا معائنہ بھی کرایا تھا مگر حکومت نے یہ حقیقت چھپائی بھی تھی جو غلط حکومتی فیصلہ تھا۔ بعد میں حکومت نے تصدیق بھی کی جس سے پی ٹی آئی کو شکایتوں کا موقعہ ملا اور سلمان صفدر کی ملاقات کے بعد پی ٹی آئی رہنماؤں نے اس کو بڑا مسئلہ بنا دیا اور یہ تک کہا گیا کہ بانی پی ٹی آئی کی صحت سے زیادہ ضروری ہمارے لیے کچھ نہیں۔ اس بیان کا مقصد بینائی کے مسئلے کو سیاسی بنا کر احتجاج و دھرنے کا جواز پیدا کرنا تھا جو حکومتی غلط پالیسی سے پی ٹی آئی کو مل گیا۔

بانی کی ہمشیرہ علیمہ خان نے کہا کہ ہم الٹی میٹم دے رہے ہیں کہ بانی کو رہا کرو۔ سینیٹ میں پی ٹی آئی سینیٹروں نے ہنگامہ کیا جس پر حکومتی مشیر رانا ثنا اللہ نے کہا کہ پی ٹی آئی غیر ضروری احتجاج نہ کرے۔ معائنہ کرنے والے ڈاکٹر جس سے کہیں گے حکومت بانی کا علاج کرائے گی۔ انھوں نے کہا کہ جنوری میں بانی کی آنکھ کی تکلیف کا بتایا گیا تھا اب ان کی صحت پر سیاست کرنا غلط ہے۔ پرویز رشید کا کہنا تھا کہ پی ٹی آئی کی اب لاشوں اور جھوٹوں کی سیاست نہیں چلے گی۔

مسلم لیگ (ن) کے رہنماؤں کا کہنا ہے کہ پی ٹی آئی کے احتجاج سے حکومت نہیں جھکے گی۔ پارلیمنٹ میں اپوزیشن نے پارلیمنٹ کے باہر دھرنا دینے کا اعلان کیا تھا جو حکومت نے نہیں ہونے دیا جس پر اپوزیشن ارکان نے ایوان صدر کی طرف جانے والے گیٹ پر دھرنا دیا اور نعرے بازی کی جو اپوزیشن کا حق تھا مگر 16 فروری کا انتظار نہیں کیا گیا اور وقت سے پہلے عدالتی فیصلہ نہ آنے پر بھی احتجاج کیا گیا۔

بانی کی ہمشیرہ علیمہ خان بانی کی رہائی کے لیے الٹی میٹم بھی دے رہی ہیں اور وزیر اعلیٰ کے پی اور پی ٹی آئی کے رہنماؤں کے سخت بیانات بھی آ رہے ہیں اور مخالفانہ بیان بازی بھی ہوئی ہے۔ سپریم کورٹ کی طرف سے 8 مقدمات بھی سماعت کے لیے مقرر ہو گئے ہیں اور عدالتی ریلیف بھی ملنے لگا ہے جس کے بعد احتجاج، دھرنے اور دھمکی آم

ایک نظر

خصوصی اشاعت

تحریر: علامہ پیر محمد تبسم بشیر اویسی

ماہِ رمضان المبارک کی فضیلت

عن ابی ھریرہ رضی اللہ عنہ قال قال رسول اللہ ﷺ اذا دخل شھر رمضان فتحت ابواب السماء وغلقت ابواب جھنم وسلسلت الشیاطین۔

حل لغات: فتحت: کھول دیئے جاتے ہیں۔ غلقت۔ بند کر دیئے جاتے ہیں۔ سلسلت۔ زنجیر ڈال دیئے جاتے ہیں۔ ''سیدنا ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا! جب ماہِ رمضان آجاتا ہے، تو آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور جہنم کے دروازے بند کر دئے جاتے ہیں اور شیطانوں کو زنجیروں میں قید کر دیا جاتا ہے''

تشریح: اس حدیث میں حضور سید دو عالم ﷺ نے ماہِ رمضان کی فضیلت میں ارشاد فرمایا کہ اسی ماہ میں آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور ایک روایت میں ہے: رحمت کے دروازے (اس میں محدثین نے اس طرح تطبیق دی ہے کہ) جنت آسمان کے اُوپر ہے اور جنت مقامِ رحمت بھی ہے۔ اب اس طرح ہوا کہ رحمت کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں اور خصوصی رحمتیں آسمانوں کے دروازوں سے زمین پر اترتی ہیں اور اہل جنت کو بھی معلوم ہو جاتا ہے کہ اب دنیا میں ماہِ رمضان آگیا ہے۔ لہٰذا وہ بھی آپ کی اُمت کے لئے دعائیں فرماتے ہیں، جس طرح دُوسری حدیث میں ہے کہ رمضان شریف آتا ہے تو عرش کے نیچے جنت کے پتوں پر سے موٹی آنکھ والی حوروں پر ایک خوشگوار ہوا چلتی ہے، تو حوریں عرض کرتی ہیں یا رب اپنے بندوں سے ہمارے خاوند بنا۔ اُن سے ہماری آنکھیں اور ہم سے اُن کی آنکھیں ٹھنڈی ہوں۔ (مشکوٰۃ شریف، بحوالہ بیہقی)

علامہ بدرالدین عینی نے عمدۃ القاری میں فرمایا: ''کہ جہنم کے دروازے بند ہونے سے مراد یہ ہے کہ بندوں سے گناہ متروک ہو جاتے ہیں۔ جو جہنم میں جانے کے اسباب ہوتے ہیں اور اس ماہ کی برکت سے گناہوں کی معافی ہو جاتی ہے اور بندے جہنم سے محفوظ ہو جاتے ہیں اور شیاطین کے قید کرنے سے مراد بھی گناہوں میں کمی کا ہونا ہے۔ جیسا کہ ماہِ رمضان میں محسوس ہوتا ہے۔ مساجد آباد ہوتی ہیں اور مجموعی طور پر گناہوں میں کمی آجاتی ہے اس کے علاوہ محدثین نے بھی تاویلیں فرمائی ہیں۔'' حضرت مولانا مفتی احمد یار خاں نعیمی رحمۃ اللہ علیہ نے شرح مشکوٰۃ میں فرمایا کہ حدیث اپنے ظاہر پر محمول ہے۔ لکھتے ہیں: ''حق یہ ہے کہ ماہِ رمضان میں آسمانوں کے دروازے کھلتے ہیں، جن سے اللہ تعالیٰ کی خاص رحمتیں زمین پر اترتی ہیں اور جنتوں کے دروازے بھی کھلتے ہیں، جس کی وجہ سے حور و غلمان کو خبر ہو جاتی ہے کہ دنیا میں ماہ رمضان آگیا ہے اور وہ روزہ داروں کے لئے دعاؤں میں مشغول ہو جاتے ہیں اور فرماتے ہیں ماہِ رمضان میں واقعی دوزخ کے دروازے ہی بند ہو جاتے ہیں جس کی وجہ سے اس مہینے میں گناہگاروں، بلکہ کافروں کی قبروں پر بھی دوزخ کی گرمی نہیں پہنچتی اور حقیقت میں ابلیس مع اپنی ذریت کے قید کر دیا جاتا ہے۔ اس مہینے میں جو کوئی گناہ کرتا ہے وہ اپنے نفس امارہ کی شرارت (جو گیارہ ماہ شیطان کی سنگت میں خراب ہوتا گیا۔) سے کرتا ہے۔''

فرماتے ہیں: ''فقیر کی اس تقریر سے اس حدیث کے متعلق بہت سے اعتراضات رفع ہو گئے۔ مثلاً یہ کہ جب ابھی جنت میں کوئی جا ہی نہیں رہا۔ تو اُس کے دروازے کھلنے سے کیا فائدہ یا یہ کہ جب دوزخ کے دروازے بند ہو گئے تو ماہ رمضان میں گرمی کہاں سے؟ یا یہ کہ جب شیطان بند ہو گیا تو اس مہینہ میں گناہ کیسے ہوتے ہیں؟'' (مرآۃ شرح مشکوٰۃ، جلد سوم کتاب الصوم فصل اول)

ماہِ رمضان: اس مہینہ کا نام رمضان یا تو اس لئے ہے کہ یہ لفظ رمض سے بنا ہے جس کا معنی گرمی ہے یا گرم بھٹی ہے۔ جب لوگوں نے مہینوں کے نام رکھے، تو یہ مہینہ گرمیوں میں واقع ہوا۔ اس لئے کہ اس میں گناہ جلتے ہیں۔ (فتح الباری)

مولانا مفتی احمد یار خاں نعیمی صاحب رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہیں: ''چونکہ بھٹی گندے لوہے کو صاف کرتی ہے اور صاف لوہے کو پرزہ بنا کر قیمتی کر دیتی ہے اور سونے کو محبوب کے پہننے کے لائق کر دیتی ہے۔ اسی طرح ماہ رمضان گناہگاروں کے گناہ معاف کرواتا ہے اور نیکو کاروں کے درجے بڑھاتا ہے اور ابرار کا قرب الٰہی زیادہ کرتا ہے۔''

حروف رمضان: لفظ رمضان میں پانچ حرف ہیں: ر، م، ض، ا، ن۔

ان کا اشارہ رحمت، محبت، ضمان، امان، نور کی طرف ہے ماہِ مذکوہ پانچ انعامات لے کر آتا ہے۔ اسلئے اس کو رمضان کہا جاتا ہے کہ۔ خیال رہے رمضان المبارک یہ پانچ نعمتیں لاتا ہے اور اس میں پانچ عبادتوں کا اضافہ ہوتا ہے۔ روزہ، تراویح، اعتکاف، شب قدر کی عبادات، کثرت تلاوت قرآن کریم۔ اس ماہ میں قرآنِ کریم اُترا اور اسی ماہ کا نام قرآن کریم میں مذکور ہوا۔

فائدہ: سبحان اللہ! رمضان پاک کا کیسا مبارک اور مقدس مہینہ ہے کہ اس کی آمد پر آسمان اور رحمت اور جنت کے دروازے، اُمت مصطفےٰ پر کھل جاتے ہیں اور دوزخ و جہنم کے دروازے بند ہو جاتے ہیں، اس پر مزید یہ کہ شیطان دشمن انسان قید کیا جاتا ہے، تاکہ وہ بندگانِ خدا کو نیک عمل کرنے سے روک نہ سکے، اور وہ ہمہ تن مصروف ہو جائیں۔ یہی وجہ ہوتی ہے کہ رمضان پاک میں گناہوں کا زور شور کم ہو جاتا ہے۔ حالانکہ رمضان مبارک میں رحمت کا نزول اور عبادت کی کثرت کا تقاضا یہ تھا کہ شیطان اہل ایمان کو بہکانے میں انتہائی کوشش کرتا اور معاصی کی کثرت ہو جاتی، لیکن ہم دیکھتے ہیں کہ رمضان مبارک میں گناہوں میں مجموعی حیثیت سے ضرور کمی ہو جاتی ہے۔ بعض ناسمجھ افراد اعتراض کرتے ہیں کہ جب شیطان بند ہو جاتے ہیں تو بعض لوگ گناہ کیوں کرتے ہیں؟ اس اعتراض کا جواب ہمارے مشائخ عظام نے کئی وجوہ سے دیا ہے۔

1) جہاں شیطانوں کے قید ہونے کا ذکر ہے ان شیاطین سے سرکش شیطان مراد ہیں، چنانچہ بعض روایات میں سرکش کی قید موجود ہے، لہٰذا اگر گناہ غیر سرکش شیطان کے اثر سے ہوں، تو حدیث پاک پر کوئی اشکال نہیں۔

2) اگر حدیث پاک میں سب شیطان خواہ سرکش ہوں یا غیر سرکش مراد ہوں، تب بھی کوئی اعتراض نہیں، کیونکہ شیطان ہر قسم کے بند ہیں۔ مگر گناہوں کے صادر ہونے کی وجہ اور ہے وہ یہ کہ گیارہ ماہ شیطان انسان کے ساتھ رہتا ہے جس سے نفس انسانی گناہوں کے ساتھ اس قدر مانوس ہو جاتا ہے کہ خیالات فاسدہ اور گناہ انسان کی طبیعت ثانیہ بن جاتا ہے، جس کی وجہ سے گناہوں کا صدور ہوتا ہے۔

چند روایات ماہِ رمضان کی فضیلت میں مزید لکھی جاتی ہیں:

جس طرح بعض جگہیں ایسی مبارک ہوتی ہیں جس میں عمل خیر کا اجر و ثواب بڑھ جاتا ہے۔ جیسا کہ گھر میں نماز پڑھنے سے مسجد میں پڑھنے کا اجر 27 نمازوں کے برابر مسجد نبوی میں پڑھنے کا پچاس ہزار کے برابر اور مسجد حرام میں ایک کا ثواب ایک لاکھ کے برابر ہے، ایسے ہی بعض اوقات ایسے مبارک ہوتے ہیں جس میں اعمال خیر کا ثواب بڑھ جاتا ہے جیسا کہ قرآن کریم میں ہے کہ ''لیلۃ القدر'' ہزار ماہ کی عبادت سے بہتر ہے، ایسے ہی ماہِ رمضان وہ مبارک مہینہ ہے کہ جس کے متعلق حضور سید عالم ﷺ نے فرمایا اس میں نفلی عبادت فرض کا درجہ رکھتی ہے اور ایک فرض کا ثواب ستر فرض کے برابر ہوتا ہے۔ (مشکوٰۃ شریف)

سبحان اللہ! کیا عظمت ہے ماہِ رمضان کی پھر مسجد نبوی یا مسجد حرام میں کوئی خوش نصیب جائے گا تو اجر زیادہ پائے گا۔ ماہِ رمضان ہر جگہ خود آکر فیوض برکات عطا کرتا ہے۔ اس میں صدقہ و خیرات کا اجر و ثواب بھی زیادہ ہوتا ہے اور اس میں محتاجوں اور مساکین کیساتھ خود بخود ہمدردی اور ایثار کا جذبہ زیادہ ہو جاتا ہے۔ اسی لئے آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا: ''یہ ہمدردی کا مہینہ ہے۔'' اور آپ نے فرمایا: ''اس ماہ میں مومن کا رزق بڑھا دیا جاتا ہے۔'' (مشکوٰۃ)

کل قیامت میں ماہِ رمضان، روزے داروں کی شفاعت کرے گا۔ عرض کرے گا میں نے اسے کھانے پینے سے روکا، یا رب کریم! میری شفاعت اس کے حق میں قبول فرما۔ (مشکوٰۃ)

''زواجر'' کے حوالہ سے ایک حدیث بیان فرمائی گئی ہے: ''آسمان سے رمضان کی ہر رات کو ایک منادی والا طلوع تک یہ ندا کرتا ہے، اے خیر کے طلبگار! تمام کر اور خوش ہو اور برائی کے چاہنے والے، رک جا اور عبرت حاصل کر، کیا کوئی بخشش مانگنے والا ہے کہ اس کی بخشش کی جائے کیا کوئی توبہ کرنیوالا ہے کہ اس کی توبہ قبول کی جائے۔ کیا کوئی دعا مانگنے والا ہے کہ اس کی دعا قبول کی جائے۔ کیا کوئی سوالی ہے کہ اس کا سوال پورا کیا جائے۔'' (زواجر جلد اول صفحہ 161)

عمدۃ القاری شرح بخاری میں حضرت سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ سے روایت مذکور ہے کہ حضور سید عالم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ: ''بے شک اللہ تعالیٰ نے ماہِ رمضان کے روزے فرض فرمائے اور میں نے اس کا قیام مسنون فرمایا۔'' پس جس نے ایمان اور احتساب (ثواب کے لئے) کیساتھ روزے رکھے اور اس کا قیام کیا۔ تو وہ گناہوں سے اس طرح پاک ہو جائے گا۔ جس طرح اس دن پاک تھا جس دن وہ اپنی والدہ کے ہاں پیدا ہوا تھا۔''

حضرت عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ آپ نے رسول اللہ ﷺ سے سنا ہے کہ آپ ﷺ فرما رہے ہیں کہ رمضان شریف کا چاند طلوع ہو گیا تھا: ''اگر لوگ رمضان مبارک کی فضیلت کو (کما حقہ) جانتے، تو میری اُمت آرزو کرتی کہ سارا سال ہی رمضان ہوتا۔'' حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہما سے بحوالہ طبرانی شریف مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''کیا تمہیں خبر نہ دوں کہ فرشتوں میں افضل حضرت جبریل علیہ السلام ہیں۔ اور (دیگر) انبیاء کرام میں افضل سیدنا آدم علیہ السلام، اور دنوں میں جمعۃ المبارک افضل، اور راتوں میں افضل لیلۃ القدر اور مہینوں میں افضل ماہِ رمضان اور عورتوں میں افضل مریم بنت عمران۔'' (اوکما قال الی الآخر الحدیث)

اس کی سند میں ایک راوی ضعیف ہے۔ (عینی شرح بخاری۔)

اس حدیث میں جو سیدنا آدم علیہ السلام کو افضل الانبیاء فرمایا گیا ہے اس سے مراد آپ ﷺ کے علاوہ انبیاء ہیں۔ کیونکہ آپ ﷺ کی افضلیت تمام انبیاء اور تمام مخلوق پر دلائل قطعیہ سے ثابت ہے اور اس پر اجماع اُمت ہے معلوم ہوا تمام مہینوں میں سے ماہِ رمضان افضل ہے جس طرح سیدنا یعقوب علیہ السلام کے بارہ بیٹوں میں سیدنا یوسف علیہ السلام افضل تھے ایسے ہی بارہ مہینوں میں ماہِ رمضان افضل و اعلیٰ ہے۔ اس مہینے میں گناہگاروں کی عام بخشش ہوتی ہے اور گویا کہ یہ مہینہ نیکیاں کمانے کا سیزن ہے۔ مولیٰ تعالیٰ مسلمانوں کو اس ماہ کی قدر اور احترام کی توفیق بخشے۔ آمین۔

روزہ کی حقیقت: نماز اور زکوٰۃ کی فرضیت کے بعد 10 شعبان، سن 2ھ میں رمضان کے روزے فرض ہوئے عرف شرع میں مسلمان کا بہ نیت عبادت صبح صادق سے غروب آفتاب تک اپنے کو قصداً کھانے، پینے اور جماع سے باز رکھنا روزہ ہے۔ عورت کا حیض و نفاس سے خالی ہونا شرط ہے۔ رمضان المبارک کا روزہ رکھنے کے ساتھ ہر روزہ دار پر یہ بھی ضروری ہو جاتا ہے کہ وہ صرف کھانے پینے اور مباشرت سے ہی اجتناب نہ کرے۔ بلکہ قول و فعل، لین دین اور دیگر معاملات میں بھی پرہیزگاری اختیار کرے۔ جیسا کہ لعلکم تتقون۔ سے ظاہر ہے روزہ کی حالت میں آدمی ہاتھ پاؤں کو کسی بھی برے کام کے لئے حرکت نہ دے، گالی، گلوچ، غیبت جیسی خرافات زبان پر نہ لائے، نہ ہی پڑنے دے۔ اس کی آنکھ بھی غیر شرعی کام کی طرف نہ اٹھے۔ بلکہ انسان تقویٰ کا عملی نمونہ بن جائے۔ اگر رمضان المبارک کے روزے ان قیود و شرائط کو مدنظر رکھ کر پورے کیے جائیں تو اختتام رمضان پر تقویٰ و پرہیز گاری کا پیدا ہو جانا لازمی امر ہے۔

روزہ نہ رکھنے کے شرعی عذر: جب آدمی ایسا بیمار ہو کر روزہ رکھنے سے جان جانے، یا مرض کے بڑھنے، یا دیر پا ہو جانے کا اندیشہ ہو تو روزہ نہ رکھنا جائز ہے۔ جب صحت ہو جائے تو قضا کرے۔ ایسا بوڑھا کہ روز بروز کمزور ہوگا۔ نہ اب روزہ رکھنے پر قادر اور نہ بظاہر آئندہ قادر ہو سکے گا۔ ہر روزہ کے بدلے فدیہ دے یعنی ایک مسکین کو کھانا کھلائے۔ یہ بوڑھا شخص جو فدیہ دیتا رہے۔ پھر روزہ پر قادر ہو گیا تو فدیہ نفل ہو گا اور روزہ کی قضا لازم ہے۔ جو ایسا مریض یا بوڑھا ہو کہ گرمیوں میں روزہ نہ رکھ سکتا ہو تو اب افطار کرے۔ سردیوں میں رکھ لے۔ حاملہ عورت یا دودھ پلانے والی جب انہیں اپنی ذات یا بچہ کا اندیشہ ہو تو ان کو روزہ نہ رکھنا جائز ہے۔ لیکن قضا لازم ہے۔

مسائل

سحری: سحری کھانا سنت ہے اور باعث برکت، اگرچہ ایک لقمہ ہی کھائے۔ سحری میں تاخیر مستحب ہے، مگر اتنی نہیں کہ وقت میں شک ہو جائے۔ اگر وقت میں گنجائش نہ ہو تو بحالت جنابت سحری کھا سکتا ہے۔ ویسے غسلِ جنابت میں تاخیر نہیں کرنی چاہیے۔ وضو میں کلی ایسی کہ منہ کے ہر پرزہ پر پانی بہہ جائے اور ناک میں اس طرح پانی لینا جہاں تک نرم بانسہ ہے۔ پانی پہنچ جائے سنت مؤکدہ ہے اور غسل جنابت میں فرض ہے۔ کلی اور ناک میں پانی نہ لیا تو غسل ہی نہ ہوگا۔ اس لئے روزہ دار کو غسل فرض میں اس احتیاط سے کلی کرنی چاہیے کہ منہ کے ہر پرزہ پر پانی بہہ جائے مگر حلق سے نیچے نہ اترے اور ناک میں پانی اس احتیاط سے لے کہ نرم بانسہ دھل جائے اور پانی حلق میں نہ اترے، نہ دماغ میں چڑھے۔

روزہ کی نیت: نیت کا وقت بعد غروب آفتاب سے ضحویٰ کبریٰ (وقتِ زوال شروع ہونے) تک ہے۔ ہر روزے کے لئے نیت زبان سے بہتر ہے اور نیت ضحویٰ کبریٰ سے پہلے کرے تو روزہ ہوگا۔

نیت: نویت ان اصوم غدا للہ تعالیٰ من فرض رمضان۔ یعنی میں نے نیت کی کہ اس رمضان کا فرض روزہ اللہ تعالیٰ کے لئے رکھوں گا۔ اگر نیت دن میں کرے تو یوں کہے۔ نویت ان اصوم ھذا الیوم للہ۔ یعنی میں نے آج اس رمضان کا فرض روزہ اللہ کے لئے رکھا۔ سحری کرنا بھی نیت ہے جب کہ کھاتے وقت یہ ارادہ ہو کہ روزہ رکھوں گا۔

روزہ توڑنا گناہ ہے: روزہ رکھ کر بلا عذر شرعی توڑ دینا سخت گناہ ہے۔ ہاں اگر ایسا بیمار ہو گیا کہ روزہ نہ توڑنے سے جان جانے کا خطرہ ہو یا بیماری کے بڑھ جانے کا احتمال قوی ہو۔ یا ایسی شدید پیاس لگی ہو کہ مر جانے کا خطرہ ہو تو ایسی صورت میں روزہ توڑ دینا جائز، بلکہ واجب ہے۔ البتہ صحت ہو جانے پر قضا لازم ہے۔

روزہ کے مکروہات: کسی چیز کا بلا عذر چکھنا، چبانا، بایں طور کہ حلق سے نیچے نہ اترے، جھوٹ، چغلی، جواء، تاش وغیرہ کوئی ناجائز کھیل کھیلنا، سینما دیکھنا، منہ میں بہت سا تھوک جمع کر کے نگل جانا۔ کلی اور ناک میں پانی ڈالنے میں مبالغہ کرنا یہ تمام امور مکروہاتِ روزہ سے ہیں۔

ان صورتوں میں روزہ فاسد نہیں ہوگا: بھول کر کھانا پینا، بلا اختیار گرد و غبار، دھواں، مکھی یا مچھر کا حلق میں چلے جانا، بوقت غسل کان میں پانی کا پڑ جانا، خود بخود قے آجانا، خواہ منہ بھر کر ہو۔ دن میں سوتے ہوئے احتلام ہو جانا، دانتوں میں جو چیز رہ گئی، چنے کی مقدار سے کم ہو اس کو نگل جانا، تل دانتوں میں رہ گیا۔ اس کو نگل لیا، بیوی کا بوسہ لیا، چھوا اور انزال نہ ہوا۔ ان سب صورتوں میں روزہ فاسد نہ ہوگا اور یہ باتیں روزہ کو مکروہ کرتی ہیں۔

روزہ کے مفسدات: کلی کرنے میں پانی حلق سے نیچے اتر گیا۔ ناک میں پانی ڈالنے میں دماغ تک چڑھ گیا۔ قصداً منہ بھر کھانے، پت یا خون کی قے۔ منہ بھر کر قے خود آئی اور چنے برابر یا زیادہ نگل لی۔ چنے برابر یا زیادہ کھانا دانتوں میں اٹکا تھا نگل گیا۔ ناک میں دوائی سڑک لی، کان میں دوا یا تیل ڈالا، حقنہ کیا، حقہ، بیڑی، سگریٹ، سگار وغیرہ پینا، پان کھانا اگرچہ پیک تھوک دے حلق تک نہ جائے۔ ان تمام صورتوں میں روزہ دار ہونا یاد ہے تو روزہ جاتا رہا اور قضا لازم ہے۔ دانتوں سے خون نکلا اور حلق میں داخل ہو گیا۔ اگر تھوک غالب ہو تو روزہ فاسد نہ ہوگا اور اگر غالب ہے تو روزہ فاسد ہو جائے گا۔ قصداً دھواں پہنچایا خواہ وہ کسی چیز کا ہو۔ اگربتی سلگتی تھی۔ اس کے دھوئیں کو ناک میں کھینچا منہ میں رنگین ڈورا رکھا، تھوک رنگین ہو گیا اس کو نگل لیا یا منہ میں نسوار لی۔ ان صورتوں میں روزہ جاتا رہا، قضا لازم ہے۔

مسئلہ: کان میں تیل ٹپکایا۔ دماغ کی جھلی تک زخم تھا دوا لگائی اور دماغ تک پہنچ گئی۔ حقنہ کیا۔ ناک میں دوا چڑھائی، یا پتھر، کنکر، روئی کاغذ، گھاس وغیرہ ایسی چیز کھائی جس سے لوگ گھن کرتے ہیں۔ یا رمضان المبارک میں بلا نیت روزہ دار کی طرح رہا، یا صبح کو نیت کی تھی۔ یا دن میں زوال سے پیشتر نیت کی اور نیت کے بعد کھا لیا۔ یا روزہ کی نیت کی تھی مگر روزۂ رمضان کی نیت نہ کی تھی یا اس کے حلق میں بارش کی بوند یا اولہ چلا گیا یا بہت سے آنسو یا پسینہ نکلا تو روزہ جاتا رہا۔

روزہ کا فدیہ: ہر روزہ کے بدلے ہر روز دونوں وقت ایک مسکین کو پیٹ بھر کر کھانا کھلانا، یا صدقہ فطر کی مقدار مسکین کو دینا، روزہ کا فدیہ ہے۔

روزہ کا کفارہ: باندی یا غلام آزاد کرنا (یہ یہاں کہاں؟) یہ نہیں تو پے در پے (مسلسل) ساٹھ روزے رکھنا، اس کی بھی طاقت نہ ہو تو ساٹھ مسکینوں کو دونوں وقت پیٹ بھر کر کھانا کھلانا، روزہ کا کفارہ ہے۔

افطار: افطار میں جلدی سنت و موجب برکت ہے۔ غروب کا غالب گمان ہونے پر افطار کر لیا جائے۔ مطلع ابر آلود ہونے کی حالت میں جلدی نہ کی جائے، نماز سے پہلے افطاری کریں۔ کھجور، چھوارے، یہ نہ ہوں تو پانی سے، ان تینوں سے سنت ہے۔ کھانے میں مشغول ہو کر نماز میں تاخیر نہ کریں۔ مرد جماعت کھانے کی وجہ سے نہ چھوڑیں۔ آج کل لوگ اس میں مبتلا ہیں۔ وقت افطار یہ دعا پڑھیں۔ اللّٰھم لك صمت وبك أمنت وعليك توكلت وعلى رزقك افطرت فاغفرلی ما قدمت وما اخرت۔

مسائل تراویح: 20 رکعت تراویح ہر غیر معذور، مرد و عورت کے لئے سنت مؤکدہ ہے۔ مستورات گھر میں پڑھیں اور مردوں کے لئے مسجد میں جماعت سے پڑھنا، سنت کفایہ ہے، نیت سنت تراویح کریں۔ تراویح کا وقت فرض عشاء کے بعد سے صبح تک ہے، وتر سے پہلے پڑھیں یا وتر کے بعد۔

مسئلہ: ہر چار رکعت تراویح کے بعد بقدر چار رکعت بیٹھنا اور تسبیح و تحلیل یا درود شریف پڑھنا مستحب ہے۔

مسئلہ: تراویح جماعت کے ساتھ گھر پر پڑھی جائیں تو جماعت کا ثواب مل جائے گا، مگر مسجد کے ثواب سے محروم رہے گا۔

مسئلہ: ایک امام کے پیچھے پوری تراویح پڑھنا افضل ہے۔

مسئلہ: اگر جماعت فرض میں کسی کو شرکت میسر نہ ہو اور تنہا فرض پڑھے تو اس کو تراویح جماعت سے پڑھنا جائز ہے۔

مسئلہ: اگر عشاء کے فرض تنہا پڑھے، جماعت سے نہیں پڑھے (اگرچہ تراویح جماعت سے پڑھی ہو) تو وتر تنہا پڑھنے چاہئیں۔ اس صورت میں جماعت سے وتر پڑھنا مکروہ ہے، اگرچہ وتر ہو جائیں گے۔ سخت افسوس ہے کہ بعض مساجد میں تراویح میں نابالغ بچوں کو امام بنایا جاتا ہے۔ جو نابالغ ہونے کے ساتھ ساتھ مسائل صلوٰۃ سے بھی ناواقف ہوتے ہیں۔ نماز تراویح سنت مؤکدہ ہے اور نابالغ کی نماز نفل ہے۔ لہٰذا نابالغ لڑکے کے پیچھے سنت مؤکدہ ادا نہیں ہوتی۔



سٹی نیوز

امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایران پر امریکی اور اسرائیلی دہشتگردی کیخلاف احتجاجی مظاہرے کی قیادت کر رہے ہیں

آیت اللہ علی خامنہ کی شہادت عالم اسلام کیلئے بڑا نقصان ہے' ضیاء الدین انصاری

کسی ملک کی قیادت کو ٹارگٹ کرنا بدترین دہشتگردی ہے' امیر جماعت اسلامی لاہور

امریکہ، اسرائیل اور بھارت عالمی دہشتگرد، مسلمانوں کو آپس میں لڑوا کر ان کو مار رہے ہیں، خطاب

لاہور (پ ر) جماعت اسلامی لاہور کے زیر اہتمام گلبرگ روڈ، لاہور پر امریکہ اور اسرائیل کی جانب سے ایران پر حملے کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا گیا۔ احتجاج کی قیادت امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کی۔ مظاہرے میں ڈپٹی سیکرٹری جماعت اسلامی لاہور حمزا شبیب یعقوب، رہنما سطلی لاہور ملک منیر احمد سمیت کارکنان اور شہریوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ شرکاء نے ایران کے ساتھ یکجہتی کا اظہار کرتے ہوئے امریکی کی دہشتگردی کے خلاف شدید نعرے بازی کی۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے امیر جماعت اسلامی لاہور ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے کہا کہ ایران کے سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ کی شہادت عالم اسلام کیلئے بڑا نقصان ہے۔ سکیورٹی ایڈوائزر علی لاریجانی، پاسداران انقلاب کے کمانڈر محمد پاک پور اور وزیر دفاع عامر ناصرزادہ اور سینکڑوں افراد کی ہلاکتیں پر پاکستانی قوم کے دل رنجیدہ ہیں۔ ایران پر امریکہ اور اسرائیل کا حملہ عملی جارحیت اور عالمی قوانین کی صریح خلاف ورزی ہے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پاکستان کا حکمران طبقہ عملی کی اس سنگین صورتحال پر واضح اور دوٹوک موقف اختیار کرے۔ انہوں نے کہا کہ اگر ایران میں رجیم چینج کی کوئی کوشش کی گئی تو اس کے منفی اثرات پورے خطے سمیت پاکستان کی سلامتی پر بھی مرتب ہوں گے۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان کو عملی الاعلان اس جارحیت کے خلاف ایران کے ساتھ کھڑا ہونا چاہیے۔ ضیاء الدین انصاری ایڈووکیٹ نے مزید کہا کہ امریکہ، اسرائیل اور بھارت عالمی دہشتگرد ہیں۔ یہ مسلمانوں کو آپس میں لڑوا کر ان پر جنگیں مسلط کر کے ان کو مار رہے ہیں۔ امیر لاہور نے کہا کہ جو حکمران سابق امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو نوبل انعام کے لیے نامزد کرنے کی سفارش کرتے رہے، وہ قوم کے سامنے وضاحت پیش کریں۔ انہوں نے کہا کہ پوری پاکستانی قوم ایران کے ساتھ کھڑی ہے اور اگر حکومت جرات مندانہ موقف اپنائے گی تو قوم اس کے شانہ بشانہ ہوگی۔

ہمایوں اختر خان این اے 97 کے علاقہ عمائدین اور عوام سے ملاقات کر رہے ہیں

عوام کی محرومیوں کا خاتمہ جدوجہد کا اصل محور ہے' ہمایوں اختر خان

فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب، مریدوالا انٹرچینج کی منظوری ملی' این اے 97 میں افطار پارٹی کی تقریب سے خطاب

لاہور (آئی این پی) سابق وفاقی وزیر ہمایوں اختر خان نے کہا ہے کہ عوام کی محرومیوں کا خاتمہ اور انہیں زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی جدوجہد کا اصل محور ہے، ہمارا عزم ہے کہ حلقے کی تعمیر و ترقی کیلئے کوئی کسر اٹھا نہیں رکھی جائے گی اور اس کے لئے ذاتی وسائل کے ساتھ سرکاری وسائل کے حصول کیلئے بھی کاوشیں کی گئی ہیں جس میں کامیاب بھی رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے حلقہ این اے 97 کے عمائدین اور عوام کے اعزاز میں دیئے گئے افطار پارٹی کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ عوام نے حلقے کے دیرینہ مسائل کے حل، تعمیر و ترقی کے منصوبوں کیلئے عملی جدوجہد اور بلا تفریق ہر کسی کی عملی خوشی میں شریک ہونے پر ہمایوں اختر خان سے اظہار تشکر کیا۔ انہوں نے کہا کہ جو لوگ اس حلقے کی نمائندگی اگر بزرگوں کے زمانے سے کر رہے ہیں ان سے سوال کیا جائے کہ تاندلیانوالہ کیسے پنجاب کی پسماندہ ترین تحصیل بنی اور یہ لوگ دہائیوں سے اقتدار میں بیٹھ کے کیا کر رہے ہیں؟۔ میں نے جب اس حلقے میں سیاست کا آغاز کیا تھا تو ایک وعدہ کیا تھا کہ اب میری باقی ماندہ سیاست اسی حلقے میں ہوگی اور میں نے آج تک اپنی بات پر پہرہ دیا ہے اور ان شاء اللہ آئندہ بھی اس پر قائم رہوں گا۔ ہمایوں اختر خان نے کہا کہ حلقے میں مسائل کے انبار ہیں، ہر جگہ پسماندگی اور محرومیوں کے ڈیرے ہیں لیکن اس کے باوجود ہم ہرگز مایوس نہیں ہیں اور پہلے دن سے مسائل کے حل اور محرومیوں کے خاتمے کیلئے کوششیں ہیں۔ حلقے میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی کیلئے فلٹریشن پلانٹس کی تنصیب کا منصوبہ شروع کیا ہے، مریدوالا انٹرچینج کی منظوری لی گئی ہے مختلف چوکوں میں مرکزی اور رابطہ سڑکوں کی تعمیر شروع کرائی گئی ہے، ہیم نالے پر پل کو چوڑا کرنے کیلئے کوشش کا نتیجہ سامنے آیا ہے، جس حکومت نے متعلقہ محکمے سے رپورٹ طلب کرنی ہے، سوئی گیس کے حصول کیلئے متعلقہ وفاقی وزیر سے ملاقات کر کے پیشرفت کی یقین دہانی حاصل کی ہے۔

خامنہ ای کی شہادت، لاہور پریس کلب کے باہر سینکڑوں افراد کا احتجاج

پریس کلب کے باہر غائبانہ نماز جنازہ ادا کرنے کا اعلان، خامنہ ای کی تصاویر اور پوسٹرز اٹھا رکھے ہیں

لاہور (سپیشل رپورٹر) لاہور پریس کلب کے باہر ایرانی سپریم لیڈر آیت اللہ علی خامنہ ای کی شہادت پر احتجاج جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق احتجاج میں بچے، بوڑھے اور نوجوان بڑی تعداد میں شریک ہیں۔ لاہور پریس کلب کے باہر سینکڑوں افراد کا احتجاج جاری ہے۔ مظاہرین نے امریکی قونصل خانے کے باہر احتجاجی کیمپ بھی لگا دیا، تاہم پولیس نے انہیں آگے بڑھنے سے روک دیا۔ مظاہرین نے پریس کلب کے باہر غائبانہ نماز جنازہ ادا کرنے کا اعلان بھی کیا، انہوں نے ہاتھوں میں آیت اللہ علی خامنہ ای کی تصاویر اور پوسٹرز اٹھا رکھے ہیں۔

پیپلز پارٹی جمہوری کلچر کو مضبوط کرنا چاہتی ہے، چودھری شہزاد

پارٹی قیادت کی ملکی بقاء و سلامتی کی خاطر دی گئی قربانیاں ہمارے لئے مشعل راہ ہیں

کاموکے (نامہ نگار) پیپلز پارٹی کی قیادت نے نظام میں بہتری اور جمہوری اقدار کے فروغ کیلئے ہمیشہ مثبت و تعمیری کردار ادا کیا۔ ان خیالات کا اظہار اُمیدوار حلقہ پی پی 67 پاکستان پیپلز پارٹی چودھری شہزاد علی گل نے اپنے بیان میں کیا۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کی قیادت نے آمریت کا راستہ روکنے کی مثالی جدوجہد یقینی بنائی اسی کا ثمر ہے کہ ملک میں آمرانہ سوچ کی حوصلہ شکنی اور جمہوری قوتوں کو کمزور کرنے والوں کے عزائم بے نقاب ہوئے۔ انہوں نے کہا کہ پارٹی قیادت کی ملکی بقاء و سلامتی کی خاطر دی گئی قربانیاں ہمارے لئے مشعل راہ ہیں جن کی روشنی میں ہم ملکی سلامتی و ترقی اور عوامی فلاح و بہبود کی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ پیپلز پارٹی ملک میں جمہوری کلچر کو مضبوط کرنا چاہتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت کی ایما پر افغان عبوری حکومت پاکستان میں بدامنی کو بڑھاوا دینا چاہتی ہے، جس کیخلاف افواج پاکستان کا شروع کیا گیا آپریشن غضب للحق لائق تحسین ہے، جس میں پوری قوم اپنی افواج کی پشت پر کھڑی ہے۔

قصور' بیوی کیساتھ جھگڑا' شوہر کا زندگی کا خاتمہ کرنے کی کوشش

ریسکیو نے مریض کو فرسٹ ایڈ دیکر قریبی ہسپتال میں منتقل کر دیا' پولیس مصروف عمل

قصور (بیورو رپورٹ) پھول نگر کے نواح میں بیوی کیساتھ جھگڑا ہونے پر ایک شخص کی زہریلی چیز کھا کر زندگی کا خاتمہ کرنے کی کوشش۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق کنٹرول روم میں کال موصول ہوئی جس میں کالر نے بتایا کہ 30 سالہ شہزاد ولد بوٹا مسیح نامی شخص نے نے زہریلی چیز کھالی ہے۔ کنٹرول نے قریبی سٹاف کو فوری طور پر موقع کی طرف روانہ کروا دیا۔ ریسکیو سٹاف موقع پر پہنچا تو معلوم ہوا کہ شہزاد کا گھر میں اپنی بیوی کے ساتھ جھگڑا ہوا جس پر اس نے باہر جا کر نامعلوم زہریلی چیز کھا لی اور گھر آ کر غم سے ہوش ہو کر گر گیا۔ ریسکیو سٹاف نے مریض کو فرسٹ ایڈ دیکر قریبی اسپتال میں شفٹ کر دیا۔ پولیس مصروف کارروائی ہے۔

اٹلی: مسلم کمیونٹی بولونیا کی طرف سے اجتماعی افطار ڈنر کا اہتمام

سابق وزیر اعظم رومانو پروڈی، میر ماتیو لیپورے سمیت اطالوی شہریوں کی بڑی تعداد میں شرکت

اٹلی (خصوصی رپورٹ) اٹلی کے معروف شہر بولونیا اور اس کے گرد و نواح میں مقیم مسلم کمیونٹی کی طرف سے اجتماعی افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا، سنٹرل ریلوے اسٹیشن بولونیا کے قریب افطار سٹریٹ کے نام سے منعقدہ 8 ویں سالانہ اجتماعی ضیافت میں فرزندان اسلام کی بڑی تعداد سمیت اطالوی شہریوں نے بھی شرکت کی، اس موقع پر اٹلی کے سابق وزیر اعظم پروفیسر رومانو پروڈی، بولونیا کے میئر ماتیو لیپورے، صدر یونین آف اسلامک کمیونٹیز یسین لفرام، صدر پاک فیڈریشن اٹلی آصف رضا، پاکستانی نژاد اطالوی بزنسمین چودھری صفدر علی میکن، علی تنویر اور دیگر نے شرکاء سے خطاب کیا، اور انہیں رمضان کی مبارکباد دی، ایونٹ کے انعقاد میں کاروباری شعبے سے وابستہ پاکستانی نژاد معروف اطالوی شخصیات ڈاکٹر محمد امتیاز چودھری آف سوکاسن آزاد کشمیر، چودھری محمد طارق دھوتر، چودھری یاسر شبیر گجرانی اور چودھری محمد بوٹا آف موسا کمالا نے بھرپور معاونت کی، جبکہ پروگرام کے شرکاء میں پاکستانی کمیونٹی کی معروف سیاسی، سماجی و دینی شخصیات چودھری امجد حسین رویہ، مولانا مفتی بلال رضا مدنی، قاری محمد زاہد عطاری، چودھری صفدر علی میکن، چودھری داشاد حسین المعروف مون چھنی، ظہیر عباس آف کنیہ، چودھری صفدر علی میکن، علی تنویر اور اطالوی بزنسمین امتیاز چودھری شامل تھے۔

سیالکوٹ' نوسر باز سرگرم، شہریوں کو لوٹنے کے واقعات بڑھنے لگے

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) مسافر اڈوں، ہسپتالوں، پارکوں، مارکیٹوں، ٹرانسپورٹ سٹینڈز اور دیگر اہم مقامات پر عید قریب آتے ہی پیشہ وار نوسر بازوں اور جرائم پیشہ عناصر کی جانب سے شہریوں کو جھانسے میں لے کر لوٹنے کے واقعات بڑھنے لگے۔ ذرائع کے مطابق جرائم پیشہ عناصر مختلف طریقوں سے شہریوں کو اپنی باتوں میں الجھا کر نقدی، موبائل، زیورات اور دیگر قیمتی سامان ہتھیاتے ہیں اور دھوکہ دہی سے فرار ہو جاتے ہیں۔ عید کے قریب آتے ہی شہر بھر کے اہم مقامات لاری اڈہ، کچہری، چوک کوٹلی بہرام، چکلوں کے باہر، چوک گوجدپور، سہلائم چوک، دربری آرائیاں چوک، نیکا پورہ پل ایک، چوک رنگ پورہ میں نوسر بازوں کی موجودگی نمایاں طور پر دیکھی جا رہی ہے۔

سیالکوٹ' سحری اور نماز فجر کے موقع پر ضلع بھر میں سکیورٹی کے سخت انتظامات

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن ریٹائرڈ دوست محمد کی ہدایات پر سحری اور نماز فجر کے موقع پر ضلع بھر میں سکیورٹی کے سخت انتظامات کیے گئے ہیں۔ ڈی پی او سیالکوٹ کیپٹن ریٹائرڈ دوست محمد کی ہدایات پر شہر بھر میں مساجد، امام بارگاہوں اور اہم مقامات پر پولیس افسران و اہلکاروں ڈیوٹی پر تعینات ہیں۔ ڈی پی او سیالکوٹ نے ڈیوٹی پر موجود اہلکاروں کو الرٹ رہنے، مشکوک افراد پر کڑی نظر رکھنے اور عوام کے ساتھ خوش اخلاقی سے پیش آنے کی ہدایت کی اور کہا ہے کہ شہریوں کے جان و مال کا تحفظ پولیس کی اولین ترجیح ہے اور رمضان المبارک کے دوران سکیورٹی کو مزید مؤثر بنایا جا رہا ہے۔

سیالکوٹ' پارکنگ مافیا کا سڑکوں پر قبضہ، ٹریفک کی روانی متاثر

سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) پارکنگ مافیا کے سڑکوں پر قبضہ، ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر، پارکنگ مافیا کی شہری سے غنڈہ گردی اور بدتمیزی اور گالی گلوچ معمول بن گیا۔ تفصیلات کے مطابق سیالکوٹ کی مین شاہراہوں پیرس روڈ، مجاہد روڈ، خادم علی روڈ، شہاب پورہ روڈ، چرچ روڈ، کچہری روڈ، کشمیر روڈ، صبح گڑھ روڈ، ڈیفنس روڈ اور گرد و نواح پر قائم مارکیٹ، پلازے، ہسپتال، دکانیں اور چکلوں کے باہر پارکنگ مافیا نے قبضہ جما رکھا ہے۔ جو ہر آنے جانے والے سے 30 روپے پرچی فیس وصول کرتے ہیں۔ جس کی وجہ سے پارکنگ پر کھڑے غنڈہ عناصر شہریوں سے بدتمیزی، تو تکرار اور گالی گلوچ معمول بن چکی ہے متعدد بار شکایات کے باوجود بھی پولیس اور ضلعی انتظامیہ کارروائی سے گریزاں ہے۔

قصور' ایک شخص کو قتل اور دوسرے کو زخمی کرنیوالے ملزمان کیخلاف مقدمہ

قصور (بیورو رپورٹ) ایک شخص کو سیدھا فائر کر کے قتل اور دوسرے کو زخمی کرنے والے ملزمان کیخلاف مقدمہ درج۔ تفصیل کے مطابق چک نمبر 18 چھانگا مانگا کے رہائشی عبدالجبار ولد عطا محمد نے پولیس تھانہ چھانگا مانگا میں مقدمہ درج کروایا کہ ملزمان خالد محمود وغیرہ نے میرے کزن عبدالرزاق ولد محمد دین کو سیدھا فائر کر کے قتل کیا اور رضوان عرف لکھن کو فائر مار کر زخمی کیا ہے جس پر پولیس تھانہ چھانگا مانگا نے ملزمان کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس مصروف کارروائی ہے۔

قصور' 15 پر جھوٹی کال کرنے والے کالر کے خلاف مقدمہ درج

قصور (بیورو رپورٹ) 15 پر جھوٹی کال کرنے والے کالر کے خلاف مقدمہ درج۔ تفصیل کے مطابق پولیس تھانہ بی ڈویژن قصور میں تعینات ٹی اے ایس آئی محمد عرفان نے مقدمہ درج کروایا کہ ریسکیو 15 پر کالر انتظار حسین کی کال موصول ہوئی کہ اس کی بیوی نے اس کے گھر سے 04 لاکھ روپے اور 02 تولے زیورات چوری کر لئے ہیں جبکہ موقع پر پہنچ کر حالات تصدیق کرنے پر معلوم ہوا کہ میاں بیوی کے درمیان جھگڑا ہوا جس پر بیوی اپنے والدین کے گھر جا چکی تھی جس پر کالر نے جھوٹی اور بوگس کال کی جس پر پولیس تھانہ بی ڈویژن قصور نے جھوٹی کال کرنے والے کالر کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس مصروف کارروائی ہے۔

قصور' ڈکیتی، راہزنی اور چوری کی متعدد وارداتیں، پولیس خاموش

قصور (بیورو رپورٹ) ڈکیتی، راہزنی اور چوری کی متعدد وارداتوں میں ڈاکوؤں نے لاکھوں روپے نقدی، موبائل فون، طلائی زیورات اور موٹر سائیکلیں چھین لیں۔ تفصیلات کے مطابق پولیس تھانہ صدر قصور کے علاقہ بائی پاس سے ڈاکوؤں نے واڈ کے کھیانہ تحصیل چونیاں کے رہائشی محمد تیمور نظام ولد نظام الدین سے گن پوائنٹ پر 10 ہزار روپے نقدی اور موبائل فون چھین لیا۔ پولیس تھانہ صدر قصور کیلا قدو لے والا کے قریب سے ڈاکوؤں نے شیخ عماد ثو قصور کے رہائشی ثاقب علی ولد محمد حنیف سے گن پوائنٹ پر ہزاروں روپے نقدی، ایک موبائل فون اور ایک موٹر سائیکل چھین لی۔ پولیس تھانہ صدر قصور کیلا قدو بیج والا روڈ سے نامعلوم چور محمد دیم ولد محمد عارف کے گھر اس کی موٹر سائیکل و دیگر گھریلو سامان چوری کر کے لے گئے۔

لاہور، یوم وصال ام المومنین حضرت بی بی خدیجہ الکبریٰ کے حوالے سے محفل سے پیر سید اویس شاہ زنجانی خطاب کر رہے ہیں

قصور' کنگن پور کے نواح میں شادی شدہ خاتون کو بے آبرو کر دیا

قصور (بیورو رپورٹ) کنگن پور کے نواح میں شادی شدہ خاتون کو بے آبرو کر دیا گیا۔ تفصیل کے مطابق چاہ بہالی والا لالو کے کنگن پور کی رہائشی محمد اکرم کی 32 سالہ بیوی (م) نے پولیس تھانہ کنگن پور میں مقدمہ درج کروایا کہ محمد دیم ولد عاشق میو نے اُسے زبردستی زنا بالجبر کا نشانہ بنا کر زیادتی کی ہے جس پر پولیس تھانہ کنگن پور نے ملزم کے خلاف خاتون کی مدعیت میں مقدمہ درج کر لیا۔ پولیس مصروف کارروائی ہے۔

انجمن تاجران کا پیٹرولیم قیمتوں میں اضافے پر شدید ردعمل، واپس لینے کا مطالبہ

اضافے سے مہنگائی کی لہر آئے گی، تمام شعبوں پر اثرات پڑیں گے' صدر اشرف بھٹی

لاہور (آئی این پی) آل پاکستان انجمن تاجران کے مرکزی صدر اشرف بھٹی نے پیٹرولیم کی قیمتوں میں اضافے پر شدید ردعمل کا اظہار کرتے ہوئے کہا ہے کہ وزیر اعظم شہباز شریف سے اپیل ہے کہ اس اضافے کو واپس لینے کا اعلان کریں۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں اضافے کے رجحان سے عوام کی مشکلات بڑھ رہی ہیں، اشیائے خورد و نوش اور دیگر مصنوعات مزید مہنگی ہو جائیں گی جس سے عوام کیلئے رمضان اور عید الفطر کی خوشیاں پھیکی پڑ جائیں گی۔ اشرف بھٹی نے کہا کہ جو شیشے گلس نیٹ سے باہر ہیں یا گلس چوری میں ملوث ہیں انہیں پکڑا جائے نہ کہ پیٹرولیم لیوی بڑھا کر عوام پر مزید بوجھ ڈالا جائے۔ بجلی کی قیمتوں میں بھی اضافے کی اطلاعات ہیں جس کی وجہ سے عوام ذہنی طور پر شدید پریشانی میں مبتلا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم پر امید ہیں کہ وزیر اعظم شہباز شریف عوام کی مشکلات کو سمجھتے ہوئے پیٹرولیم قیمتوں میں کیے گئے حالیہ اضافے کو واپس لینے کا اعلان کریں گے۔

جماعت اہلسنت پاک فوج کے شانہ بہ شانہ کھڑی ہے: مولانا محمد اشرف علی

نمک حرام افغان شرپسند عناصر نے ہمیشہ پاکستان کی پیٹھ میں چھرا گھونپا، میڈیا سے گفتگو

مصطفیٰ آباد (للیانی) (نامہ نگار) جماعت اہلسنت پاکستان اپنی روشن اور دیرینہ روایات کے مطابق پاک فوج کے شانہ بہ شانہ کھڑی ہے اور دفاع و استحکام کیلئے جاری آپریشن، غضب للحق، کی بھرپور اور غیر مشروط حمایت کرتی ہے، ہمارے مرکزی و صوبائی قائدین نے دوٹوک الفاظ میں کہا ہے کہ تاریخ گواہ ہے کہ پاکستان نے ہمیشہ افغانوں کے ساتھ اسلامی اخوت اور بھائی چارے کا رشتہ نبھایا اور انہیں ہر مشکل گھڑی میں پناہ دی لیکن انتہائی افسوس ناک امر ہے کہ ان نمک حرام افغان شرپسند عناصر نے ہمیشہ پاکستان کی پیٹھ میں چھرا گھونپا اور ہماری سلامتی کو نقصان پہنچایا، ان خیالات کا اظہار امیر جماعت اہلسنت پاکستان ضلع لاہور مولانا محمد اشرف علی سعیدی پریس کلب مصطفیٰ آباد میں صحافیوں سے گفتگو کے دوران کیا، انہوں نے مزید کہا کہ رمضان المبارک کے اس مقدس مہینے میں جب پوری قوم عبادت الٰہی میں مصروف ہے افغان سرزمین سے پاکستان کی اہم تنصیبات، مساجد اور سیکورٹی فورسز کو نشانہ بنانا بزدلانہ فعل اور شدید لمحہ فکریہ ہے اسی تناظر میں جماعت کے مرکزی و صوبائی قائدین کی ہدایت پر گزشتہ جمعہ کے تمام بڑے اجتماعات میں پاک فوج کی مشینری، کامیابی اور آرمی چیف جنرل سید عاصم منیر کے لیے خصوصی دعاؤں کا اہتمام کیا گیا جس میں ہزاروں عقیدتیوں نے پاک فوج کی مکمل حمایت کا اعادہ کیا، قائدین نے آرمی چیف کے فیصلے کی مکمل تائید کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے دشمن کو منہ توڑ جواب دے کر پوری قوم کی ترجمانی کی ہے، علمائے اہلسنت نے واضح کیا ہے کہ وطن عزیز کی سالمیت پر کوئی سمجھوتا نہیں کیا جائے گا اور پوری قوم دشمن کی ہر سازش کو ناکام بنانے کیلئے اپنی مسلح افواج کے ساتھ قدم سے قدم ملا کر کھڑی ہے، آخر میں دعا کی گئی کہ اللہ تعالیٰ ارض پاک کو فتنہ و فساد سے محفوظ رکھے اور ہماری افواج کو ہر محاذ پر فتح و نصرت عطا فرمائے۔

کیری بھنڈی بنانے کی ترکیب

اجزاء

1 بھنڈی آدھا کلو 2 کیری ایک چھوٹی 3 نمک حسب ذائقہ 4 لہسن دو سے تین جوے 5 پیاز ایک عدد درمیانی 6 سفید زیرہ ایک کھانے کا چمچ 7 ہرا ہوا ناریل دو کھانے کے چمچ 8 ہرا دھنیا ایک گٹھی 9 ہری مرچیں تین سے چار عدد 10 کوکنگ آئل حسب ضرورت

تیار کرنے کی ترکیب

1 بھنڈیوں کو دھو کر کاغذ پر پھیلا کر خشک کر لیں اور اس کے سرے اور ڈنٹھل کاٹ کر ان میں چیرا لگا لیں۔ 2 پیاز کو باریک کاٹ کر رکھ لیں۔ 3 کیری کو چھیل کر چھوٹے ٹکڑے کر لیں اور اس میں لہسن، زیرہ باریک کٹا ہوا ہرا دھنیا اور ناریل ملا لیں۔ 4 ایک سائیاں کا چھینٹا دیتے ہوئے ان مصالحوں کی پٹھی بھر لیں۔ 5 کڑاہی میں کوکنگ آئل کو گرم کر کے بھنڈیوں کو سنہری فرائی کر کے نکال لیں۔ 6 پھر کڑاہی میں تین سے چار کھانے کے چمچ کوکنگ آئل ڈال کر اس میں پیاز کو ہلکا سنہرا فرائی کر لیں، اور اس میں تیار کی ہوئی پٹھی اور نمک ڈال کر اچھی طرح بھونیں۔ 7 جب تیل علیحدہ ہونے لگے تو فرائی کی ہوئی بھنڈیاں ڈال کر ملائیں اور ڈھک کر تین سے چار منٹ دم پر رکھ کر اتار لیں۔ 8 گرم گرم تازہ چپاتیوں کے ساتھ سرو کریں۔

قصور' کنگن پور میں کتے کی شکایت پر ریسکیو ٹیم کا آپریشن

قصور (بیورو رپورٹ) کنگن پور میں کتے کی شکایت پر ریسکیو ٹیم کا آپریشن۔ تفصیل کے مطابق کنگن پور میں کتے کی شکایت پر ریسکیو ٹیم کا آپریشن کیا گیا۔ ریسکیو ٹیم نے کتے کو پکڑ کر محفوظ مقام پر منتقل کر دیا۔ ریسکیو ٹیم کے مطابق شہری کتے کی شکایت کے لئے ریسکیو 1122 پر رابطہ کریں۔

آپریشن 'غضب للحق' امجد فاروق امجد کا پاک فوج کو خراج تحسین

عوامی تحفظ اور ملک کے معاشی مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے دہشت گردی کا خاتمہ ناگزیر ہے

پاک فوج کے آفیسرز اور جوان اپنے خون سے پاکستان کی آبیاری کر رہے ہیں: میڈیا سے گفتگو

لاہور (کامرس رپورٹر) پاکستان فٹبرک نٹ ویئر ایسوسی ایشن کے بانی صدر امجد فاروق امجد نے کامیاب آپریشن 'غضب للحق' پر افواج پاکستان کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ افغانستان میں موجود دہشت گردوں کی پناہ گاہوں اور ان کے نیٹ ورکس کو نشانہ بنانے والی یہ اٹیلی جنس پر مبنی عسکری مہم امن کی بحالی، معصوم شہریوں کے تحفظ اور ملک کے معاشی مستقبل کو محفوظ بنانے کیلئے ایک انتہائی اہم قدم ہے، افغانستان کی جانب سے دہشت گردی کی بڑھتی ہوئی لہر نے ملکی امن و امان کو شدید نقصان پہنچایا ہے، جس کے تدارک کیلئے ایک فیصلہ کن کارروائی وقت کی اہم ترین ضرورت تھی، پاک فوج کے آفیسرز اور جوان اپنے خون سے پاکستان کی آبیاری کر رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز میڈیا کے نمائندوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ پاکستان فٹبرک نٹ ویئر ایسوسی ایشن کے بانی صدر، افواج پاکستان لوزر کونسل کے بانی چیئرمین اور سابق ممبر کنٹونمنٹ بورڈ شورکوٹ کینٹ امجد فاروق امجد نے کہا کہ دہشت گردی کے خوفناک سائے میں کوئی بھی قوم نہ تو معاشی ترقی کو برقرار رکھ سکتی ہے اور نہ ہی کاروباری سرگرمیوں کیلئے سازگار ماحول پروان چڑھ سکتا ہے، آپریشن غضب للحق کے تحت کیے گئے فیصلہ کن اقدامات محض ملکی دفاع کا معاملہ نہیں ہیں بلکہ یہ ہماری معاشی بقا کیلئے بھی ناگزیر ہیں، ملکی تاجر برادری ان خطرات کے جڑ سے خاتمے کے مشن میں اپنی سکیورٹی فورسز کے شانہ بشانہ کھڑی ہے۔ امجد فاروق امجد نے کہا کہ علاقائی تجارت اور تجارتی روابط کے فروغ کیلئے ایک محفوظ اور پرامن سرحد بنیادی شرط ہے، آپریشن غضب للحق کے تحت عسکریت پسندوں کے نیٹ ورکس کا منظم خاتمہ نہ صرف پاکستان کی قومی خودمختاری کا تحفظ کرے گا بلکہ ایک مستحکم اور سرمایہ کاری کیلئے بھی انتہائی سازگار ماحول کی بنیاد بھی رکھے گا۔

موثر پالیسی سازی سے قالینوں کی صنعت دوبارہ ملکی معیشت میں نمایاں کردار ادا کر سکتی ہے' اعجاز الرحمٰن

سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر برانڈ کی موجودگی مضبوط کی جائے' چیئرمین سی ٹی آئی کی میڈیا چیمبرز، برآمد کنندگان سے گفتگو

لاہور (آئی این پی) کارپٹ ٹریننگ انسٹی ٹیوٹ کے چیئرمین اعجاز الرحمٰن نے کہا ہے کہ پاکستان کے ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت کو عالمی مارکیٹ میں اپنی جگہ برقرار رکھنے کیلئے بدلتے رجحانات کے مطابق مربوط حکمت عملی پر کام کرنا ہوگا، اس وقت صنعت کو اپنی بقاء کا سامنا ہے اس لئے سب کو سر جوڑ کر بیٹھنا ہوگا اور حکومت بھی کھلے دل سے معاونت کا اعلان کرے۔ اپنے دفتر میں میڈیا چیمبرز اور برآمد کنندگان کے وفد سے ملاقات میں گفتگو کرتے ہوئے چیئرمین سی ٹی آئی اعجاز الرحمٰن نے کہا کہ نئے ڈیزائنز کی تیاری پر زیادہ سے زیادہ توجہ مرکوز کی جائے، ایسے ڈیزائنز متعارف کرائے جائیں جو یورپی اور امریکی مارکیٹ میں مقبول ہو سکیں، ماحول دوست اور قدرتی رنگوں کے استعمال کو فروغ دیا جائے، ہر قالین کے ساتھ اس کی کہانی پیش کی جائے تاکہ خریدار کو مصنوعات سے جذباتی وابستگی ہو، بین الاقوامی معیار کے سرٹیفکیشن حاصل کیے جائیں تاکہ غیر ملکی خریداروں کے اعتماد میں اضافہ ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ ٹاپ باقاعدہ ویب سائٹ اور ای کامرس اسٹور قائم کیا جائے، سوشل میڈیا پلیٹ فارمز پر برانڈ کی موجودگی مضبوط کی جائے، عالمی ٹی ٹوئی پلیٹ فارمز پر علی بابا پر تصدیق شدہ سپلائر کے طور پر رجسٹریشن کروائی جائے، پروفیشنل فوٹوگرافی اور ویڈیو کانٹینٹ کے ذریعے مصنوعات کو اجاگر کیا جائے، آن لائن اشتہارات اور سرچ انجن آپٹیمائزیشن پر سرمایہ کاری کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت موثر پالیسی سازی کرے اور صنعتکار جدید تقاضوں کے مطابق حکمت عملی اپنائیں تو ہاتھ سے بنے قالینوں کی صنعت دوبارہ ملکی معیشت میں نمایاں کردار ادا کر سکتی ہے۔ انہوں نے زور دیا کہ یہ صنعت نہ صرف زرمبادلہ کمانے کا بڑا ذریعہ ہے بلکہ دیہی علاقوں میں لاکھوں خاندانوں کے روزگار سے بھی جڑی ہوئی ہے جس کے تحفظ کے لیے فوری اقدامات ناگزیر ہیں۔

پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں' حاجی محمد شبیر مغل

افغانیوں کی پچاس سالہ مہمان نوازی کا صلہ جنگ کی صورت میں ملنا افسوسناک ہے

قصور (بیورو رپورٹ) افغان جنگ کے تناظر میں پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑے ہیں، دہشت گردی کی ہر صورت مذمت کرتے ہیں: حاجی محمد شبیر مغل۔ افغانیوں کی پچاس سالہ مہمان نوازی کا صلہ جنگ کی صورت میں ملنا افسوسناک ہے، ضلعی امن کمیٹی کے رکن کی صحافیوں سے گفتگو۔ ممبر ضلعی امن کمیٹی حاجی محمد شبیر مغل نے کہا ہے کہ موجودہ حالات میں پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے اور ہر قسم کی دہشت گردی کی پُرزور مذمت کرتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں امن و امان کا قیام اولین ترجیح ہے اور اس مقصد کے لیے تمام مکاتب فکر کو متحد ہونا ہوگا۔ صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے حاجی محمد شبیر مغل کا کہنا تھا کہ خطے میں جاری کشیدگی اور افغان جنگ کے اثرات پاکستان پر بھی مرتب ہو رہے ہیں۔ انہوں نے افسوس کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ افغانیوں کی پچاس سالہ مہمان نوازی کا صلہ پاکستان کو جنگ اور بدامنی کی صورت میں دیا جا رہا ہے، جو نہایت تشویشناک امر ہے۔ انہوں نے واضح کیا کہ پاکستان نے ہمیشہ برادر اسلامی ملک افغانستان کے عوام کا ہر مشکل وقت میں ساتھ دیا، انہیں پناہ دی اور ہر ممکن تعاون فراہم کیا، تاہم اس کے باوجود پاکستان کو د

بقیہ 1

بھرپور مہم کا حکم دیدیا۔اس سلسلے میں پنجاب میں پہلی مرتبہ اسلحہ نمائش اور ناجائز استعمال کے سدباب کے لیے جامع ایکٹ تیار کرلیا گیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے جامع ایکٹ کے ڈرافٹ کی منظوری دیدی۔نئے ایکٹ میں ہر قسم کے ناجائز اسلحہ کے خاتمے کی شقیں شامل کی گئی ہیں۔انٹیک اسلحہ گھر میں آویزاں کرنے کے لئے بھی خصوصی اجازت نامہ درکار ہوگا۔نئے ایکٹ کے نفاذ کے بعد ناجائز اسلحہ سی سی ڈی کو جمع کرانا ہوگا جبکہ لائسنس یافتہ اسلحہ بردار شہری کو بھی اسلحہ رکھنے کی معقول وجہ بیان کرنا ہوگی۔مقررہ مدت میں ناجائز اسلحہ جمع نہ کرانے پر سخت سزائیں تجویز کی گئی ہیں۔

بقیہ 2

تحت اہم اقدامات نافذ کردیئے گئے ہیں۔اس ضمن میں باضابطہ نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے۔سپیکر ملک محمد احمد خاں نے وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف اور وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی کفایت شعاری مہم کے تحت اقدامات کیے۔سپیکر ملک محمد احمد خاں نے اپنی تنخواہ، سرکاری پیٹرول سمیت تمام سرکاری مراعات ترک کرنے کا اعلان کر دیا ۔نوٹیفکیشن کے مطابق اراکین پنجاب اسمبلی کی تنخواہوں اور الاؤنسز میں آئندہ دو ماہ کے لیے 25 فیصد کمی کی جائے گی۔اسی طرح سرکاری وسائل کے مؤثر استعمال کے لیے پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ کی 70 فیصد سرکاری گاڑیاں بند رکھی جائیں گی جبکہ صرف 30 فیصد گاڑیاں دفتری امور کے لیے استعمال کی جائیں گی۔ مزید برآں پروٹوکول گاڑیوں کے اسکواڈ کے استعمال پر مکمل پابندی عائد کردی گئی ۔توانائی کے مؤثر استعمال کے پیش نظر پنجاب اسمبلی اور قائمہ کمیٹیوں کے اجلاس غروب آفتاب سے قبل منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا۔اگر کسی ناگزیر صورتحال میں اجلاس منعقد کرنا ضروری ہو تو انہیں ورچوئل یا آن لائن پلیٹ فارمز کے ذریعے منعقد کیا جائے گا۔اس کے علاوہ قائمہ کمیٹیوں کے اجلاسوں کی تعداد کو بھی کم سے کم سطح تک محدود رکھنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔انتظامی اقدامات کے تحت پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں جمعہ، ہفتہ اور اتوار کو دفاتر بند رہیں گے، تاہم اسمبلی اجلاس کے دنوں میں معمول کے مطابق کام جاری رہے گا۔دفتری اوقات کار کے حوالے سے نوٹیفکیشن میں بتایا گیا ہے کہ رمضان المبارک کے دوران صبح 9 بجے سے دوپہر 3 بجے تک جبکہ رمضان کے بعد صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک دفاتر کھلے رہیں گے۔توانائی کے تحفظ کے لیے بجلی کے استعمال میں 70 فیصد کمی کا ہدف مقرر کیا گیا ہے اور غیر ضروری لائٹس اور برقی آلات بند رکھنے کی ہدایت جاری کی گئی ہے۔اسی طرح پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں پیپرلیس ورکنگ اپنانے کا بھی فیصلہ کیا گیا ہے۔نوٹیفکیشن کے مطابق پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ میں تمام نئی خریداری فوری طور پر بند کردی گئی ہے جبکہ صرف ناگزیر روزمرہ ضروریات کے لیے محدود خریداری کی اجازت ہو گی۔مزید برآں جون 2026 تک نئی سرکاری گاڑیوں کی خریداری پر عائد پابندی کو سختی سے نافذ کرنے کی ہدایت بھی جاری کی گئی ہے۔اس کے علاوہ غیر ملکی وفود کے علاوہ سرکاری عشائیوں اور افطار ڈنرز کے انعقاد پر بھی پابندی عائد کردی گئی ہے۔پنجاب اسمبلی سیکرٹریٹ کے 80 فیصد عملے کو گھر سے ورچوئل ڈیوٹی سرانجام دینے کی ہدایت دی گئی ہے جبکہ ضرورت پڑنے پر ایسے ملازمین کو ایک گھنٹے کے نوٹس پر دفتر طلب کیا جاسکے گا۔گھر سے کام کرنے والے ملازمین کو آنریریا یا سیشن الاؤنس نہیں دیا جائے گا۔نوٹیفکیشن میں یہ بھی واضح کیا گیا ہے کہ اسمبلی سیشن کے دوران ضرورت کے مطابق ان اقدامات میں مناسب تبدیلی کی جاسکتی ہے۔

بقیہ 3

نے کہا ہے کہ صیہونیوں نے امریکی صدر ٹرمپ کو ایران سے جنگ کے لئے ٹریپ کرلیا، امریکہ کو ایران میں تیسری مرتبہ شکست کا سامنا ہے۔امریکہ جارحیت، بلا جواز جنگ مسلط کردینے کے باوجود ایران کا نظام مضبوط اور مستحکم ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے وہاڑی میں عوامی میگا افطار پروگرام سے خطاب ، میڈیا سے گفتگو اور سیاسی، بلدیاتی، سول سوسائٹی رہنماؤں کے پروگرام سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ رہبر آیت اللہ خامنہ ای کی شہادت کے بعد نئے رہبر آیت اللہ مجتبیٰ خامنہ ای کا انتخاب ایرانی نظامِ حکومت کی بڑی کامیابی ہے۔امریکہ اور اسرائیل کے خلاف ایران کی کامیابی مسلمانوں کی کامیابی اور جارحیت وظلم کی ناکامی ہوگی۔ٹرمپ کا بورڈ آف پیس منصوبہ فراڈ تھا، سارا دھوکہ بے نقاب ہوگیا۔مسلم ممالک نام نہاد بورڈ آف پیس سے الگ ہوجائیں اور مسلم دُنیا کے مفادات کے تحفظ کے ئے خود عالمِ اسلام متحد ہوجائے۔مشرقِ وسطیٰ اور دُنیا کے دیگر خطوں میں امریکی فوجی اڈے کسی اور نہیں مسلم ممالک کے خلاف بڑا خطرہ ہیں۔لیاقت بلوچ نے سوالات کے جواب میں کہا کہ دہشت گردی کے مراکز کے خلاف پاک فوج کی کارروائی سے پاکستان کو کامیابی ملی ہے، تاہم جنگ سے خطرات بڑھتے ہیں، سفارتی کوششیں اور مذاکرات ہی کشیدگی کو کم کرنے کا حل ہے۔اگر افغان طالبان قیادت مذاکرات اور تعلقات کو بحال کرنا چاہتے ہیں تو پاکستان چین، ترکی، قطر کی ثالثی کے چینل کو بحال کرکے پاک افغان تعلقات بحال کئے جائیں۔ خطہ میں استعماری قوتوں کے بڑھتے خطرات کے سدِ باب کے لئے پاکستان، ایران اور افغانستان کے مضبوط تعلقات ناگزیر ہیں۔لیاقت بلوچ نے کہا کہ عالمی منڈی میں تیل کی قیمتیں کم ہونے پر وزیراعظم شہباز شریف قیمتوں میں حالیہ اضافہ فوری طور پر واپس لیں، حکومت نے تیل کے کاروبار میں عوام کا خون نچوڑ لیا ہے۔کم قیمت پر خریدا گیا تیل ناجائز منافع خوری کے لئے مہنگے داموں بیچنا ریاستی ظلم کی بدترین مثال ہے۔آئی ایم ایف کی شرمناک شرائط پوری کرنے کے لئے حکومت عوام کا خون چوسنا بند کرے۔ اشیائے ضرورت اور اشیائے خورد ونوش کی پیداواری لاگت میں مسلسل اضافہ نے زراعت، صنعت، تجارت کو تباہ اور روزمرہ گھریلو اخراجات کو چلانا جان لیوا مشقت بنادیا گیا ہے۔ پنجاب حکومت کے دعوے نمائشی ہیں، پنجاب کے عوام بااختیار بلدیاتی نظام سے محروم، کسان وزراعت حکومتی غلط پالیسی کی وجہ سے تباہی سے دوچار ہیں۔سرکاری سکولوں کو اونے پونے داموں بیچا جارہا ہے۔ بے روزگار نوجوانوں کی تعداد میں خطرناک حد تک اضافہ اور منشیات کی لت میں مبتلا ہونے کا رجحان بڑھتا جارہا ہے۔

بقیہ 4

سرکاری اور نجی کالجز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ داخلہ لینے والے ہر طالبعلم کی بروقت رجسٹریشن یقینی بنائیں۔مقررہ مدت میں رجسٹریشن نہ کرنے پر فی طالبعلم 50 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔پی ایم ڈی سی کے مطابق مختص نشستوں سے زائد داخلوں کی صورت میں ادارے سے ہر طالبعلم کی 100 فیصد فیس وصول کی جائے گی جبکہ بے ضابطہ داخلوں پر بھی مکمل فیس لی جائے گی۔ضابطوں کی خلاف ورزی کرنے والے اداروں کی آئندہ سال نشستیں بھی کم کی جاسکتی ہیں۔مراسلے میں مزید کہا گیا ہے کہ گریجویشن رپورٹ تاخیر سے جمع کرانے پر 75 ہزار روپے فی طالبعلم جرمانہ ہوگا جبکہ سالانہ امتحانی نتائج تاخیر سے رپورٹ کرنے پر 30 ہزار روپے فی طالبعلم جرمانہ مقرر کیا گیا ہے۔پی ایم ڈی سی کے مطابق میرٹ اور داخلہ فہرست تاخیر سے جاری کرنے پر 5 لاکھ روپے جرمانہ اور یومیہ 50 ہزار روپے اضافی جرمانہ عائد ہوگا۔تین مرتبہ خلاف ورزی کرنے والے اداروں کو کونسل کی گرے لسٹ میں شامل کیا جائے گا۔

بقیہ 5

زرعی سائنس دانوں نے وطن واپسی کے بعد اپنے ساتھی محققین اور ماہرین کو جدید معلومات اور طریقہ کار منتقل کرنا شروع کردیے ہیں، یہ اقدام وزیراعظم کے چین لیجسٹی بلڈنگ پروگرام کے اگلے مرحلے کا حصہ ہے جس کا مقصد پاکستان کے زرعی شعبے کو جدید بنانا ہے۔گوادر پرو کے مطابق تحقیقی اداروں اور جامعات میں واپس آنے والے ماہرین نے علمی نشستوں، بریفنگز اور تکنیکی مباحثوں کا انعقاد شروع کر دیا ہے تاکہ چین کی معروف جامعات اور اداروں میں چھ ماہ کی سخت تربیت کے دوران سیکھے گئے طریقوں اور ٹیکنالوجی کو دوسروں تک منتقل کیا جا سکے۔گوادر پرو کے مطابق اسی سلسلے میں منگل ایوب ایگریکلچر ریسرچ انسٹیٹیوٹ (AARI) فیصل آباد میں ایک علمی نشست منعقد ہوئی جس میں چین سے واپس آنے والے تقریباً ایک درجن سائنس دانوں نے اپنی تربیت کے تجربات اور تحقیقی مشاہدات ساتھی محققین، طلبہ اور انٹرنز کے ساتھ شیئر کیے۔پنجاب کے ڈائریکٹر جنرل زرعی تحقیق ڈاکٹر ساجد الرحمن نے کہا چین میں تربیت حاصل کرنے والے سائنس دان جدید زرعی تحقیق اور ٹیکنالوجی کے حوالے سے قیمتی مہارت کے ساتھ واپس آئے ہیں۔اب ہماری توجہ اس علم کو دوسرے محققین، طلبہ اور فیلڈ ماہرین تک منتقل کرنے پر ہے تاکہ پاکستان کے زرعی شعبے کو فائدہ پہنچ سکے۔رپورٹ کے مطابق واپس آنے والے شرکاء نے کہا کہ اس تربیت نے انہیں جدید لیبارٹریوں، جدید زرعی ٹیکنالوجیز اور اختراعی تحقیقی طریقوں سے روشناس کرایا جو پاکستان میں پیداوار سے متعلق اہم مسائل حل کرنے میں مددگار ثابت ہوسکتے ہیں۔رپورٹ کے مطابق پروگرام میں شریک سائنٹیفک آفیسر راحیل شہزاد نے کہا چین میں ہمیں جدید ترین تحقیق اور زرعی ٹیکنالوجی کے عملی استعمال کو قریب سے دیکھنے کا موقع ملا، اب ہماری ذمہ داری ہے کہ ان طریقوں کو اپنے ساتھی سائنس دانوں کے ساتھ شیئر کریں اور انہیں پاکستانی کسانوں کیلئے عملی حل میں تبدیل کریں محققین نے بتایا کہ چین میں زرعی ٹیکنالوجی کے ساتھ ڈیٹا پر مبنی زراعت پر خاص زور دیا جاتا ہے۔رپورٹ کے مطابق ایک اور شریک وجیہہ خان نے کہا پریسیژن ایگریکلچر، اسمارٹ فارمنگ ٹیکنالوجیز اور مشترکہ تحقیق تربیت کے اہم پہلو تھے، ہم اب ان طریقوں کو مقامی حالات کے مطابق ڈھالنے اور اپنے ساتھیوں اور نوجوان محققین تک پہنچانے پر کام کررہے ہیں۔گوادر پرو کے مطابق ویٹ ریسرچ انسٹیٹیوٹ (WRI) فیصل آباد کے چیف سائنٹسٹ ڈاکٹر جاوید احمد نے کہا کہ بین الاقوامی تربیت یافتہ سائنس دانوں کی واپسی پاکستان میں زرعی تحقیق کو مضبوط بنانے میں اہم کردار ادا کرے گی۔رپورٹ کے مطابق انہوں نے کہا کہ ایسے تربیتی پروگراموں کی اصل کامیابی علم کی منتقلی میں ہے۔ جب یہ سائنس دان اپنا تجربہ اور تکنیک دوسروں تک پہنچاتے ہیں تو اس سے پورے تحقیقی نظام کو فائدہ ہوتا ہے۔رپورٹ کے مطابق وزیراعظم کے چین میں ایک ہزار زرعی گریجویٹس کی صلاحیت سازی کے اقدام کے تحت پاکستانی ماہرین کو چین کی اعلیٰ جامعات اور اداروں میں جدید زرعی ٹیکنالوجی اور تحقیقاتی طریقے سیکھنے کے لیے بھیجا گیا تھا۔رپورٹ کے مطابق اب تک 885 ماہرین، جن میں 648 مرد اور 237 خواتین شامل ہیں، تربیت مکمل کر کے پاکستان واپس آچکے ہیں اور اب ''ماسٹر ٹرینرز'' کے طور پر سیمینارز، ادارہ جاتی بریفنگز اور فیلڈ سرگرمیوں کے ذریعے اپنی مہارت دوسروں تک منتقل کررہے ہیں۔رپورٹ کے مطابق اس ٹریننگ میں پاکستان کی جدید زرعی کے لیے اہم نو ترجیحی شعبوں کا احاطہ کیا گیا، جن میں زرعی مشینری، کپاس اور ہائبرڈ چاول جیسی فصلوں کی اسپیڈ بریڈنگ، زرعی ڈرون، آٹی او ٹی اور مصنوعی ذہانت کا استعمال، جدید سیڈ ٹیکنالوجی، مویشیوں کی بیماریوں کی نگرانی اور جینومکس پر مبنی افزائش، جھینگا فارمنگ، اعلیٰ کارکردگی کے آبپاشی نظام، اور پھلوں وسبزیوں کی پراسیسنگ میں ویلیو ایڈیشن شامل ہیں۔

بقیہ 6

کی تجاویز پنجاب کابینہ کو ارسال کی گئی ہیں تاکہ ذخیرہ اندوزی اور منافع خوری کے خلاف کارروائی کے لیے نئے انتظامی ڈھانچے کو نافذ کیا جاسکے۔یہ اقدامات پرائس کنٹرول میکانزم کو جدید خطوط پر استوار کرنے، مختلف اداروں کے درمیان رابطہ اور کوآرڈینیشن بہتر بنانے اور مارکیٹ مانیٹرنگ و پرائس چیکنگ کے نظام کو مزید فعال بنانے کے لیے کیے جارہے ہیں۔پنجاب حکومت نے کہا کہ عوام کو ریلیف دینے اور گرانفروشی کے خاتمے کے ساتھ ساتھ اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں استحکام لانے کے لیے پرائس کنٹرول نظام کی ازسرنو تشکیل ناگزیر ہے۔اصلاحات کے نفاذ سے مارکیٹ میں شفافیت بڑھے گی اور قیمتوں کے استحکام کو یقینی بنایا جاسکے گا۔

بقیہ 7

کیا۔وزیرِ خارجہ اسحاق ڈار نے کویت کی قیادت اور عوام کے ساتھ پاکستان کے یکجہتی کے جذبات کا اعادہ کیا اور خطے میں امن واستحکام کیلئے فوری بات چیت اور کشیدگی کم کرنے کی ضرورت پر زور دیا۔اس موقع پر انہوں نے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل میں زیرِ غور امور پر بھی تبادلہ خیال کیا اور تاریخی تعلقات کو فروغ دینے کا اعادہ کیا۔اس سے قبل وزیر خارجہ اسحاق ڈار نے بحرین کے وزیر خارجہ عبد اللطیف بن راشد الزیانی سے ٹیلی فون پر بات کی تھی۔دوران دونوں رہنماؤں نے مشرق وسطیٰ اور وسیع خطے کی حالیہ صورتحال پر تبادلہ خیال کیا اور بحرین میں حالیہ حملوں سمیت دیگر واقعات پر گہری تشویش کا اظہار کیا۔

بقیہ 8

کا حکم دیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے تمام جلوس ومجالس کے حفاظتی اقدامات کی مانیٹرنگ کی ہدایت کی اور پولیس افسران کو جلوس ومجالس کی تکمیل تک نگرانی جاری رکھنے کا حکم دیا۔وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے مساجد میں معتکفین کی سکیورٹی کے لئے بھی خصوصی اقدامات کی ہدایت کی۔

بقیہ 9

حوالے سے کئی اہم فیصلوں کی منظوری دی گئی۔اجلاس کے دوران لاہور-سیالکوٹ موٹروے کو دولین سے بڑھا کر تین لین کرنے کے منصوبے پر کام شروع کرنے کا باقاعدہ فیصلہ کیا گیا۔اسی طرح وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے سیالکوٹ-کھاریاں اور اسلام آباد موٹروے کی تعمیر میں تیزی لانے کی بھی ہدایات جاری کیں اور اس امر کی تصدیق کی کہ یہ راستے بھی تین رویہ ''ڈبل کیریج ویز'' کے طور پر تیار کیے جائیں گے۔وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے نئے پالیسی معیار پر زور دیتے ہوئے کہا کہ مستقبل میں کوئی بھی موٹروے منصوبہ ہر طرف تین لین مجموعی طور پر چھ لین سے کم پر تعمیر نہیں کیا جائے گا۔انہوں نے واضح کیا کہ انفراسٹرکچر کی منصوبہ بندی صرف موجودہ نہیں بلکہ ملک کی مستقبل کی سفری ضروریات کو مدنظر رکھ کر کی جانی چاہیے۔وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے این ایچ اے کو مزید ہدایت کی کہ فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن کے اشتراک سے سیالکوٹ-راولپنڈی موٹروے پر کام کو تیز کیا جائے۔انہوں نے اس امر پر زور دیا کہ اس اہم لنک کی تکمیل سے ایم-2 پر ٹریفک کا بوجھ نمایاں طور پر کم ہوگا اور لاہور اور اسلام آباد کے درمیان سفر کے تجربے میں زبردست بہتری آئیگی اور براہ راست راستہ فراہم کرنے سے دونوں بڑے شہروں کے درمیان فاصلہ تقریباً 100 کلومیٹر کم ہوجائے گا جس سے مسافروں کی کم از کم ایک گھنٹہ وقت کی بچت ہوگی۔مذہبی سیاحت کے فروغ کے لیے اجلاس میں کرتار پور اور ننکانہ صاحب کو براہ راست موٹروے نیٹ ورک سے منسلک کرنے کے منصوبوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ان نئی شاہراہوں پر بھی تین لین اور عالمی معیار کی حفاظتی باڑ لگائی جائے گی تاکہ زائرین کے لیے محفوظ اور تیز رفتار آمدورفت کو یقینی بنایا جاسکے۔مذہبی سیاحت کے معاشی امکانات کو اجاگر کرتے ہوئے وفاقی وزیر مواصلات عبدالعلیم خان نے کہا کہ ان اقدامات سے یورپ، شمالی امریکہ اور دیگر ممالک سے سکھ برادری کی بڑی تعداد میں آمد کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ان زائرین کی سہولت کے لیے حکومت ان مقدس مقامات کے قریب 3، 4 اور 5 سٹار ہوٹلوں کے ساتھ ساتھ جدید شاپنگ مالز کی تعمیر کا ارادہ رکھتی ہے۔وفاقی وزیر نے نشاندہی کی کہ ایسا انفراسٹرکچر "ہاسپیٹیلٹی" کے شعبے میں غیر ملکی سرمایہ کاری کے لیے بڑا موقع فراہم کرتا ہے۔وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے این ایچ اے حکام کو ہدایت کی کہ وہ بین الاقوامی سرمایہ کاروں کو راغب کرنے کے لیے برطانیہ، کینیڈا، ریاستہائے متحدہ امریکہ اور یورپ میں انویسٹمنٹ روڈ شوز منعقد کرے۔انہوں نے کہا کہ بہترین مواصلاتی ڈھانچے اور عالمی معیار کی سہولیات کے امتزاج سے پاکستان عالمی برادری کے سامنے اپنا سافٹ امیج مؤثر طریقے سے پیش کرسکے گا۔

بقیہ 10

کارروائیاں بھارتی پراکسی افغان طالبان اور فتنہ الخوارج کو بھاگنے پر مجبور کررہی ہیں، آپریشن غضب للحق جاری ہے اور اپنے اہداف کے حصول تک جاری رہے گا

بقیہ 11

قوم کو متحد ہونے کی ضرورت ہے، نوجوان ملک کا اثاثہ ہیں اور بلاول بھٹو زرداری نوجوان لیڈر ہیں، آئندہ الیکشن میں بلاول بھٹو کو عوامی مینڈیٹ سے ملک کا وزیراعظم بنانا ہے۔پی ایم ایل (ن) یوتھ ونگ چکوال کے مستعفی عہدیداران کا پیپلزپارٹی کی قیادت پر اعتماد کا اظہار خوش آئند ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے گورنر ائیکسی راولپنڈی میں پاکستان مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ چکوال کے مستعفی عہدیداران اور اسلام آباد راولپنڈی کی مختلف یونیورسٹیوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ کے وفد سے ملاقات کے دوران گفتگو کرتے ہوئے کیا۔گورنر پنجاب نے مسلم لیگ (ن) یوتھ ونگ کے مستعفی ہونے والے عہدیداروں کو خوش آمدید کہا اور پیپلزپارٹی میں شمولیت پر مبارکباد دی۔گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے کہا کہ پاکستان پیپلزپارٹی کسان، تاجر، مزدور اور پسے ہوئے طبقے کی جماعت ہے۔پیپلزپارٹی نے عوام کے حقوق وانصاف کی بالادستی کے لئے ہر فورم پر آواز بلند کی ہے اور ہمیشہ کرتی رہے گی۔گورنر پنجاب نے کہا کہ خطے کی موجودہ جنگی صورتحال پر قوم کو اتحاد کی ضرورت ہے۔انہوں نے کہا کہ پیپلزپارٹی اپنے کارکن اور ورکرز کو ہر قسم کا تحفظ فراہم کرتی ہے۔حکمران جماعت کے کارکنوں کی پیپلزپارٹی میں شمولیت اختیار کرنا پیپلزپارٹی کی مقبولیت کا ثبوت ہے۔ہم سب نے مل کر آئندہ الیکشن میں بلاول بھٹو کو عوامی مینڈیٹ سے وزیراعظم پاکستان بنانا ہے۔انہوں نے کہا کہ پیپلزپارٹی میں نئے شامل ہونے والے رہنماں نے موجودہ قیادت بلاول بھٹو زرداری اور صدر آصف علی زرداری پر مکمل اعتماد کا اظہار کیا۔گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان نے مختلف یونیورسٹیوں سے تعلق رکھنے والے طلبہ کے وفد سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نوجوان طلبا ہمارے ملک کا اثاثہ ہیں اور بلاول بھٹو بھی نوجوان لیڈر ہیں۔انہوں نے کہا کہ بلاول بھٹو زرداری میں ایسی قائدانہ صلاحیتیں موجود ہیں جو ملک کو آگے لے کرجاسکتے ہیں۔گورنر پنجاب نے مزید کہا کہ اگر نوجوانوں کی قیادت مخلص اور باصلاحیت ہو تو طلبا کی آواز ایوانوں تک ضرور پہنچتی ہے۔انہوں نے کہا کہ نوجوان نہ صرف اپنے حقوق کے لیے آواز بلند کررہے ہیں بلکہ ملک کی سیاست میں مثبت کردار ادا کرنے کے لیے آگے بڑھ رہے ہیں۔

بقیہ 12

نہیں ہوا، کسی نے ٹرسٹی کو کہا ہو کہ آپ اونرشپ لیں۔ہائیکورٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو میں بیرسٹر گوہر نے کہا کہ چیف جسٹس کی عدالت میں القادر کیس کی اپیل اور ضمانت کا کیس سماعت کے لیے مقرر تھا۔انہوں نے کہا کہ القادر وہ کیس ہے، جس میں بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ بشریٰ بی بی کو سزا ہوئی ہے، تاریخ میں ایسا کبھی نہیں ہوا کسی نے ٹرسٹی کو کہا ہو کہ آپ اونرشپ لیں۔چیئرمین پی ٹی آئی نے کہا کہ ایک ٹرسٹی کی کیا اونرشپ ہے، بانی پی ٹی آئی اور ان کی اہلیہ نے کیا لیا ہے؟ 35 دن کے بجائے آج ایک سال کے بعد بھی کیس نہیں لگا، بانی پی ٹی آئی کو ضمانت ملنی چاہیے تھی۔

بقیہ 13

صرف سرحدوں تک محدود نہیں رہیں بلکہ ڈیجیٹل دنیا میں بھی لڑی جارہی ہیں، اس لیے پاکستان کو اپنے سائبر نظام کو محفوظ اور مضبوط بنانا ہوگا تاکہ قومی سلامتی، معیشت اور ریاستی اداروں کو ممکنہ خطرات سے بچایا جاسکے۔ان خیالات کا اظہار قومی سائبر سکیورٹی کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔کانفرنس میں سائبر سکیورٹی ماہرین اور طلباء ؁ وطالبات نے شرکت کی، گورنر خیبر پختونخوا نے اس اہم موضوع پر کانفرنس کے انعقاد پر جنگ میڈیا گروپ کے کردار کو سراہا اور کہا کہ ٹیکنالوجی کی تیز رفتار ترقی کے ساتھ ساتھ سکیورٹی کے چیلنجز بھی بڑھ رہے ہیں جن سے نمٹنے کے لیے جامع حکمت عملی اور مشترکہ کوششیں ناگزیر ہیں۔انہوں نے کہا کہ آج معلومات، ڈیٹا اور سائبر سسٹمز کسی بھی ملک کی معیشت، حکمرانی اور سلامتی کے بنیادی ستون بن چکے ہیں، اگر ان نظاموں کو محفوظ نہ بنایا جائے تو نہ صرف معیشت بلکہ ریاستی ادارے اور قومی سلامتی بھی شدید خطرات سے دوچار ہو سکتے ہیں، فیصل کریم کنڈی نے کہا کہ پاکستان کی نوجوان نسل ملک کا سب سے بڑا سرمایہ ہے اور خیبر پختونخوا کے نوجوان بھی ٹیکنالوجی کے میدان میں نمایاں صلاحیتوں کے حامل ہیں۔اگر انہیں جدید ٹیکنالوجی اور سائبر سیکیورٹی کے شعبوں میں تعلیم اور تربیت فراہم کی جائے تو نہ صرف ملک کے ڈیجیٹل نظام کو محفوظ بنایا جاسکتا ہے بلکہ عالمی سطح پر بھی پاکستان کو اہم مقام دلایا جاسکتا ہے۔ گورنر نے کہا کہ پاکستان ڈیجیٹل تبدیلی کے عمل کا حصہ ہے اور ملک کے نوجوان آئی ٹی اور ٹیکنالوجی کے شعبے میں بے پناہ صلاحیت رکھتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ضروری ہے کہ ملک کے سائبر انفراسٹرکچر کو جدید تقاضوں کے مطابق محفوظ بنایا جائے تاکہ ڈیجیٹل معیشت کو فروغ دیا جاسکے۔انہوں نے کہا کہ اس نوعیت کی کانفرنسیں اور سیمینارز انتہائی اہمیت کے حامل ہوتے ہیں کیونکہ ان سے ماہرین کو ایک پلیٹ فارم ملتا ہے جہاں نئی سوچ، تحقیق اور حل تلاش کرنے کے مواقع میسر آتے ہیں۔ گورنر نے امید ظاہر کی کہ اس کانفرنس سے سامنے آنے والی تجاویز اور سفارشات پاکستان میں سائبر سیکیورٹی کے نظام کو مزید مضبوط بنانے میں مددگار ثابت ہوں گی۔

بقیہ 14

حکومت، سٹیٹ بینک اور بینکاری شعبے کے درمیان قریبی رابطہ ضروری ہے۔وزیرخزانہ نے یہ بات بدھ کو یہاں پاکستان بینکس ایسوسی ایشن (پی بی اے) کے ساتھ ورچوئل میٹنگ میں کہی جس میں مالیاتی استحکام اور خدمات کے تسلسل پر زور دیا گیا ہے۔اجلاس میں پی بی اے کے چیئرمین ظفر مسعود کے علاوہ ملک کے نمایاں بینکوں کے صدور اور سینئر قیادت نے شرکت کی۔اجلاس میں خطے میں جاری صورتحال کے تناظر میں بدلتی ہوئی معاشی و مالیاتی صورتحال اور مالیاتی استحکام کو یقینی بنانے کے لیے حکومت، سٹیٹ بینک اور بینکاری شعبے کے درمیان قریبی رابطے کی اہمیت پر تبادلہ خیال کیا گیا تاکہ مالیاتی خدمات کے بلاتعطل تسلسل کو برقرار رکھا جاسکے۔وزیرخزانہ نے شرکاء کو موجودہ صورتحال کی حکومتی سطح پر جاری نگرانی اور اس کے ممکنہ معاشی اثرات کا جائزہ لینے کیلئے کیے جانے والے اقدامات سے آگاہ کیا۔انہوں نے بتایا کہ حکومت نے اہم اقتصادی وزارتوں اور متعلقہ اداروں پر مشتمل ایک اعلیٰ سطح کا رابطہ کا طریقہ کار قائم کیا ہے، جو صورتحال کا مسلسل جائزہ لے رہا ہے، اس فورم میں عالمی منڈیوں میں ہونے والی پیشرفت خصوصاً سپلائی چینز اور توانائی کی منڈیوں سے متعلق تبدیلیوں کا تفصیلی جائزہ لیا جارہا ہے اور ان کے اہم معاشی اشاریوں پر ممکنہ اثرات کا اندازہ بھی لگایا جارہا ہے۔وزیرخزانہ نے بتایا کہ حکومت باقاعدگی سے مختلف ممکنہ منظرناموں کا تجزیہ کررہی ہے تاکہ مہنگائی، بیرونی کھاتوں اور مجموعی معاشی استحکام پر ممکنہ اثرات کا جائزہ لیا جاسکے۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ حکام کی توجہ ضروری اشیاء کی بلاتعطل فراہمی اور کلی معیشیت کے استحکام کو برقرار رکھنے پر مرکوز ہے جبکہ بدلتی صورتحال کے مطابق بروقت اور محتاط ردعمل دیا جارہا ہے۔انہوں نے کہا کہ حکومت ملک کے معاشی مفادات کے تحفظ کے لیے متعلقہ اور بین الاقوامی شراکت داروں کے ساتھ بھی رابطے میں ہے۔وزیرخزانہ نے غیریقینی صورتحال کے ادوار میں معیشت کے اہم شعبوں کے ساتھ مربوط فیصلوں اور قریبی رابطے کی اہمیت کو اجاگر کیا۔

بقیہ 15

8 پروازیں منسوخ ہوگئیں۔منسوخ پروازوں میں ایمریٹس اتحاد ایئر، گلف، ایئرعربیہ پی آئی اے، ایئربلیو، قطرایئرویز سمیت دیگر ملکی اور غیرملکی ایئرلائنز شامل ہیں۔پاکستان سے 12 روز کے دوران خلیجی ممالک کی منسوخ پروازوں کی تعداد 1308 ہوگئی، مشرق وسطیٰ میں جنگی صورتحال کے پیش نظر پی او اے ای، قطر، ایران، کویت اور بحرین میں فضائی حدود بند ہیں۔حکام کے مطابق فضائی حدود بندش سے 28 فروری سے ہزاروں کی تعداد میں پاکستانی پھنسے ہوئے ہیں، اس وقت دوحہ، دبئی ابوظہبی، شارجہ، بحرین سمیت دیگر ایئرپورٹس سے ریلیف پروازوں کی مشروط اجازت دی جارہی ہے۔دوسری جانب فیصل آباد ایئرپورٹ پر دبئی، شارجہ، راس الخیمہ سمیت دیگر ایئرپورٹس کی بین الاقوامی پروازوں کا آپریشن معمول پر آگیا۔

بقیہ 16

کی۔ملاقات میں پارٹی تنظیموں کی کارکردگی اور خالی عہدے عید تک پر کرنے پر بھی اتفاق کیا گیا۔اس موقع پر راجہ پرویز اشرف نے کہا کہ تنظیموں میں نوجوان سرگرم اور فعال کارکنوں کو آگے لایا جائے، پارٹی تنظیموں کے نئے عہدیداروں پر اب بھاری زمہ داری عائد ہوتی ہے۔

بقیہ 17

اضافے کا نوٹیفکیشن جاری نہیں ہوا، عوام اوگرا کی مقرر کردہ قیمتوں پر عملدرآمد یقینی بنائیں۔ترجمان اوگرا نے کہا کہ زائد قیمت وصول کرنے کی شکایت متعلقہ ضلعی انتظامیہ کو دی جائے، ایل پی جی مارکیٹ میں صارفین کے مفادات کے تحفظ کے لیے اقدامات جاری ہیں۔

بقیہ 18

شہادت کے وقت بھی انہوں نے نماز کو ترجیح دی، جوان کی اعلیٰ اخلاقی اور روحانی شخصیت کا عکاس ہے۔وزیر اطلاعات نے بتایا کہ یوم علی کے موقع پر صوبے بھر میں سکیورٹی کے فول پروف انتظامات کیے گئے ہیں۔نکالے گئے جلوس اور مجالس عزا کی سکیورٹی کو یقینی بنانے کے لئے پنجاب پولیس کے افسران اور اہلکار مکمل چاق و چوبند ہیں اور احسن طریقے سے اپنے فرائض سرانجام دے رہے ہیں تاکہ عزاداروں کو ہر قسم کے خطرے سے محفوظ رکھا جاسکے۔عظمیٰ بخاری نے کہا کہ تمام جلوس نماز مغرب سے قبل اختتام پذیر ہوں گے اور عوام سے اپیل ہے کہ وہ امن وامان قائم رکھنے میں پولیس اور انتظامیہ کے ساتھ تعاون کریں۔انہوں نے یقین دلایا کہ حکومت پنجاب اور سیکیورٹی ادارے ہر ممکن اقدامات کے ذریعے عوام کے تحفظ اور امن وامان کو یقینی بنانے میں مکمل طور پر متحرک ہیں۔

بقیہ 19

اسسٹنٹ ایڈووکیٹ جنرل فلک شیر بخش گل نے سی ڈی افسران کی جانب سے رپورٹ عدالت میں پیش کی۔پنجاب حکومت کے لا افسر نے عدالت کو بتایا کہ ایک شادی کی تقریب کے دوران ہونے والے دو افراد کے قتل کے مقدمے میں چار افراد اشتہاری ہیں۔ عدالت نے استفسار کیا کہ درخواست گزار خاتون کے کون سے رشتہ دار اس مقدمے میں ملوث ہیں۔اس پر سرکاری وکیل نے بتایا کہ خاتون کا نواسا، دو برادر نسبتی اور ایک بیٹا مقدمے میں نامزد ہیں اور ان پر دو افراد کے قتل کا الز

انسانی ہمدردی اور انصاف کے تقاضوں کو مدنظر رکھتے ہوئے پراپرٹی کی حقیقی مارکیٹ ویلیو کے مطابق معاوضہ فراہم کیا جائے، متاثرہ تاجروں کی وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز سے اپیل

جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں مہنگائی بے قابو، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس مہنگائی کنٹرول کرنیمیں بری طرح ناکام

گوشت، چینی اور دیگر اشیائے خوردونوش غریب عوام کی پہنچ سے باہر، شہریوں کا وزیراعلیٰ پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ

جہلم (بیورو رپورٹ) جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں مہنگائی بے قابو، پرائس کنٹرول مجسٹریٹس مہنگائی کنٹرول کرنیمیں بری طرح ناکام گوشت، چینی اور دیگر اشیائے خوردونوش غریب عوام کی پہنچ سے باہر، شہریوں کا وزیراعلیٰ پنجاب سے نوٹس لینے کا مطالبہ تفصیلات کے مطابق جہلم شہر سمیت ضلع بھر میں مہنگائی نے غریب طبقہ سے تعلق رکھنے والے افراد کی زندگیاں اجیرن بنادی ہیں جبکہ پرائس کنٹرول مجسٹریٹس مکمل طور پر ناکام دکھائی دیتے ہیں انتظامیہ کی جانب سے مہنگائی پر قابو پانے کے بلند وبانگ دعوے تو کیے جاتے ہیں لیکن عملی طور پر شہر اور گلی محلوں کیبازاروں میں دکاندار اور قصاب من مانے نرخ وصول کر رہے ہیں شہر سمیت دیگر قصبوں کے بازاروں میں چھوٹا بڑا گوشت عام آدمی کی پہنچ سے باہر ہوتا جارہا ہے۔ مقامی مارکیٹوں میں بکرے کا گوشت 22 سو سے 24 سو روپے فی کلو جبکہ بڑا گوشت 12 سے 14 روپے فی کلو تک فروخت کیا جارہا ہے۔ شہریوں کا کہنا ہے کہ قصابوں نے اپنی مرضی کے ریٹ مقرر کر رکھے ہیں اور سرکاری نرخ ناموں پر عملدرآمد کہیں نظر نہیں ہوتا مہنگائی کے اس دور میں غریب اور متوسط طبقے کے لیے روزمرہ استعمال کی بنیادی اشیا خریدنا بھی مشکل ہو چکا ہے۔ گھی، تیل، آٹا، دالیں، سبزیاں پھل فروٹ اور دیگر ضروری اشیا کی قیمتوں میں بھی مسلسل اضافہ ہو رہا ہے جس کی وجہ سے شہریوں کا گھریلو بجٹ بری طرح متاثر ہو رہا ہے۔ دیہی علاقوں میں چینی کی قیمتیں بھی آسمان کو چھو رہی ہیں اور کئی جگہوں پر چینی سرکاری نرخوں سے کئی گنا زیادہ قیمت پر فروخت کی جارہی ہے شہریوں نے یہ بھی شکایت کی ہے کہ بازاروں میں غیر معیاری اور ملاوٹ شدہ اشیا کی فروخت میں غیر معمولی اضافہ ہوا ہے جس کے باعث لوگ معدے، جگر اور دیگر بیماریوں کا شکار ہو رہے ہیں۔ متعلقہ محکموں کی جانب سے چیکنگ کا نظام انتہائی کمزور ہے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی زیادہ تر کارروائیاں صرف کاغذی اور فوٹو سیشن تک محدود نظر آتی ہیں مقامی شہریوں اور تاجروں کے مطابق انتظامیہ کی طرف سے مہنگائی کے خلاف کارروائیوں کے بیشمار بلند وبانگ دعوے کیے جاتے رہے ہیں مگر عملی طور پر صورتحال بالکل مختلف ہے۔ بازاروں میں سرکاری نرخ نامے آویزاں تو کیے جاتے ہیں مگر ان پر کہیں عملدرآمد ہوتا دکھائی نہیں دیتا شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر پرائس کنٹرول میکانزم موثر بنایا جائے اور بلاتفریق سخت کارروائیاں کی جائیں تو قیمتوں میں واضح کمی ممکن ہے عوامی سماجی حلقوں نے، وزیراعلیٰ پنجاب، چیف سیکرٹری پنجاب سیکرٹری زراعت ڈپٹی کمشنر، سے پرزور مطالبہ کیا ہے کہ موجودہ صورتحال کا نوٹس لیں اور مہنگائی کو کنٹرول کرنے کے لیے موثر اقدامات کریں۔ شہریوں نے مطالبہ کیا کہ قصابوں اور دکانداروں کی باقاعدہ چیکنگ کی جائے، سرکاری نرخ ناموں پر سختی سے عملدرآمد کرایا جائے اور ملاوٹ شدہ وغیر معیاری اشیا فروخت کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائیاں عمل میں لائی جائیں تاکہ عوام کو ریلیف مل سکے شہریوں کا کہنا ہے کہ اگر فوری اقدامات نہ کیے گئے تو مہنگائی کا یہ طوفان غریب عوام کے لیے مزید مشکلات پیدا کردے گا اور عام آدمی کے لیے بنیادی ضروریات زندگی کا حصول بھی ناممکن ہوجائے۔

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کا بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز میں لائیوای۔ کچہری سیشن کا انعقاد

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کی زیرصدارت ایک گھنٹے پر مشتمل لائیوای۔ کچہری کا انعقاد کیا گیا

چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کی زیرصدارت ایک گھنٹے پر مشتمل لائیوای۔ کچہری سیشن کا انعقاد

بینظیر تعلیمی وظائف اور بینظیر نشوونما پروگرام دونوں کے وظائف میں بھی پانچ پانچ سو روپے کا اضافہ کیا گیا

اسلام آباد (سٹاف رپورٹر) رمضان المبارک میں بینفشریز کیلئے خوشخبری؛ آج سے بینظیر کفالت کی سہ ماہی قسط جاری کردی گئی ہے؛ سہ ماہی قسط میں 1000 روپے کا اضافہ؛ اب مستحق خواتین کو 13500 روپے کی بجائے 14500 روپے ادا کئے جائیں گے؛ بینظیر تعلیمی وظائف اور نشوونما کے وظائف میں بھی 500 روپے کا اضافہ؛ خواتین اپنی رقم پوری گن کر وصول کریں؛ کٹوتی کی صورت میں فوری شکایات کریں، سخت کارروائی کی جائے گی؛ جن خواتین نے ابھی تک ڈیجیٹل والٹ کیلئے مفت سم حاصل نہیں کی وہ قریبی بی آئی ایس پی دفتر سے اپنی مفت سم حاصل کریں؛ آئندہ تمام ادائیگیاں انہی سمز کے ذریعے کی جائیں گی؛ رجسٹریشن سمیت بی آئی ایس پی کی تمام سروسز بالکل مفت ہیں؛ 8171 بی آئی ایس پی کا واحد سرکاری نمبر ہے، اس کے علاوہ کسی دوسرے نمبر سے موصول ہونے والا پیغام جعلی ہے اس کی شکایت کریں: سینیٹر روبینہ خالد کا ای۔ کچہری سیشن کے دوران پیغام چیئرپرسن بینظیر انکم سپورٹ پروگرام سینیٹر روبینہ خالد کی زیرصدارت آج بی آئی ایس پی ہیڈ کوارٹرز اسلام آباد میں ایک گھنٹے پر مشتمل لائیو ای۔ کچہری کا انعقاد کیا گیا۔ اس ای۔ کچہری کا مقصد عوامی مسائل کو براہ راست سننا اور ان کے فوری اور موثر حل کو یقینی بنانا تھا۔ اس موقع پر بی آئی ایس پی کے ڈائریکٹر جنرلز اور متعلقہ افسران بھی موجود تھے۔ لائیو ای۔ کچہری کے دوران ملک بھر سے 36 کالرز نے چیئرپرسن بی آئی ایس پی سے براہ راست رابطہ کیا اور اپنے مسائل پیش کیے۔ چیئرپرسن نے تمام شکایات کو بغور سنا اور متعلقہ حکام کو ہدایات جاری کیں کہ عوامی مسائل کے حل میں کسی قسم کی کوتاہی برداشت نہیں کی جائے گی اور تمام شکایات کو مقررہ وقت کے اندر حل کیا جائے گا۔ سینیٹر روبینہ خالد نے ای۔ کچہری کے دوران کالرز کو رمضان کی مبارکباد دیتے ہوئے بتایا کہ یہ بات یاد رکھی جائے کہ بینظیر کفالت پروگرام کی سہ ماہی قسط میں ایک ہزار روپے اضافہ کردیا گیا ہے۔ اب مستحق خواتین کو 13,500 روپے کی بجائے 14,500 روپے ادا کیے جائیں گے اور اس سہ ماہی قسط کی ادائیگی آج سے شروع ہوچکی ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ بینظیر تعلیمی وظائف اور بینظیر نشوونما پروگرام دونوں کے وظائف میں بھی پانچ پانچ سو روپے کا اضافہ کیا گیا ہے۔

حکومتِ پنجاب کے اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے صوبے بھر کے تمام سرکاری ونجی تعلیمی اداروں کے حوالے سے اہم فیصلہ جاری کردیا

مری (بیورو رپورٹ) حکومتِ پنجاب کے اسکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے صوبے بھر کے تمام سرکاری ونجی تعلیمی اداروں کے حوالے سے اہم فیصلہ جاری کردیا ہے۔ جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق پنجاب بھر میں تمام پبلک اور پرائیویٹ اسکول 10 مارچ 2026 سے 31 مارچ 2026 تک بند رہیں گے۔ اس دوران صرف بورڈ کے امتحانات شیڈول کے مطابق جاری رہیں گے۔ نوٹیفکیشن کے مطابق تعلیمی سلسلہ جاری رکھنے کیلئے اسکول انتظامیہ کو آن لائن کلاسز جاری رکھنے کی اجازت بھی دی گئی ہے۔ حکومتِ پنجاب نے تمام متعلقہ افسران اور ضلعی تعلیمی حکام کو اس فیصلے پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔

مری پولیس کی بروقت کارروائی، لاپتہ دوطالبعلم بحفاظت بازیاب

مری (بیورو رپورٹ) مری پولیس کی بروقت کارروائی، لاپتہ دوطالبعلم بحفاظت بازیاب، تھانہ مری میں شہری کی جانب سے اطلاع دی گئی کہ اس کا بیٹا جوائے پی ایس مری میں آٹھویں جماعت کا طالبعلم ہے اور اس کا ایک دوست جوسنی بینک کا رہائشی ہے، گھر سے نکلنے کے بعد لاپتہ ہو گئے ہیں۔ اطلاع ملتے ہی مری پولیس نے فوری ایف آئی آر کا اندراج کرتے ہوئے تلاش شروع کی۔ ایس ایچ او تھانہ مری اویس اکرم کی قیادت میں پولیس نے بروقت اقدامات کرتے ہوئے دونوں لاپتہ لڑکوں کو ٹریس کر کے بحفاظت بازیاب کرلیا اور ضروری قانونی کارروائی کے بعد انہیں ان کے والدین اور ثنا کے حوالے کر دیا۔ مری پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ اور عوام کی خدمت کے لیے ہمہ وقت متحرک ہے۔

انصاف منارٹیز ونگ کی جانب سے اسلام آباد کلب میں افطار ڈنر کا اہتمام

قومی اسمبلی کے قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی اور انصاف منارٹیز ونگ کے مرکزی رہنماوں نے شرکت کی

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) انصاف منارٹیز ونگ کی جانب سے اسلام آباد کلب میں افطار ڈنر کا اہتمام کیا گیا جس میں قومی اسمبلی کے قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی، چیئرمین پی ٹی آئی بیرسٹر گوہر کے علاوہ پی ٹی آئی کے ارکان قومی اسمبلی و سینیٹ، پارٹی کے مرکزی رہنماوں، صحافیوں دانشوروں اور انصاف منارٹیز ونگ کے مرکزی رہنماوں نے شرکت کی۔ افطار ڈنر سے خطاب کرتے ہوئے پی ٹی آئی کے چیئرمین بیرسٹر گوہر نے کہا کہ بین المذاہب ہم آہنگی کی جتنی ضرورت آج ہے اتنی کبھی نہیں تھی۔ پاکستان کے آئین میں اقلیت کا لفظ نہیں لکھا ہوا، اس لیئے میں اپنی پارٹی کے دوستوں کو کہتا ہوں کہ وہ نان مسلم کو اقلیتیں نہ کہا کریں۔ وہ ہمارے ہمارے بھائی ہیں، اور برابر کے شہری ہیں۔ قائد حزب اختلاف محمود خان اچکزئی نے کہا کہ پاکستان میں تمام شہری برابر کے شہری ہیں۔ اکثریت اور اقلیت کی تفریق اچھی بات نہیں۔

پٹرولیم مصنوعات میں ہوشربا اضافے کے ساتھ ہی مہنگائی کے طوفان نے عوا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا

ماہ رمضان المبارک میں تمام اشیا خورد ونوش کی قیمتوں میں من مانا اضافہ کر دیا گیا

مری (بیورو رپورٹ) پٹرولیم مصنوعات میں ہوشربا اضافے کے ساتھ ہی مہنگائی کے طوفان نے عوا کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ماہ رمضان المبارک میں تمام اشیا خورد ونوش کی قیمتوں میں من مانا اضافہ کر دیا گیا ہے پنجاب حکومت نے اس ماہ رمضان المبارک میں اشیا خورد ونوش کی قیمتوں میں نمایاں کمی کو برقرار رکھا ہوا تھا جس سے غریب عوام سستی سبزی، آٹا، چینی، چاول، آئل، وغیرہ باآسانی خرید رہے تھے لیکن ملکی صورتحال میں حکومت کا عوام پر پیٹرول بم گرانے سے مہنگائی کی نئی لہر نے لوگوں کا جینا دوبھر کر دیا گیا چاول آٹا دالیں ڈالڈ چینی پتی دودھ سبزیاں اور پھلوں کی قیمتوں میں ہوش ربا اضافے نے رمضان المبارک میں سحری افطاری بنانا مشکل بنادیا ہے حکومت کی جانب سے پیٹرول اور ڈیزل کی قیمتیں بڑھنے سے گاڑیوں کے کرایوں میں بھی اضافہ ہوگیا ہے عوامی حلقوں نے وزیراعلیٰ پنجاب، دیگر ذمہ داران اور ڈپٹی کمشنر مری سے فوری سخت کارروائی کا مطالبہ کیا ہے

ڈھائی ماہ قبل فائرنگ کرکے جاں بحق ہونے والے مقتول کے ورثاء نے قاتلوں کی گرفتاری کے لیے مورو پریس کلب میں احتجاج کیا

شائستہ، مرک، اریشہ، زویا، محمد سلیم، اویس، شبیر، غلام حسین، ساحل، شہزاد، سہیل، راشد، اسرار، رنواز، علی رضا مستوئی اور دیگر نے کی

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) ڈھائی ماہ قبل فائرنگ کرکے جاں بحق ہونے والے مقتول کے ورثاء نے قاتلوں کی گرفتاری کے لیے مورو پریس کلب میں احتجاج کیا۔ جس کی قیادت متوفی کی زوجہ مسمات ملوکاں، شائستہ، مرک، اریشہ، زویا، محمد سلیم، اویس، شبیر، غلام حسین، ساحل، شہزاد، سہیل، راشد، اسرار، رنواز، علی رضا مستوئی اور دیگر نے کی۔ جہاں ان کا کہنا تھا کہ ڈھائی ماہ قبل ہمارے پور ہریت عبدالخالق مستوئی کو ظالم ڈکیتوں نے گولیاں مار کر قتل کر دیا تھا، جس کا مقدمہ درج کر کے دو ملزمان کو گرفتار کرلیا گیا ہے، باقی ایک ملزم اور سہولتکار کی شناخت یا گرفتاری نہیں ہوسکی ہے، جنہیں جلد انصاف کے کٹہرے میں لایا جائے۔ ان کا مزید کہنا تھا کہ ہمارا واحد کمانے والا تھا جس کے ذریعے گھر کا چرخہ چلتا تھا اور ہم گھر کے 18 افراد کا پیٹ پالتے تھے۔ ان کی شہادت کے بعد گھر کی چولہا خالی ہے۔ کسی کو سہارے کے بغیر نہیں چھوڑا جاتا۔ اس کی بیوی اور بیٹی نابینا ہیں۔ انہوں نے وزیر داخلہ ضیاء الحسن لنجار، آئی جی سندھ پولیس، ڈی آئی جی شہید بینظیر آباد، ایس ایس پی نوشہرو فیروز میر روحل خان کھوسو اور ڈی ایس پی مورو ڈاکٹر فائزہ سوڈھر سمیت دیگر حکام سے مطالبہ کیا کہ وہ اس معاملے کا نوٹس لیں اور مقتول کے قتل کے ذمہ داروں اور سہولت کاروں کو کیفر کردار تک پہنچایا جائے اور عبدالخالق مستوئی کو سخت سے سخت سزا دی جائے ورنہ ہم خود کو آگ لگالیں گے۔

ڈی ایس پی میڈم ڈاکٹر فائزہ سوڈھر جو کہ ابھی مورو آئی ہیں نے تھانہ مورو کے ایس ایچ او امتیاز علی کھاورڑ کے ہمراہ شاہی بازار مورو کا دورہ کیا

ایگزیکٹو ممبر سونارو محمد خان میمن سے ملاقات کی اور مورو شہر کے مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) ڈی ایس پی میڈم ڈاکٹر فائزہ سوڈھر جو کہ ابھی مورو آئی ہیں نے تھانہ مورو کے ایس ایچ او امتیاز علی کھاورڑ کے ہمراہ شاہی بازار مورو کا دورہ کیا۔ جہاں وہ مزمل جیولرز شاپ پہنچی اور مورو شہر کے رہنما، سماجی کارکن اور آل پاکستان صرافہ جنمر اینڈ جیولرز ایسوسی ایشن کے ایگزیکٹو ممبر سونارو محمد خان میمن سے ملاقات کی اور مورو شہر کے مسائل پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ سونارو محمد خان میمن نے ڈی ایس پی مورو میڈم ڈاکٹر فائزہ سوڈھر کو یقین دلایا کہ مورو شہر کے امن وامان، مورو کے شہریوں کے تحفظ اور تحفظ کے لیے ہمارا تعاون ہمیشہ آپ کے ساتھ رہے گا۔ سونارو محمد خان میمن نے سندھ کی روایات کو برقرار رکھتے ہوئے ڈی ایس پی مورو میڈم ڈاکٹر فائزہ سوڈھر کا پرتپاک استقبال کیا اور انہیں سندھ کی ثقافت کی علامت پھولوں کا گلدستہ پیش کیا۔ اس موقع پر مورو کے شہری رہنما سیٹھ بدرالدین میمن، امیر بخش سرہیو، محمد صادق میمن، صحافی غلام دستگیر پپو ماچھی اور دیگر بھی موجود تھے۔

تحصیل مورو کے گاؤں پرانہ جتوئی میں افسوسناک واقعہ پیش آیا

سیدھی فائرنگ کے نتیجے میں دھنی بخش مشوری اور اصغر مشوری نامی دو افراد جاں بحق ہوگئے

مورو۔ (رپورٹ: سندھی الطاف سومرو) تحصیل مورو کے گاؤں پرانہ جتوئی میں افسوسناک واقعہ پیش آیا۔ نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے دو بھائی دھنی بخش مشوری اور اصغر مشوری جاں بحق ہوگئے۔ تحصیل مورو کے گاؤں پرانہ جتوئی کے رہائشی دو بھائی دھنی بخش مشوری اور اصغر مشوری عدالت جارہے تھے کہ نامعلوم مسلح افراد نے ان پر فائرنگ کردی۔ سیدھی فائرنگ کے نتیجے میں دھنی بخش مشوری اور اصغر مشوری نامی دو افراد جاں بحق ہوگئے۔ یہ خبر سنتے ہی علاقے میں خوف کی لہر دوڑ گئی اور متوفی دھنی بخش مشوری اور اصغر مشوری کے گھر میں کہرام مچ گیا۔ فائرنگ سے جاں بحق ہونے والے دونوں مقتولین دھنی بخش مشوری اور اصغر مشوری کو تعلقہ ہسپتال مورو پہنچایا گیا، جہاں ضروری کارروائی کے بعد مقتولین کی لاشیں ورثاء کے حوالے کردی گئیں۔ واقعہ کی وجہ پرانی دشمنی بتائی جاتی ہے۔

پاکستان کرکٹ بحران کا شکار: اصلاحات کا مطالبہ

تحریر: انجینئر بخت سید یوسفزئی۔ قلمِ حق

پاکستانی کرکٹ ایک بار پھر شدید تنقید اور بحث کی زد میں آگئی ہے۔ بنگلہ دیش کے خلاف پہلے ون ڈے میچ میں پاکستانی بیٹنگ لائن کی مکمل ناکامی نے شائقین کرکٹ کو سخت مایوس کر دیا ہے۔ اس مایوس کن کارکردگی کے بعد سابق کپتان محمد حفیظ نے بھی سخت ردعمل دیتے ہوئے ٹیم کی کارکردگی پر کھل کر تنقید کی ہے اور اس شکست کو قومی کرکٹ کے لیے ایک لمحہ فکریہ قرار دیا ہے۔ بنگلہ دیش کے خلاف پہلے ون ڈے میں پاکستانی بیٹنگ بری طرح لڑکھڑا گئی اور پوری ٹیم صرف 114 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی۔ یہ اسکور کسی بھی بین الاقوامی ٹیم کے لیے انتہائی کم سمجھا جاتا ہے، خصوصاً اس وقت جب ٹیم میں تجربہ کار اور باصلاحیت بلے باز موجود ہوں۔ اس ناقص کارکردگی نے شائقین اور ماہرین دونوں کو حیران اور پریشان کر دیا ہے۔ اس صورتحال پر ردعمل دیتے ہوئے محمد حفیظ نے سخت الفاظ استعمال کرتے ہوئے کہا کہ ایسی کارکردگی پر محض پچاس لاکھ روپے جرمانہ لگانا بالکل ناکافی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ اگر واقعی کھلاڑیوں کو اپنی ذمہ داری کا احساس دلانا ہے تو پچاس کروڑ روپے جرمانہ ہونا چاہیے تاکہ مستقبل میں ایسی غفلت اور ناقص کارکردگی کو برداشت نہ کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ بنگلہ دیش جیسی ٹیم کے خلاف صرف 114 رنز بنانا کسی بھی طرح قابل قبول نہیں۔ پاکستان جیسی بڑی کرکٹ ٹیم سے شائقین کی توقعات ہمیشہ زیادہ ہوتی ہیں، لیکن جب ٹیم اس قدر کمزور کارکردگی دکھائے تو یہ نہ صرف مایوسی بلکہ شرمندگی کا باعث بھی بنتی ہے۔ انہوں نے حیرت کا اظہار کرتے ہوئے سوال اٹھایا کہ کیا بنگلہ دیش کی ٹیم میں شین وارن، مرلی دھرن یا اجنتھا مینڈس جیسے عالمی معیار کے اسپنرز موجود تھے کہ پاکستانی بلے باز اس قدر بے بس نظر آئے اور دو سو رنز کا ہندسہ بھی عبور نہ کر سکے۔ ان کے مطابق یہ شکست محض ایک میچ کی ناکامی نہیں بلکہ ایک طویل عرصے سے جاری کمزور منصوبہ بندی اور غلط فیصلوں کا نتیجہ ہے۔ اگر ٹیم کی بنیاد مضبوط نہ ہو اور کھلاڑیوں کو درست طریقے سے تیار نہ کیا جائے تو میدان میں نتائج بھی مایوس کن ہی سامنے آتے ہیں۔ محمد حفیظ کا کہنا تھا کہ جب قومی ٹیم کو صرف چند فرسٹ کلاس میچوں کی بنیاد پر منتخب کیا جائے گا تو پھر ایسے نتائج پر حیران ہونے کی ضرورت نہیں رہتی۔ قومی ٹیم میں شامل ہونے کے لیے کھلاڑیوں کو مسلسل کارکردگی دکھانا پڑتی ہے، لیکن اگر معیار کم کر دیا جائے تو ٹیم کی مجموعی طاقت بھی متاثر ہوتی ہے۔ ٹیم کے انتخاب میں تسلسل اور واضح حکمت عملی کا فقدان بھی ایک بڑی وجہ بن چکا ہے۔ ہر سیریز کے بعد ٹیم میں بار بار تبدیلیاں کرنا کسی مضبوط ٹیم کی نشانی نہیں بلکہ عدم استحکام کی علامت ہوتا ہے۔ اسی تناظر میں یہ سوال بھی زور پکڑ رہا ہے کہ جس کھلاڑی کی قومی ٹیم میں جگہ نہیں بنتی وہ ٹی ٹوئنٹی ٹیم کا کپتان ہے، جبکہ وہ کھلاڑی جنہیں ون ڈے ٹیم میں مستقل جگہ ملنی چاہیے انہیں ٹیم سے باہر رکھا جارہا ہے۔ کئی ماہرین کا خیال ہے کہ بابر اعظم، فخر زمان، سعود شکیل اور کامران غلام جیسے باصلاحیت کھلاڑیوں کو ون ڈے ٹیم میں مستقل جگہ ملنی چاہیے کیونکہ ان کی کارکردگی اور صلاحیت ٹیم کے لیے انتہائی اہم ثابت ہوسکتی ہے۔ ان کھلاڑیوں کی موجودگی بیٹنگ لائن کو مضبوط بنانے کے ساتھ ساتھ ٹیم کو اعتماد بھی فراہم کرسکتی ہے۔ مضبوط اور متوازن بیٹنگ لائن کسی بھی کامیاب ٹیم کی بنیادی ضرورت ہوتی ہے۔ کچھ حلقوں کی رائے ہے کہ ٹیم کے بعض بڑے ناموں کو بھی کارکردگی کی بنیاد پر آرام دینا چاہیے تاکہ نئے اور باصلاحیت کھلاڑیوں کو موقع مل سکے اور ٹیم میں حقیقی مقابلے کا ماحول پیدا ہو۔ شاہین آفریدی جیسے اہم پلیرز کو بھی بعض اوقات آرام دینا ٹیم کے مفاد میں ہوسکتا ہے۔ بین الاقوامی کرکٹ میں مسلسل کھیلنے سے کھلاڑیوں پر جسمانی اور ذہنی دباؤ بڑھ جاتا ہے، اس لیے حکمت عملی کے تحت ردوبدل کرنا کسی بھی پیشہ ور ٹیم کا معمول ہوتا ہے۔ کسی بھی قومی ٹیم کی کامیابی کا دارومدار صرف چند بڑے ناموں پر نہیں بلکہ ایک متوازن اور مضبوط نظام پر ہوتا ہے۔ اگر نظام میں شفافیت اور میرٹ کو بنیادی حیثیت نہ دی جائے تو ٹیم کی کارکردگی پر اس کے منفی اثرات لازمی مرتب ہوتے ہیں۔ اسی پس منظر میں پاکستان کرکٹ کے انتظامی ڈھانچے اور پالیسی سازی کے طریقہ کار پر بھی سنجیدہ سوالات اٹھائے جارہے ہیں۔ ماہرین کے مطابق فیصلوں میں تسلسل، شفافیت اور پیشہ ورانہ سوچ کا فقدان ٹیم کی مجموعی کارکردگی کو متاثر کر رہا ہے۔ اسی حوالے سے عاقب جاوید، مائیک ہیسن اور ثقلین مشتاق جیسے اہم عہدوں پر موجود افراد کے کردار پر بھی بحث جاری ہے، کیونکہ ٹیم کی پالیسیوں اور انتخابی عمل میں ان کی رائے کو بنیادی اہمیت حاصل ہوتی ہے۔ کرکٹ حلقوں میں یہ تاثر بھی پایا جاتا ہے کہ بعض اوقات ٹیم کے انتخاب میں سفارش یا ذاتی تعلقات کا عنصر شامل ہوجاتا ہے، جو کسی بھی پیشہ ور کھیل کے لیے انتہائی نقصان دہ ثابت ہوسکتا ہے۔ جب میرٹ کو پسِ پشت ڈال دیا جائے تو باصلاحیت اور محنتی کھلاڑیوں کے مواقع محدود ہو جاتے ہیں، جس کے نتیجے میں قومی ٹیم کی مجموعی طاقت اور معیار متاثر ہوتا ہے۔ ایسے حالات میں وہ کھلاڑی جو حقیقی معنوں میں صلاحیت رکھتے ہیں اکثر نظرانداز ہوجاتے ہیں اور انہیں اپنی قابلیت ثابت کرنے کے لیے مناسب مواقع میسر نہیں آتے۔ یہ صورتحال نہ صرف کھلاڑیوں کے حوصلے پست کرتی ہے بلکہ پاکستان کرکٹ کے مستقبل کے لیے بھی خطرے کی گھنٹی ثابت ہوسکتی ہے۔ قومی ٹیم دراصل ملک کی نمائندگی کرتی ہے اور اس کی کارکردگی براہِ راست قومی وقار اور ساکھ سے جڑی ہوتی ہے۔ جب ٹیم میدان میں ناقص کارکردگی دکھاتی ہے تو اس کا اثر صرف کھیل تک محدود نہیں رہتا بلکہ شائقین کے اعتماد اور نوجوان کھلاڑیوں کے حوصلے پر بھی پڑتا ہے۔ گزشتہ کئی برسوں سے پاکستان کرکٹ بورڈ کے اندر وہی چہرے مختلف عہدوں پر موجود ہیں، جس کی وجہ سے یہ سوال بار بار اٹھایا جاتا ہے کہ اگر نتائج بہتر نہیں آرہے تو پالیسیوں اور انتظامی ڈھانچے میں بنیادی تبدیلیاں کیوں نہیں کی جاتیں۔ کرکٹ ماہرین کے مطابق محض بیانات، جرمانوں اور وقتی اقدامات سے مسائل حل نہیں ہوں گے بلکہ ایک جامع اور طویل المدتی حکمت عملی اختیار کرنا ہوگی۔ اگر پاکستان کرکٹ کو واقعی دوبارہ عالمی سطح پر مضبوط مقام دلانا ہے تو ضروری ہے کہ نظام کو شفاف، پیشہ ورانہ اور مکمل طور پر میرٹ پر مبنی بنایا جائے۔ جب فیصلے قومی مفاد اور کارکردگی کی بنیاد پر کیے جائیں گے تو نہ صرف ٹیم کی کارکردگی بہتر ہوگی بلکہ شائقین کا اعتماد بھی بحال ہوسکے گا۔

شہید رحمین خان ایک نام ایک کردار ایک قربانی

23 ستمبر 2024 کو ضلع کرم کی سرزمین نے ایک ایسے بیٹے کو کھو دیا جو امن حوصلے اور خدمت کی علامت تھا

کرم) ڈسٹرکٹ رپورٹر)۔ شہید رحمین خان ایک نام ایک کردار ایک قربانی۔ 23 ستمبر 2024 کو ضلع کرم کی سرزمین نے ایک ایسے بیٹے کو کھو دیا جو امن حوصلے اور خدمت کی علامت تھا یہ بات ضلع کرم تحریک انصاف کی اہم نوجوان۔ علام نبی اورکزئی اور گل دار خان بنگش نے صحافی محمد خالق اورکزئی سے خصوصی بات کرتے ھوئ کہا کہ شہید رحمین خان پاکستان تحریک انصاف ضلع کرم کے انصاف یوتھ ونگ کے ضلعی صدر تھے لیکن ان کی اصل پہچان ان کا کردار، ان کی سادگی اور ان کی امن پسندی تھی ضلع کرم جیسے حساس علاقے میں جہاں معمولی چنگاری بھی بڑے فساد کا سبب بن سکتی ہے وہاں رحمین خان ہمیشہ لوگوں کو جوڑنے بھائی چارے کو فروغ دینے اور نفرت کی آگ کو ٹھنڈا کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ وہ ان نوجوانوں میں سے تھے جو اپنے علاقے کے بہتر مستقبل کا خواب دیکھتے تھے اور اس خواب کیلئے کھڑے بھی رہتے تھے 23 ستمبر کا دن صرف ایک تاریخ نہیں بلکہ ایک دردناک یاد ہے، جب فرقہ وارانہ کشیدگی کے دوران ایک امن پسند انسان ہم سے جدا ہو گیا۔ مگر حقیقت یہ ہے کہ شہید صرف جسمانی طور پر دنیا سے جاتا ہے، اس کا کردار، اس کی قربانی اور اس کی یاد ہمیشہ زندہ رہتی ہے رحمین خان کی شہادت ہمیں یہ پیغام دیتی ہے کہ نفرت اور تقسیم کسی مسئلے کا حل نہیں، بلکہ امن، اتحاد اور بھائی چارہ ہی وہ راستہ ہے جو ہمارے علاقے اور ہماری قوم کو مضبوط بنا سکتا ہے اللہ تعالیٰ شہید رحمین خان کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور ہمیں ان کے نقش قدم پر چلنے کی توفیق دے کیونکہ شہید وہ چراغ ہوتے ہیں جو خود بجھ کر بھی قوم کیلئے روشنی چھوڑ جاتے ہیں۔

ضلعی کانفرنس روم میں ضلع کرم کے تمام لائن محکموں کے افسران کے ساتھ ایک اجلاس منعقد ہوا

اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنرز اور ڈسٹرکٹ پلاننگ آفیسر بھی موجود تھے

کرم) محمد خالق اورکزئی سے)۔ ضلع کرم، پاراچنار: ڈپٹی کمشنر کرم اشفاق خان کے زیرِ صدارت ضلعی کانفرنس روم میں ضلع کرم کے تمام لائن محکموں کے افسران کے ساتھ ایک اجلاس منعقد ہوا۔ اس موقع پر اسسٹنٹ کمشنرز اور ڈسٹرکٹ پلاننگ آفیسر بھی موجود تھے۔ اجلاس میں ضلع کرم میں آئندہ دس سال کے لیے ترقیاتی سکیموں کے حوالے سے تمام لائن محکموں کے سربراہان کے ساتھ تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اور مختلف شعبوں میں ترقیاتی منصوبوں کی منصوبہ بندی اور عوامی ضروریات کو مدنظر رکھتے ہوئے لائحہ عمل پر بھی گفتگو ہوئی۔ ڈپٹی کمشنر کرم اشفاق خان نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے تمام محکموں کے سربراہان کو ہدایت کی کہ ترقیاتی سکیموں کی بہتر منصوبہ بندی کے لیے وی سی (ویلج کونسل) کی سطح پر نقشے تیار کر کے انکے مطابق لائحہ عمل تیار کریں۔ اور ہر محکمہ اپنی متعلقہ سکیموں کے حوالے سے جامع فیزیبیلٹی رپورٹس تیار کر کے تین دن کے اندر اندر ڈپٹی